## طبیب اور غیر طبیب کے لئے

معمولات مطب سلیمی اور صدری اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

# مجربات سلطانی

حصہ دوم

مصنفہ

زبدۃ الحکما حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

سند یافتہ مدرسہ طبیہ سلیمیہ لاہور مصنف کتب طبیہ متعددہ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

LIKE US ON facebook

Tibbi Books for Atiba Karam

# فہرست مضامین مجربات سلطانی حصہ دوم


مقدمہ
مجربات امراض سر
حافظہ کی اکسیری دوا
حریرہ مقوی دماغ
خمیرہ مقوی دماغ
معجون مقوی دماغ
دودھی مقوی دماغ
شربت مقوی دماغ
مفرح برائے مالیخولیا
معجون برائے مالیخولیا مراقی
عرق شیر برائے مالیخولیا مراقی
شربت گاؤزبان برائے مالیخولیا
طریقہ ماء الجبن علاج مالیخولیا
شربت گاؤزبان قدیم
مسہل مالیخولیا مراقی
گولیاں برائے درد سر
خمیرہ گاؤزبان عنبری
دوائے درد سر
کاغذی درد سر
پڑیہ صحت
برائے عصابہ
پاشویہ درد سر شقیقہ
دوائے سر شقیقہ
نطول درد سر صفراوی
نسوار درد شقیقہ
دوائے درد سر
صفراوی ودموی

97 درد سر دموی وعام درد سر
100 نکور درد سر بلغمی
100 سفوف درد شقیقہ
100 ضماد شقیقہ
100 ضماد درد سر بلغمی
101 سفوف درد سر بخاری
101 جوشاندہ درد سر بلغمی
101 حلوہ درد سر بلغمی
102 نسوار درد سر کہنہ
102 ضماد سہرا (بے خوابی)
102 سبات وگہری نیند
103 ام الصبیان
103 ضعف دماغ ومعدہ
103 مقوی دماغ ومعدہ
104 مقوی دماغ دافع گرمی
104 معجون صرع یعنی مرگی
104 دوار دموی وصفراوی
104 حریرہ برائے دوار حار
105 عرق فالج (ادھرنگ)
105 روغن فالج ادھرنگ)
105 حقنہ فالج وادھرنگ
106 تشنج یابس
106 معجون درد سر بارد وغیرہ
106 دوائے درد سر سردی
106 مالیخولیا مراقی
106 منضج سوداء ومالیخولیا مراقی
106 مسہل جنون ومالیخولیا

…تی دماغ
سفوف دافع نسیان
…ب برائے تنقیہ دماغ
…06 …دافع نزول
…07 …ب اکسیر مالیخولیا مراقی
…07 نسوار ام الصبیان
…07 نسوار صرع
…07 گولیاں برائے ام الصبیان خاص
…07 شربت گاؤزبان
…07 اکسیر لقوہ
…07 اکسیر سرسام نمبر1
…07 اکسیر سرسام نمبر2
…08 اکسیر سرسام نمبر3
…08 سفوف مصفی دماغ ودافع درد سر…
…08 کشتہ سم الفار اعلی برائے رعشہ
…08 کشتہ شنگرف برائے امراض اعص…
…08 اکسیر مرگی
…08 …رم دوا دافع سردی
…09 اکسیر فالج ولقوہ قوت باہ صندوقچہ
…09 مجربات امراض چشم
…09 روغن خوردنی اکسیر چشم
…09 اکسیر قروح قرنیہ
…10 …برائے جملہ امراض چشم
…10 …امراض چشم
…10 …دافع درد وگرے
…11 …پربال اطفال
…11 …برائے رد صندوقچہ
…11 …برائے آشوب چشم
…دافع پھولا

| | |
|---|---|
| …تی دماغ | 112 |
| …سفوف دافع نسیان | 112 |
| …ب برائے تنقیہ دماغ | 112 |
| …دافع نزول | 112 |
| …ب اکسیر مالیخولیا مراقی | 112 |
| …نسوار ام الصبیان | 113 |
| …نسوار صرع | 113 |
| …گولیاں برائے ام الصبیان خاص الخاص | 113 |
| …شربت گاؤزبان | 113 |
| …اکسیر لقوہ | 114 |
| …اکسیر سرسام نمبر1 | 114 |
| …اکسیر سرسام نمبر2 | 114 |
| …اکسیر سرسام نمبر3 | 114 |
| …سفوف مصفی دماغ ودافع درد سر ہر قسم | 114 |
| …کشتہ سم الفار اعلیٰ برائے رعشہ | 115 |
| …کشتہ شنگرف برائے امراض اعصابی | 115 |
| …اکسیر مرگی | 115 |
| …گرم دوا دافع سردی | 116 |
| …اکسیر فالج ولقوہ قوت باہ صندوقچہ | 116 |
| **…مجربات امراض چشم** | 117 |
| …روغن خوردنی اکسیر چشم | 117 |
| …اکسیر قروح قرنیہ | 117 |
| …سرمہ… برائے جملہ امراض چشم | 118 |
| …امراض چشم | 118 |
| …دافع درد و ککرے | 118 |
| …پربال اطفال | 119 |
| …چشم… برائے رد صندوقچہ | 119 |
| …وشن برائے آشوب چشم | 119 |
| …دافع پھولا | 119 |
| سرمہ صوفیانہ | 120 |
| **مجربات امراض گوش** | 120 |
| دوائے درد گوش نمبر1 | 120 |
| دوائے درد گوش نمبر2 | 120 |
| دوائے درد گوش نمبر3 | 121 |
| درد پھنسی۔ بہراپن وغیرہ کی دوا | 121 |
| اکسیر الاذن | |
| مجربات امراض بنی (ناک) | 121 |
| اکسیر نکسیر | 121 |
| نسوار دافع نکسیر | 122 |
| چھیچھڑا ناک | 122 |
| نسوار گرم دماغ نمبر1 | 122 |
| دوائے گرم دماغ نمبر2 | 122 |
| دوائے نکسیر | 123 |
| دوائے بواسیر الانف | 123 |
| **مجربات امراض دندان** | 123 |
| اکسیر درد داڑھ | 123 |
| منجن امراض دندان | 123 |
| منجن دندان دیگر | 124 |
| منجن برائے ملسخوره نمبر1 | 124 |
| منجن برائے ملسخوره نمبر2 | 125 |
| دوائے درد دانت مجرب نمبر1 | 125 |
| دوائے درد دانت مجرب نمبر2 | 125 |
| اکسیر درد داڑھ درد دانت | 125 |
| اکسیر درد دانت از کرم | 125 |
| دانتوں کو صاف کرنے والا منجن | 126 |
| غرغرہ برائے درد دندان | 126 |
| منجن دندان | 126 |


…طانی حصہ دوم


…سوی وعام درد سر
…سر بلغمی
…رد شقیقہ
…سر بلغمی
…درد سر بخاری
…درد سر بلغمی
…سر بلغمی
…رد سر کہنہ
…بے خوابی)
…کہری نیند
…ماغ ومعدہ
…اغ ومعدہ
…اغ دافع گرمی
…صرع یعنی مرگی
…سوی وصفراوی
…رائے دوار حار
…لج (ادھرنگ)
…ل فالج ادھرنگ)
…الج وادھرنگ
…یابس
…ی درد سر یاردو غیرہ
…ے درد سر دودی
…ولیا مراقی
…ج سوداء ومالیخولیا مراقی
…مل جنون ومالیخولیا

| | | |
|---|---|---|
| | 127 | دوائے کھانسی ضیق النفس |
| مجربات امراض حلق ودہن | 127 | دھونی برائے دمہ |
| اکسیر خناق ہر قسم | 127 | حب برائے کھانسی وخشک |
| دیگر برائے خناق بلغمی | 127 | کشتہ بارہ سنگا |
| برائے لکنت زبان | 127 | سفوف اکسیر اوجاع |
| دیگر برائے لکنت زبان | 127 | سفوف دردذات الجنب دیگر فصدے |
| حبوب برائے گرفتگی آواز نمبر1 و نمبر2 | 128 | درد کا آرام نہ ہو |
| سفوف دافع گلہڑ | 128 | مالش ذات الجنب وکھانسی |
| اکسیر قلاع (منہ آنا) | 128 | پلستر برائے ذات الجنب |
| دوائے قلاع اطفال | 128 | مسہل دافع ذات الجنب و برسام دردو / |
| دوائے ورم لوزتین (گلے پڑ جانا) | 128 | ضماد ذات الجنب |
| ورم لوزتین کا آسان نسخہ | 129 | مطبوخ دردذات الجنب وکھانسی |
| بحۃ الصوت | 129 | دردذات الجنب خصوصاً ریحی |
| غرغرہ برائے سقوط لہات از رطوبت دموی | 129 | نسخہ عجیب برائے نزلہ زکام بارو سوداوی |
| مجربات امراض سینہ وریہ | 129 | ذات الریہ طفل اکسیر ڈبہ یعنی ذات الریہ طفل |
| لال شربت | | |
| شربت مرکب برائے کھانسی | 130 | 140 |
| جوشاندہ کوکنار برائے نزلہ وغیرہ | 130 | سفوف برائے کھانسی |
| لعوق برائے دمہ کھانسی ہر قسم | 131 | حریرہ برائے سل بارد |
| تریاق نزلہ وزکام | 132 | چٹنی برائے سل |
| معجون برائے کھانسی وزکام | | دوائے ذات الریہ ورم ریہ |
| گولیاں زکام کی کھانسی | 132 | لعوق کوکنار برائے نزلہ |
| شربت زکام ونزلہ | 133 | اکسیر دق سل |
| قرص برائے کھانسی وسل ودق | 133 | لعوق ضیق النفس صفراوی |
| گولیاں برائے نزلہ کہنہ جدید | | مجربات امراض معدہ وامعاء ومقعد |
| گولیاں برائے کھانسی رطوبی | | |
| اکسیر کھانسی بلغمی وضیق النفس بلغمی | 134 | سفوف اکسیر ہاضم قبض کشا |
| جوشاندہ ضیق النفس حار | 134 | نمک سلیمانی مقوی معدہ ہاضم طعام |
| جوہر اکسیر دمہ | 134 | سفوف ہاضم شیریں |
| ضیق النفس بلغمی کا آسان نسخہ نمبر1۔ نمبر2 | 135 | عرق ہاضم دافع دردمعدہ وغیرہ |
| | 136 | معجون لبوب مقوی معدہ واعضاء رئیسہ |

شفا آب شفا
مسہل اکسیر شفا
سفوف ہاضم مجرب
ہاضم مجرب العجب
قبض کشاء دوائے قبض دا
ملین دافع بلغمی امراض
معجون ملین بارد
مسہل سفوف ملین
مسہل جامع الفوائد معجون قب
حب اکسیر معدہ
درد معدہ وضعف معدہ واعصاب
دوائے ورم معدہ چورن برائے ہا
حب اسہال سبز اطفال
اکسیر اسہال وپیچش
سفوف برائے اسہال وپیچش سفوف
سفوف اسہال وبدہضمی، سفوف ا
کشی اطفال
مرہم بواسیر خونی
گولیاں اکسیر بواسیر خونی وبادی نمبر
گولیاں اکسیر بواسیر خونی وبادی نمبر
گولیاں بواسیر خونی وبادی
شربت ریح بواسیر
بواسیر خونی وبادی کا مجرب نسخہ
کی خون بند کرنے کا نسخہ
تریاق ہیضہ
کا دوسرا نسخہ
ہیضہ
امراض قلب
المسک

| | |
|---|---|
| شفا آب شفا | 144 |
| مسل اکسیر شفا | 145 |
| حیات سفوف ہاضم مجرب | 146 |
| گولیاں ہاضم مجرب المجرب | 146 |
| گولیاں قبض کشاء دوائے قبض دائمی کہنہ | 147 |
| معجون ملین دافع بلغمی امراض | 148 |
| معجون ملین بارد | 148 |
| موسم گرما کا مسہل سفوف ملین | 149 |
| مسہل جامع الفوائد معجون قبض کشا | 149 |
| حب اکسیر معدہ | 150 |
| ضعف معدہ و اعصاب | 151 |
| دوائے ورم معدہ چورن برائے ہاضم وغیرہ | 151 |
| حب اسہال سبز اطفال | 151 |
| اکسیر اسہال و پیچش | 151 |
| سفوف برائے اسہال و پیچش سفوف اسہال | 152 |
| سفوف اسہال و بد ہضمی، سفوف اسہال | |
| اسہال اطفال | 153 |
| بواسیر خونی | 153 |
| گولیاں اکسیر بواسیر خونی و بادی نمبر1 | 153 |
| گولیاں اکسیر بواسیر خونی و بادی نمبر2 | 154 |
| گولیاں بواسیر خونی و بادی | 154 |
| شربت ریح بواسیر | 154 |
| بواسیر خونی و بادی کا مجرب نسخہ - سہ بواسیر | 154 |
| بواسیری خون بند کرنے کا نسخہ | 155 |
| گولیاں - تریاق ہیضہ | 155 |
| قے دائمی کا دوسرا نسخہ | 156 |
| ہیضہ | 156 |
| مجربات امراض قلب | 157 |
| المسک | 157 |
| معجون مفرح | 157 |
| تریاق القلب آسان - دواء المسک معتدل | 158 |
| خمیرہ مفرح قلب - اکسیر نقرئی | 158 |
| دوائے ضعف قلب و گرمی | 159 |
| مجربات امراض جگر و طحال | 160 |
| حب اکسیر جگر | 160 |
| تریاق جگر و طحال | 160 |
| شربت فولاد | 161 |
| تریاق جگر - کشتہ فولاد اکسیر جگر | 162 |
| کشتہ منور | 162 |
| شربت مبرد جگر - شربت فولاد | 163 |
| عرق ورم جگر و تمام احشاء | 163 |
| خیساندہ ورم جگر - سفوف برائے ورم جگر | 164 |
| سفوف مقوی جگر | 164 |
| سفوف ضعف جگر و یرقان زرد | 164 |
| ضعف و صلابت جگر | 164 |
| ورم جگر مجرب | 165 |
| اسہال جگری جو رات کو آئیں | 165 |
| مقوی جگر - معدہ | 165 |
| عرق اکسیر طحال | 165 |
| مجربات امراض گردہ و مثانہ | 166 |
| شورہ قائم النار برائے درد گردہ | 166 |
| اکسیر درد گردہ | 166 |
| اکسیر درد گردہ دیگر | 167 |
| سفوف اکسیر ذیابیطس | 167 |
| گولیاں ذیابیطس | 167 |
| حب ذیابیطس شکری | 168 |
| ذیابیطس کا ڈاکٹری نسخہ | 168 |
| سفوف سوزاک | 168 |

کھانسی ضیق النفس
ائے دمہ
ئے کھانسی و خشک
رہ سنگا
کسیر اوجاع
درد ذات الجنب دیگر فصدے
رام نہ ہو
ت الجنب و کھانسی
ئے ذات الجنب
دافع ذات الجنب و برسام درد و /
ت الجنب
درد ذات الجنب و کھانسی
ت الجنب خصوصاً ریحی
ب برائے نزلہ زکام بارد سوداوی
ریہ طفل اکسیر ذبہ یعنی ذات الریہ
ب برائے کھانسی
برائے سل بارد
برائے سل
ئے ذات الریہ ورم ریہ
ں کوکنار برائے نزلہ
بردق سل
ق ضیق النفس صفراوی
بیات امراض معدہ و امعاء و مقعد
وف اکسیر ہاضم قبض کشا
ک سلیمانی مقوی معدہ ہاضم طعام
سفوف ہاضم شیریں
عرق ہاضم دافع درد و معدہ وغیرہ
معجون لبوب مقوی معدہ و اعضاء رئیسہ

| | | |
|---|---|---|
| پچکاری سوزاک نمبر1 پچکاری سوزاک نمبر2 | 169 | ترکیب مقوی باہ۔ لڈو مقوی باہ |
| سفوف سوزاک۔ اکسیر درد گردہ | 169 | معجون مقوی باہ و ممسک نمبر1 |
| سفوف مخرج سنگ گردہ و مثانہ | 170 | گولیاں مقوی باہ و ممسک نمبر2 |
| اکسیر سوزاک و قرحہ | 170 | گولیاں مقوی باہ و ممسک نمبر3 |
| روغن سوزاک | 170 | گولیاں مقوی باہ و ممسک نمبر4 |
| کشتہ سنگ یہود۔ کشتہ سنکھ | 170 | عرق قوت باہ |
| کشتہ سنکھ جامع الفوائد | 171 | مقوی باہ و ممسک و ملذذ |
| کشتہ سنکھ برائے سوزاک | 171 | روغن برتی |
| سوزاک کا نہایت آسان نسخہ | 171 | کشتہ سنکھیا |
| دوائے سوزاک | 172 | کشتہ سہ دہاتہ نمبر1 و نمبر2 |
| دوائے ریاح گردہ و مثانہ | 172 | کشتہ قلعی نمبر1 |
| مجربات امراض مرداں | 172 | کشتہ قلعی نمبر2 |
| طلاء بے آبلہ | 173 | کشتہ مرگانگ |
| اکسیر نامردی | 174 | طلائے نامردی |
| حب اکسیر باہ و امساک | 174 | طلائے خاص |
| کشتہ سم الفار | 175 | طلائے مقوی باہ نمبر1 |
| کشتہ پیسہ مقوی باہ | 175 | طلائے مقوی باہ نمبر2 |
| کشتہ مس مقوی باہ | 175 | طلائے سستی نمبر1 |
| حب قوت باہ و امساک | 176 | طلائے سستی نمبر2 |
| طلائے نایاب | 177 | طلائے سستی نمبر3 |
| کشتہ تانبہ | 177 | طلائے سستی نمبر4 |
| کشتہ ہڑتال۔ کشتہ شنگرف | 178 | سفوف جریان |
| گولیاں قوت باہ | 178 | سفوف مغلظ منی |
| معجون مقوی و ممسک | 179 | کشتہ شنگرف نمبر1 |
| گولیاں اکسیر باہ و امساک | 180 | کشتہ شنگرف نمبر2 |
| گولیاں طاقت مردی | 180 | حب مبہی و ممسک |
| گولیاں اکسیر باہ و امساک۔ گولیاں اکسیر باہ | 181 | گولیاں برائے امساک |
| کشتہ اکسیر باہ مرکب | 181 | معجون ممسک نمبر1 |
| گولیاں اکسیر جریان احتلام | 181 | معجون ممسک نمبر2 |

گولیاں کایا پلٹ
گولیاں برائے جریان
کشتہ چاندی و فولاد
طلاء دافع جریان واحتلام
سفوف مقوی باہ دافع جریان
مجربات امراض زناں
تریاق پرسوت
اکسیر پرسوت
دوائے پرسوت
معجون اختناق الرحم
معجون حافظ الجنین
گولیاں مدر حیض
شربت مدر حیض
سفوف مدر حیض
گولیاں مدر حیض
پوٹلی سیلان الرحم
اکسیر استحاضہ - اکسیر کثرت حیض
سفوف کثرت حیض
کشتہ سنگ جراحت
شربت کثرت حیض
حالت حمل خون آنا
کثرت حیض وخون حاملہ
الاثر گولی
اکسیر ولادت واخراج جنین
دوائے بندش حیض نمبر1
حمیات (تپ)
بخار
ملیریا وغیرہ
تپ صفراوی و مرکب

| | | |
|---|---|---|
| غب دائرہ ولازم | 194 | 205 |
| سفوف تپ کہنہ | 195 | 205 |
| فساد خون وتپ | 195 | 205 |
| سفوف شفاء | 196 | 206 |
| عرق اکسیر دق | 196 | 206 |
| اکسیر دق خاص الخاص | 196 | 206 |
| اکسیر مبارکی (موتی جھرہ) | 196 | 207 |
| تریاق مبارکی | 197 | 208 |
| مجربات امراض جلد وعام | 197 | 208 |
| امراض متعلقہ ظاہر بدن | 198 | 208 |
| اکسیر مصفی خون | 199 | 209 |
| صندل پوڈر | 199 | 209 |
| کشتہ آملہ سار | 199 | 209 |
| اکسیر خارش خصیہ | | 210 |
| مطبوخ مصفی خون | 200 | 210 |
| روغن اکسیر داد | 200 | 210 |
| روغن اکسیر خارش نمبر1 | 201 | 211 |
| روغن اکسیر خارش نمبر2 | 201 | 211 |
| حب خارش | 201 | 211 |
| جوہر اکسیر آتشک | 202 | 212 |
| گولیاں آتشک نمبر1 | 202 | 212 |
| گولیاں آتشک نمبر2 | 202 | 213 |
| علاج آتشک وجذام | 202 | 213 |
| مرہم آتشک نمبر1 و نمبر2 | 203 | 213 |
| اکسیر خارش تر | 203 | 213 |
| مواد آتشک وخارش | 203 | 214 |
| دوائے خارش ہر قسم | 203 | 214 |
| غرغرہ آتشک وجوش دہن | 204 | 214 |
| دوائے چنبل نمبر1 | 204 | 214 |

| | |
|---|---|
| دوائے چنبل نمبر2 | 215 |
| مرہم اکسیر خنازیر | 215 |
| دوائے خنازیر نمبر1 | 215 |
| دوائے خنازیر نمبر2 | 216 |
| دوائے خنازیر نمبر3 | 216 |
| کالی دوا دافع جملہ امراض باردہ | 216 |
| نکور ضربہ و سقطہ | 216 |
| دوائے ماشرا نمبر1 | 217 |
| دوائے ماشرا نمبر2 | 217 |
| تریاق مار گزیدہ | 217 |
| اکسیر الصبیان۔ اکسیر آتشک | 218 |
| ضماد چنبل کہنہ | 218 |
| متفرقات | 219 |
| ٹنکچر آیوڈین | 219 |
| حابس الدم | 219 |
| حابس خون ہر قسم | 219 |
| تریاق زہر سنکھیا | 219 |
| دوائے مار گزیدہ | 219 |
| شفاء اطفال | 220 |
| دوائے عقرب گزیدہ | 220 |
| سندات | 220 |
| تجربات | 222 |
| (ج) تصدیقات | 223 |

# مجربات سلطانی حصہ دوم

## مقدمہ

مجربات سلطانی کی مقبولیت اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کا پہلا حصہ تین چار ماہ کے عرصہ میں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا اور قدردان پبلک کے پے در پے تقاضوں نے طبع ثانی پر آمادہ کیا۔ چنانچہ اشاعت دوم چند نایاب اور بے نظیر نسخہ جات کے اضافہ سے نہایت آب و تاب کے ساتھ پیش کی گئی۔ اس کی پذیرائی میں بھی اطبا نے جس قدردانی سے حصہ لیا وہ میرے شکریہ سے بے نیاز ہے۔ اس کے بعد اس کا تیسرا ایڈیشن طبع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا۔ اب پانچواں ایڈیشن ضروری صحت اور اضافہ تصدیقات و سندات کے ساتھ نہایت آب و تاب سے چھپا ہے۔

اہل قدر ناظرین کی اس قدر شناسی نے میری ہمت بڑھائی اور مفاد عامہ کے جذبہ نے طبیعت کو مزید خدمت کے لئے اکسایا اور احباب کے اصرار نے مجربات سلطانی حصہ دوم کی تدوین پر مجبور کیا۔ آخرکار اس دھن نے عزم صمیم کی صورت اختیار کر لی۔ چنانچہ بہترین نسخہ جات کے اخذ و حصول کے ساتھ ساتھ ان کی آزمائش میں مصروف ہو گیا۔ یعنی احباب کے عطا کردہ خاص الخاص نسخہ جات کو زیر تجربہ لانے کا عمل جاری رکھا۔ حتیٰ کہ متواتر پانچ سال کی محنت شاقہ کے بعد زیر نظر مجموعہ تیار ہوا جسے میں کدو کاوش کا ثمر اور فیاضی طبع کا آئینہ ہونے کے اعتبار سے اپنے لئے بجا طور پر ناز و افتخار کا موجب سمجھتا ہوں۔

یوں تو مجربات کے ہزاروں مجموعے اشاعت پذیر ہوئے اور ہو رہے ہیں۔ لیکن جن نقاط نظر کو ملحوظ رکھ کر میں اس کام کو انجام دے رہا ہوں۔ وہ بجائے خود کئی امتیازی حیثیتوں کے حامل ہیں۔ بعض ایسے نسخے بلاکم و کاست درج کر دیئے ہیں۔ جن کے حصول کے لئے مجھے جوئے شیر لانے سے بھی زیادہ دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ بادی النظر میں بعض نسخے معمولی سمجھے جائیں گے مگر ان کی اہمیت اور وقعت تجربہ کے بعد واضح ہو کے رہے گی۔ خودستائی نہیں یہ اظہار حقیقت ہے کہ جس وسعت قلبی فراخ حوصلگی اور اولوالعزمی کا ثبوت ان رازہائے سربستہ کے فاش کرنے میں دے رہا ہوں۔ اس کا شائبہ بھی ناظرین کو کس مشکل سے ملے گا۔ سچ ہے۔

توفیق باندازہ ہمت ہے ازل سے

حق ناسپاسی ہوگی اگر میں یہاں بزرگان کامل کے تصرف باطنی کا ذکر نہ کروں جس کی تفصیل مجھے ایسی نیک نیتی اور فیاضی جیسی نعمتیں نصیب ہوئیں۔ اس باب میں بلاشبہ کوئی غائبانہ طاقت کارفرما ہے جو مجھے ایسا کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ بقول شاعر۔

رشتہ درگردنم افگندہ دوست ے برو ہر جا کہ خاطر خواہ اوست

ایزد کا شکریہ دل و جان سے بجا لاتا ہوں۔ جس نے میری تمام کوششوں کو منظور فرمایا۔ اور میرے لئے انہیں سرمایہ فخر و مباہات بنایا۔

شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم

التماس: اگر اطباء کرام اور شائقین فن نے میری اس کاوش کی داد توسیع اشاعت کے رنگ میں دی اور حسب سابق گرمجوشی سے اس کا خیر مقدم کیا گیا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت ٹھکانے لگی اور راستبازی و دیانتداری کی قدر ہوئی۔

# خصوصیات کتاب

① فی زمانہ یہ عام چرچا ہو رہا ہے کہ خاص مجربات کو شائع کر کے ابنائے وقت کی خدمت کی جائے اور فن طب کو فروغ دیا جائے۔ اطباء کا میلان بھی اس مفید تحریر کو عملی جامہ پہنانے کی طرف ہو رہا ہے۔ مگر بالعموم دیکھا یہ جاتا ہے کہ لوگ خدمت عامہ اور اظہار حقیقت کے بلند بانگ دعاوی پر اپنی تمام ز فیاضی کو ختم کر دیتے ہیں۔ اور جب اس کے ثبوت کی نوبت پہنچتی ہے تو بخل کے دامن میں پناہ ڈھونڈنے ہیں۔ ایسے معمولات خصوصی کو سپرد قلم کرنے کی انہیں ہمت نہیں پڑتی جن پر ان کی معاش کا دارومدار ہے لیکن مجھے یہ ظاہر کرتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ میں نے رطب و یابس سے کتاب کی شکم پری نہیں کی بلکہ بہتری صدری مجربات و معمولات بلا کم و کاست بخل و امساک کے بالائے طاق رکھ کر من و عن درج کر دیے ہیں گویا۔

کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کر

② ایسے بیش بہا نسخوں کے ساتھ ان کے امتیازات خصوصی کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے جن کے اخفاء میں لوگ انتہائی لذت پاتے ہیں۔ یاد رہے کہ مبالغہ طرازی اور لاف و گزاف سے کلیتہ" اجتناب کیا گیا ہے کیونکہ میں اسے اپنے شریف پیشہ کی توہین سمجھتا ہوں۔

③ امراض صعبہ اور عسر البرء کے خاص اطمینانی نسخہ جات مہیا کرنے میں بے حد کوشش سے کام لیا گیا ہے تاکہ اہل غرض اصحاب کو ان کے علاج کے وقت حقیقی طور پر کامیابی اور سہولت ہو۔

④ ذاتی کوشش سے مہیا کردہ نسخہ جات کے علاوہ استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کے بیاض خاص کے متعدد بیش بہا نسخے بھی اس میں شامل کیے گئے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ انہی کے فیضان کا اثر ہے جس نے اس تالیف کا پایہ اعتبار بہت بلند کر دیا ہے اور میرے کام کو تکمیل کا جامہ پہنایا ہے۔

⑤ ہر ایک مرض کے متعلق مختلف قسم کے متعدد نسخے فراہم کیے گئے ہیں جن میں سے بعض ذرا دقت طلب ہیں تو بعض آسان۔ علاوہ بریں طبائع و امزجہ کے اختلافات کا کافی لحاظ رکھا گیا ہے تاکہ اگر کسی ایک نسخہ کے اجزاء میسر نہ ہو سکیں یا مشکل سے تیار ہونے والا ہو۔ تو اس کے مقابلہ میں دوسرے آسان نسخے سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔

# مقدمہ طبع دوم

مجربات سلطانی حصہ دوم کی مقبولیت اور ہردلعزیزی کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ اس کی اشاعت اول بغیر اشتہار وغیرہ کے دیکھا دیکھی ہی ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی۔ طبع اول ختم ہونے کے بعد اس کے متعلق بہت سی درخواستیں دھڑا دھڑ برائے خریداری آ رہی ہیں۔ جن کی تعمیل کے لئے ہم اس قحط قرطاس کے زمانہ میں بڑی مشکل سے اس کو طبع کرا رہے ہیں۔ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ حصہ دوم کے مجربات کو نہایت پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ اور اس کے نسخہ جات کے متعلق قدردانوں کا متفقہ فیصلہ ہے۔

زفرق تا قدمش ہر کجا کہ می‌نگرم — کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجا است

یہ تو اس کے نسخوں کی ظاہری ترکیب اور تیاری کی کیفیت ہے۔ جب ان کو تجربہ کرنے کا موقع ملتا ہے تو اصحاب نظر حیران رہ جاتے ہیں کہ اتنی عمر فضول اور بے حاصل نسخہ جات کے بنانے اور آزمانے میں صرف کی اور اس کتاب کے تجربہ سے کئی شرطیہ اور حکمیہ تیر بہدف نسخے یک لخت آسانی سے ہاتھ آ گئے جس سے بے اختیار کتاب کے مصنف کے حق میں دل سے دعائیں نکل جاتی ہیں۔ بعض کنجوس طبع ان نسخوں کی کامیابی کو دیکھ کر حسد سے جل کر کباب ہو جاتے ہیں۔ کہ ایسے گنج شائگاں کو اس طرح سربازار کیوں لٹا دیا گیا ہے۔ بہرکیف ہم پروردگار عالم کا شکریہ بجالاتے ہیں۔ جس سے ہماری محنت کو (جو جذبہ ہمدردی سے مجبور ہو کر کی گئی تھی) شرف قبولیت بخشا ہے اور اسے حاجت مند مریضوں کی شفائے کاملہ کا ذریعہ بنایا ہے۔

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ بعض اطبا نے اپنے مطب کا دارومدار انہی نسخوں پر رکھا ہوا ہے۔ اور کئی اصحاب نے انہی پر ڈسپنسریاں کھولی ہوئی ہیں۔ اشتہاری طبیب جو مجرب نسخوں کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ ان کو مجربات کا ایسا ذخیرہ مل گیا ہے کہ وہ ان صدری تحائف سے شرطیہ علاج کرنے کے اشتہار دے رہے ہیں۔ موجودہ اشاعت میں ہم نے مزید صحت اور اصلاحات کے علاوہ سندات اور تصدیقات کو بھی ضمیمہ کی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ امید ہے قدردان اصحاب اپنے تجربات کے بعد ان نسخوں کی تصدیق و تکذیب سے آگاہ کریں گے تاکہ تیسری اشاعت کے وقت یہ تصدیقات بھی شائع کی جا سکیں۔

باوجودیکہ موجودہ زمانہ جنگ میں لکھائی چھپائی اور کاغذ کا خرچہ چار گنا بڑھ گیا ہے مگر ہم نے قیمت میں کم اضافہ کیا ہے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

خادم فن

(محمد یار علوی)

# مجربات سلطانی حصہ دوم

## مجربات امراض سر

### (1) حافظہ کی اکسیری دوا

**منافع:** قوت حافظہ اور نسیان کے لئے اپنی نظیر آپ ہے۔ نیز مرگی اور مالیخولیا کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہماری مجرب آزمودہ اور بالکل آسان ہے جو ہر ایک شخص تیار کر کے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ حافظہ کے بڑھانے کے لئے تیر بہدف ہے۔ (سنکھا ہولی)

**اجزاء:** برہمی بوٹی خشک 40 تولہ، سنکھ ہشپی بوٹی خشک 40 تولہ (باؤ بڑنگ)۔

**ترکیب ساخت:** رات کو 4 سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں جب ایک سیر رہ جائے تو خوب مل کر کپڑے میں چھان کر دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر سفوف ہلدی ایک چھٹانک اور گائے کا خالص گھی ایک سیر ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف گھی باقی رہ جائے تو احتیاط سے گھی کو نتھار لیں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ بھر صبح آدھ سیر یا ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ گرم میں ملا کر نوش فرمائیں۔ ترش اور بادی اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔

**نوٹ:** سنکھ ہشپی بوٹی ویدک دواخانوں سے مل سکتی ہے۔

### (2) حریرہ مقوی دماغ

**منافع:** حد درجہ مقوی دماغ ہے۔ دماغ کی خشکی کو زائل کرتا ہے۔ نہایت مفرح لذیذ اور خوش ذائقہ چیز ہے۔

**اجزاء:** مغز بادام، مغز کدو، مغز خیارین، مغز خربوزہ، مغز تربوز، چاول، کشنیز خشک، نشاستہ ہر ایک 6 ماشہ، مغز نارجیل تولہ، تخم خشخاش سفید تولہ، الائچی خورد 3 ماشہ، سونف 3 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سوائے نشاستہ کے باقی دوائیں خوب باریک کر کے پانی 10 تولہ میں گھوٹ کر آگ پر چڑھائیں۔ پھر نشاستہ ڈال کر چمچہ سے ہلاتے رہیں دو تین جوش دے کر گھی 6 تولہ مصری 10 تولہ ملا کر ہلاتے رہیں۔ جب حریرہ تیار ہو جائے تو نیچے اتار لیں بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** تین تولہ سے 4 تولہ تک صبح و شام استعمال کریں۔

### (3) خمیرہ مقوی دماغ

**منافع:** مقوی دماغ مقوی قلب ہے ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ نہایت خوش ذائقہ اور مفرح ہے۔

**اجزاء:** مغز بادام 10 تولہ، شیر گاؤ پختہ پاؤ، ورق چاندی 15 عدد، الائچی خورد 1 تولہ، مصری آدھ سیر۔

**ترکیب ساخت:** مغز بادام اور مصری کو شیر گاؤ میں گھوٹ کر دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب قوام گاڑھا تیار ہو جائے تو الائچی باریک کر کے ملائیں۔ پھر ورق ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں اور ہلاتے رہیں۔ پھر کونڈہ ڈنڈہ میں اس حد تک گھوٹیں کہ سفید ہو جائے۔

طریق استعمال: 2 تولہ سے 4 تولہ تک صبح و شام استعمال کریں۔ ترشی' بادی تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (4) معجون مقوی دماغ

منافع: تقویت دماغ کے لئے خاص چیز ہے۔ ہمارا معمول نہایت کم خرچ اور آسان نسخہ ہے۔

اجزاء: تخم خشخاش' مغز تربوز' مغز خیارین' مغز کدو' مغز بادام' تخم خبازی ہر ایک 2 تولہ' کتیرا گاؤ زبان' گل سرخ' اسطوخودوس' تخم خرفہ' طباشیر' الائچی خورد' الائچی کلاں' سونف' کشنیز خشک' پوست ہلیلہ زرد ہر ایک چھ ماشہ' پوست بلیلہ 9 ماشہ' آملہ 9 ماشہ' ورق نقرہ 100 عدد شہد 25 تولہ۔

ترکیب ساخت: مغزیات کو نیم کوب کر لیں۔ باقی دوائیں باریک کوٹ کر چھان لیں۔ پھر ورق نقرہ ایک ایک کر کے ملا کر خوب کھر کریں۔ پھر شہد میں ملا کر یکجان کر لیں۔

طریق استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

## (5) دودھی مقوی دماغ

اسناد: حضرت استاذیم علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خانصاحب کا معمول ہے

منافع: ضعف دماغ' ضعف بصارت' ضعف چشم' کمی خواب' خشکی دماغ نزلہ' بوڑھوں کے ضعف دماغ کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ درد سر جو ضعف دماغ کی وجہ سے ہو۔ دوران سر وغیرہ کے لئے معمول ہے۔ نہایت زود اثر چیز ہے۔

اجزاء: پوست خشخاش 3 ماشہ' سبوس گندم یعنی چھان آٹا 1 تولہ' مغز تخم خبازی مغز تربوز' مغز کدو ہر ایک تین ماشہ' خشخاش 5 ماشہ' مغز بادام مقشر 7 عدد' مصری 3 تولہ' روغن زرد 3 تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: پوست خشخاش اور سبوس گندم کو رات کے وقت آدھ سیر پانی میں بھگو رکھیں صبح مل کر چھان لیں۔ مغزیات اور مصری کو کوٹ لیں۔ گھی کو دیگچہ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب سخت گرم ہو جائے تو اشیاء مذکورہ ملا کر چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ جب گاڑھا قوام تیار ہو جائے تو اتار لیں اور گرم گرم نوش فرمائیں۔ بعض موقع پر شیر گاؤ بھی ملا لیا جاتا ہے۔ روزانہ تازہ تیار کر کے صبح کے وقت چائے کی طرح ایک ایک گھونٹ پئیں۔ ایک خاص الخاص اسراری نسخہ ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے تحریر کیا جاتا ہے۔

## (6) شربت مقوی دماغ

منافع: مقوی دماغ و دل و معدہ مفرح طبیعت' دافع توحش وغیرہ تمام وہ عوارض جو ضعف اعضاء رئیسہ کی مشارکت سے ہوں۔ ان سب کے لئے نہایت مفید ہے۔ چند خوراک سے فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ نہایت زود اثر ہے۔

اجزاء: ابریشم خام' افسنتین' بادیان' برگ گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ' عرق سونف پاؤ' عرق بید مشک پاؤ' عرق

گاؤزبان 2 پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں عرقیات میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر مصری پاؤ پختہ ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

## (7) مفرح برائے مالیخولیا

**منافع:** مالیخولیا مراقی، ریح بواسیر، قبض دائمی، تفریح طبع تقویت معدہ ریاح وغیرہ کی اکسیری دوا ہے۔ مالیخولیا مراقی کے عوارض کو پہلی خوراک سے نفع بخشتی ہے۔ غذا کو خوب ہضم کرتی ہے۔ اور ریاح کو توڑتی ہے۔ مطب میں ہروقت تیار رہتی ہے۔

**اجزاء:** مربہ آملہ 4 عدد، مربہ ہلیلہ 8 عدد، رب آملہ 4 تولہ، رب ہلیلہ 5 تولہ، طباشیر 3 ماشہ، گل سرخ 6 ماشہ، مصطگی رومی تولہ، الائچی خورد تولہ، گل گاؤزبان 5 ماشہ، مغز کشنیز 7 ماشہ، زیرہ سفید 3 ماشہ، فلفل سیاہ 3 ماشہ، برگ سناء تولہ ہینگ ماشہ، کچور 3 ماشہ، فلفل سفید 3 ماشہ، سونف 6 ماشہ، اطر-فل زمانی اعلیٰ درجہ 10 تولہ، عرق گلاب 10 تولہ، مصری 15 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** مربہ جات کو باریک پیس لیں۔ خشک دوائیں باریک کر کے چھان کر رکھیں۔ مصری اور رب ہلیلہ رب آملہ کا عرق گلاب میں قوام تیار کریں۔ پھر مربہ جات اور باقی دوائیں ملا کر چمچہ سے خوب ہلا کر معجون بنالیں۔

**طریق استعمال:** عرق سونف، عرق الائچی، عرق پودینہ ہر ایک 15 تولہ روغن الائچی 10 قطرے، روغن پودینہ 10 قطرے ایک بوتل میں ملا کر ٹکیہ پیپر منٹ خورد 50 عدد باریک کر کے ملادیں۔ اس عرق میں سے 5 تولہ لے کر اس کے ہمراہ معجون مفرح 3 ماشہ استعمال کریں۔

## (8) معجون برائے مالیخولیا مراقی

**منافع:** ضعف ہضم، قبض دائمی، کثرت ریاح وغیرہ عوارض کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ بخارات کو روکتی ہے۔ کچھ عرصہ متواتر استعمال کر لینے سے جملہ شکایات کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔ نہایت زوداثر بے خطا ہے۔

**اجزاء:** سونف تولہ، زیرہ سیاہ 6 ماشہ، پودینہ 2 تولہ، سونف رومی تولہ، دارچینی 3 ماشہ، دانہ الائچی کلاں 3 ماشہ، ریوند خطائی تولہ، گاؤزبان تولہ، مغز بادام 5 تولہ، جوارش کمونی 4 تولہ، گلقند پاؤ پختہ۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں باریک سفوف بنا کر تمام اشیاء کو خوب ملالیں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ سے 3 تولہ تک ہمراہ شربت گاؤزبان استعمال کرائیں۔

## (9) عرق شیر برائے مالیخولیا مراقی

**منافع:** مالیخولیا مراقی، خشکی بدن کو زائل کرتا ہے۔ عمدہ طراوت پیدا کرنے والا سہل الحصول مدت کا

مجرب ہے۔ جو فیض رسانی خلائق کے لئے ظاہر کر دیا گیا۔

اجزاء: شیر گاؤ 3 سیر، عرق گاؤزبان ایک سیر، عرق نیلوفر ایک سیر، عرق گلاب تین پاؤ، عرق بید مشک تین پاؤ، تخم کاسنی 2 پاؤ، مصری 2 پاؤ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں نیم کوب کر کے پھر سب اشیاء کو ملا کر حسب دستور عرق بقدر چار بوتل کشید کریں۔

طریق استعمال: 7 تولہ صبح 7 تولہ شام، شربت گاؤزبان 3 تولہ ملا کر یا یونہی مصری ملا کر استعمال کرائیں۔

## (10) شربت گاؤزبان برائے مالیخولیا

منافع: مالیخولیا مراقی و سوداوی کو نہایت مفید ہے۔ خصوصاً اگر پہلے ماء الجبن کرا کر استعمال کرایا جائے تو ازحد مفید ثابت ہوتا ہے۔ ماہرین فن اس شربت کے اجزاء سے ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

اجزاء: گاؤزبان 7 درم، بنفشہ 2 درم، گل سرخ 1 درم، نیلوفر، تخم فرنجمشک، برگ فرنجمشک، بادرنجبویہ، افتیمون ولایتی، اسطوخودوس، بسفائج، ہلیلہ سیاہ، ہر ایک 2 درم مصری 1 پاؤ حسب دستور شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: تین تولہ صبح، تین تولہ شام پانی دو چند میں ملا کر استعمال فرمائیں۔

## (11) طریقہ ماء الجبن یا علاج مالیخولیا

اسناد: جناب استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔

منافع: اس میں موسم کی قید نہیں اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ مالیخولیا مراقی کا نہایت اعلیٰ علاج ہے۔ عاجز کا بھی یہی معمول ہے۔

اجزاء: افتیمون ولایتی 5 ماشہ، گلاب 10 تولہ، مصری 3 تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: افتیمون کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر رات کو گلاب میں تر کر رکھ چھوڑیں۔ صبح مل کر چھان لیں۔ گائے کا دودھ ایک پاؤ دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب جوش آنے لگے تو تاتڑی ایک ماشہ باریک کر کے ڈال دیں جب پھٹ جائے تو نیچے اتار کر کپڑے میں چھان لیں۔ اور افتیمون والے پانی کے ساتھ بمعہ مصری 3 تولہ ملا کر اول خمیرہ گاؤزبان عنبری 5 ماشہ کھلا کر پلائیں۔ چار بجے شام کو معجون نجاح 6 ماشہ ہمراہ شربت گاؤزبان مندرجہ ذیل 3 تولہ پانی ملا کر پلائیں۔ غذا مرغن مثل پلاؤ گوشت، دال مونگ، کدو توری پالک وغیرہ۔

## (12) شربت گاؤزبان قدیم

منافع: مفرح و مقوی قلب و دماغ دافع مالیخولیا مراقی معمول مطب سلیمی ہے۔

اجزاء: گاؤزبان 4 تولہ، گل گاؤزبان 2 تولہ، بادرنجبویہ تولہ، عرق گاؤزبان، عرق بید مشک، عرق گلاب ہر

ایک آدھ سیر مصری سیر۔

**ترکیب ساخت:** دوائیں رات کو عرقیات میں بھگو رکھیں۔ صبح دو جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** 3 تولہ صبح و شام پانی یا عرق گلاب ملا کر استعمال کریں۔

## (13) مسہل مالیخولیا مراقی

دوران استعمال ماء الجبن میں ہر ہفتہ کے بعد برگ سناء 2 تولہ یا تین تولہ ململ کے کپڑے میں باندھ کر گائے کے ڈیڑھ پاؤ دودھ میں نرم آگ پر خوب جوش دیں۔ جب نصف کے قریب رہ جائے تو مل کر مصری دو تولہ ملا کر پلائیں۔ ماء الجبن شروع رکھیں اور ہر ہفتہ کے بعد مسہل استعمال کرا دیا کریں۔

## (14) گولیاں برائے درد سر

**منافع:** تمام اقسام درد سر کے لئے مفید ہیں۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہیں۔ اور مجرب ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ایارج فیقرا☆، پوست ہلیلہ کابلی، غاریقون ہم وزن دوائیں کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

**☆نسخہ ایارج فیقرا:** سنبل الطیب، دارچینی، عود بلسان، سلیخہ، مصطگی رومی، اسارون، زعفران ہر ایک 3 ماشہ صبر 6 ماشہ سب کو باریک کر کے ملالیں۔

## (15) خمیرہ گاؤزبان عنبری

**منافع:** مقوی دماغ و مفرح قلب مفید انواع، مالیخولیا و اقسام خفقان وغیرہ۔

**اجزاء:** گاؤزبان 10 ماشہ، گل گاؤزبان، کشنیز خشک کوفتہ، ابریشم مقرض، بہمن سفید کوفتہ، تخم بالنگو، فرنجمشک، صندل سفید ہر ایک تولہ تولہ عنبر اشہب نصف درم۔

**ترکیب ساخت:** سوائے عنبر کے باقی دوائیں دو سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو صاف کر کے مصری ایک سیر شہد مصفی ایک پاؤ ملا کر قوام تیار کریں۔ اخیر قوام میں عنبر باریک کر کے ملا دیں۔ بعد میں مروارید یاقوت زمرد، زہر مہرہ، یشب سبز ہر ایک 4 ماشہ، روح کیوڑہ میں خوب کھل کریں اور طباشیر، ورق نقرہ 6 ماشہ، ورق طلا 1 ماشہ ملا کر خوب کھرل کر کے قوام مذکور میں ملالیں۔ یہ سفوف پہلے تیار کر کے پاس رکھنا چاہئے۔

**طریق استعمال:** 7 ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ وغیرہ۔

## (16) دوائے درد سر

**منافع:** درد سر اور زکام کے لئے مفید ہے۔ اگر دماغ زکام یا کسی اور وجہ سے بند ہو گیا ہو اور بو و خوشبو

آتی ہو تو اس کے استعمال سے کھل جاتا ہے۔

**اجزاء:** کافور 6 ماشہ' نوشادر 1 تولہ' ست الائچی 3 ماشہ' ست پودینہ خشک 1 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں کوٹ کر کھلے منہ والی شیشی میں ڈال لیں اور تھوڑا سا عرق گلاب ملا لیں۔

**طریق استعمال:** شیشی کا منہ کھول کر دن میں تین چار دفعہ سونگھائیں اور شیشی کا منہ مضبوط کارک سے بند رکھیں۔

## (17) کاغذی درد سر

**منافع:** درد سر شدید کو نفع دیتی ہے۔ عام استعمال ہوتی ہے۔

**اجزاء:** تخم کاسنی 9 ماشہ' تخم کاہو 9 ماشہ' رسوت 13 ماشہ' افیون 2 ماشہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** سب دوائیں باریک پیس کر تخم بالنگو کے لعاب میں حل کر کے کپڑے پر لگا کر کنپٹی پر چسپاں کر دیں۔

## (18) پڑیہ صحت

**منافع:** ہر قسم کے درد سر کے لئے نہایت مفید ہے اور ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے۔ خواہ جس قسم کا درد سر ہو۔ پانچ منٹ میں آرام ہو جاتا ہے۔ اگر قبض کی وجہ سے درد ہو تو پڑیہ کھلا کر ایک گھنٹہ بعد بارات کو سوتے وقت اطر-غل زمانی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں یا کوئی اور قبض کشا دوائی دیں اس کے علاوہ جسم کے جس حصہ میں درد ہو مفید ہے۔ پسینہ لاتی اور تپ کو مفید ہے۔

**اجزاء:** اسپرین تولہ' فنسٹین تولہ کے فین سائٹراس 6 ماشہ' کشنیز خشک 1 تولہ' مصری 3 تولہ' گیرو 4 رتی۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے خوب ملا لیں۔

**طریق استعمال:** 2 ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اگر آرام نہ ہو تو 15 منٹ کے بعد دوسری پڑیہ دے دیں۔

## (19) برائے عصابہ

**اجزاء:** اسطوخودوس' کشنیز خشک 3 تولہ' فلفل سیاہ 30 عدد۔

**ترکیب ساخت:** دوائیں الگ الگ باریک کر کے خوب ملا کر سفوف بنا لیں۔

**طریق استعمال:** دس ماشہ صبح طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ شربت بزوری 4 تولہ پانی ملا کر استعمال کرائیں۔ نسوار عشری یا نسوار نمبر 23 دن میں ایک وقت یا دو وقت تھوڑی سی استعمال کرائیں۔ پڑیہ صحت نمبر 18 صبح اور دس بجے ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

ذیل میں چند نسخہ جات نمبر 20 سے نمبر 53 تک جو دیکھنے میں بالکل سادہ معلوم ہوتے ہیں۔ اور فوائد کے لحاظ سے نہایت اعلیٰ ہیں (جو علامہ زمان استاد دوراں قبلہ حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان

صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات میں سے ہیں، تحریر کئے جاتے ہیں جو آپ کے ہروقت کے ورد
العمل تھے۔ اور عاجز کے بھی معمول ہیں۔ بلکہ جو بھی ایسے سادہ سادہ طبی نسخے آپ اس کتاب میں ملاحظہ
فرمائیں گے۔ وہ سب علامہ استاذ الاطباء حضرت مفتی صاحب غریب نواز کا فیض ہیں۔ امید ہے کہ آپ
ان سے فائدہ اٹھائیں گے۔ جو آپ کو مفت میں بلا تکلیف حاصل ہو رہے ہیں۔

## (20) پاشویہ درد سر شقیقہ

**اجزاء و ترکیب استعمال:** برگ اسطوخودوس، خطمی، بنفشہ، سبوس گندم ہر ایک 2 تولہ پانی میں جوش
دے کر پاشویہ کریں۔

## (21) دوائے درد سر شقیقہ

**اجزاء و ترکیب استعمال:** معبر پیس کر پانی میں حل کر کے کپڑے کی بتی بنا کر معبر سے آلودہ کر کے
جس طرف درد ہو کان میں رکھیں۔

## (22) نطول درد صفراوی

**اجزاء و ترکیب استعمال:** سرکہ اور روغن گل مساوی الوزن ملا کر سر پر نطول کرائیں۔

## (23) نسوار درد سر شقیقہ

**اجزاء و ترکیب استعمال:** سونٹھ تولہ، نوشادر تولہ مرچ سیاہ 6 ماشہ کوٹ چھان کر نگاہ رکھیں۔ حسب
دستور دو وقت خفیف مقدار میں نسوار لیں۔

## (24) دوائے درد سر صفراوی و دموی

**اسناد:** علامہ زمان جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا معمول ہے۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** بہدانہ تین ماشہ کا پانچ تولہ پانی میں لعاب نکال لیں اور تخم کاہو 7 ماشہ کو
تولہ پانی میں گھوٹ کر چھان لیں۔ پھر دونوں کو ملا کر شربت نیلوفر 5 تولہ ملا کر پلائیں۔ شدت درد میں
وقت پلانا چاہئے۔ نیز، تشنگی، کرب، حرقتہ البول مجلوق، تسکین صفرا، ورم لوزتین، شقیقہ، دیفیہ، عصابہ
کے لئے بھی مفید ہے۔ خناق کے لئے شربت توت ملانا چاہئے اور شقیقہ و عصابہ کے لئے مربہ پیٹھہ 1 تولہ
ورق نقرہ ایک عدد لپیٹ کر پہلے کھلا کر اوپر سے پلائیں۔

## (25) درد سر دموی و عام درد سر

**منافع:** جو درد سر جوش یعنی زیادتی خون کی وجہ سے پیدا ہو۔ اس کے لئے مفید اور سریع الاثر ہے۔

**اجزاء:** شاہترہ، کشنیز خشک، مویز منقیٰ ہر ایک ساڑھے سات ماشہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** جملہ دوائیں آدھ سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر جب نصف رہ
جائے تو مل چھان کر استعمال کریں دو وقت تازہ تیار کر کے مصری ملا کر دیا کریں۔

## (26) ٹکور برائے درد سر بلغمی

منافع: درد سر شقیقہ اور درد سر بلغمی کے لئے مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: بابونہ 3 تولہ کوٹ چھان کر لعاب حلبہ (میتھرے) میں گوندھ لیں اور گرم کر کے سر پر ٹکور کریں۔

## (27) سفوف درد شقیقہ

اجزاء و ترکیب استعمال: مغز جوز ہندی (گری کھوپہ) 5 تولہ شکر سفید 10 تولہ سفوف بنالیں۔ 2 تولہ صبح 2 تولہ شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (28) ضماد شقیقہ

اجزاء و ترکیب استعمال: زعفران ماشہ' مازو 4 ماشہ باریک کر کے پانی میں پیس کر ماتھے پر ضماد کریں۔

## (29) ضماد درد سر بلغمی

اجزاء و ترکیب استعمال: لونگ' سونٹھ' مرچ سیاہ ہر ایک تین ماشہ باریک کر کے پانی میں پیس کر ماتھے پر ضماد کریں۔

## (30) سفوف درد سر بخاری

اجزاء و ترکیب استعمال: کشنیز خشک باریک کر کے سفوف بنا کر ایک تولہ رات کا کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔

## (31) جوشاندہ درد سر بلغمی

اجزاء و ترکیب استعمال: پوست ہلیلہ زرد' کشنیز خشک' سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر مل چھان کر گرم گرم پییں۔

## (32) حلوہ درد سر بلغمی

اجزاء و ترکیب استعمال: شونیز ڈیڑھ تولہ' مصری ساڑھے سات تولہ' روغن گاؤ 5 تولہ حلوہ بنا کر گرم گرم کھائیں۔

## (33) نسوار درد سر کہنہ

اجزاء: روغن بادام 2 ماشہ' زعفران 1 ماشہ۔

ترکیب ساخت: زعفران باریک کر کے بادام روغن میں ملا لیں۔

طریقہ استعمال: دن میں تین چار دفعہ نسوار لیں۔

## (34) ضماد سہر (بے خوابی)

**منافع:** بے خوابی خواہ جس سبب سے ہو اس نسخہ کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

**اجزاء:** تخم نیلوفر، تخم کاہو، تخم خرفہ، صندل سفید ہر ایک تین ماشہ، کافور ماشہ، افیون 4 رتی، زعفران … رتی۔

**ترکیب ساخت:** دوائیں باریک کر کے سفوف بنا کر روغن گل 1 تولہ، آب کشنیز سبز 4 تولہ، مرکہ … ماشہ ملالیں۔

**طریق استعمال:** یافوخ یعنی تالو کی جگہ استرے سے صاف کر کے دن میں دو تین دفعہ لگائیں۔

## (35) سبات (گہری نیند)

**اجزاء و ترکیب استعمال:** گوگل، نمک طعام مساوی الوزن سفوف بنا کر بقدر 6 ماشہ ہمراہ عرق … 12 تولہ صبح استعمال کریں۔

## (36) ام الصبیان (بچوں کی مرگی)

**اجزاء و ترکیب استعمال:** جدوار باریک کر کے سفوف بنا رکھیں۔ ڈیڑھ ماشہ شیر والدہ کے … استعمال کرائیں۔ صبح و شام۔

## (37) ضعف دماغ و معدہ

**اجزاء:** گلقند سیوتی 12 تولہ، ورق چاندی 42 عدد، مصطگی رومی ساڑھے تین تولہ۔

**ترکیب ساخت:** مصطگی اور ورق باریک کر کے گل قند میں ملالیں۔

**طریق استعمال:** بقدر ایک تولہ ہمراہ شربت صندل 3 تولہ، عرق گلاب 3 تولہ روح بید مشک … استعمال کریں۔

## (38) مقوی دماغ دافع گرمی

**منافع:** مجلوق کے عوارض مثلاً گرمی ضعف دماغ، ضعف قلب، جریان کے لئے جو گرمی کے سبب … ہوں اکسیر ہے۔ اگر ضعف قلب اور ضعف دماغ کے ساتھ جریان اور گرمی مزاج ہو تو اس نسخہ کو … استعمال کرا کر اس کے اثرات ملاحظہ فرمائیں۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** تخم بالنگو 6 ماشہ کو آدھ گھنٹہ تک ایک چھٹانک پانی میں بھگو رکھیں۔ بعد … میں مصری 2 تولہ ملا کر کشتہ ابرک سفید ایک رتی کشتہ مرجان 2 چاول ملا کر کھلائیں۔ صبح نہار تازہ … کے استعمال کریں۔ اگر حرارت زیادہ ہو تو دو وقت استعمال کرائیں۔

## (39) معجون صرع یعنی مرگی

**منافع:** صرع کے لئے نہایت آسان اور مطب سلیمی کی معمول ہے۔

**اجزاء و ترکیب:** عقر قرحا 2 تولہ' افتیمون ڈیڑھ تولہ' اسطوخودوس 2 تولہ' سفانج ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو الگ الگ کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ پھر مویز منقی 8 تولہ کو پانی میں پیس کر باقی ادویہ کے ساتھ خوب ملالیں۔

**طریق استعمال:** 9 ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (40) دوار دموی و صفراوی

**اجزاء:** سرپھوکہ' کشنیز خشک' پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 7 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ پانی رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر استعمال کریں۔ دموی میں فصد مقدم سمجھیں۔

## (41) حریرہ برائے دوار حار

**اجزاء و ترکیب استعمال:** خشخاش سفید 9 ماشہ' کشنیز خشک 3 ماشہ تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر خوب پیسیں پھر ایک چھٹانک مصری اور ایک پاؤ پانی ملا کر آگ پر چڑھائیں اور کسی چیز سے ہلاتے رہیں۔ جب گاڑھا ہو کر حریرہ بن جائے تو اتار لیں اور سرد کر کے ایک ایک گھونٹ پئیں۔

## (42) عرق فالج (ادھرنگ)

**منافع:** ہمارے خاص مجربات میں سے ہے۔ لقوہ' تشنج' تمدد' رعشہ' کزاز فالج وغیرہ تمام اعصابی امراض کے لئے معمول مطب ہے۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** جائفل' جاوتری ہر ایک تولہ' اسطوخودوس تمال پتر' لونگ' خولنجاں ہر ایک 4 تولہ' سداگلاب' ہلیلہ سیاہ' سونٹھ ہر ایک 5 تولہ' سناء مکی 6 تولہ' دار چینی' اجوائن ہر ایک 10 تولہ شہد 40 تولہ' مشک 1 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** مشک کو نیچہ کے منہ پر باندھ کر 7 سیر عرق کشید کریں۔

**طریق استعمال:** 7 تولہ صبح 7 تولہ شام استعمال کریں۔

## (43) روغن فالج (ادھرنگ)

**منافع:** فالج' لقوہ' تشنج' تمدد' رعشہ' کزاز' استرخاء' وجع المفاصل وغیرہ تمام اعصابی امراض کے مجرب ہے۔ جب کہ اعضاء استرخاء وغیرہ سے کمزور ہو گئے ہوں اور ان کی قوت حس و حرکت فوت ہو گئی ہو۔ یہ روغن استعمال کرایا جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** برگ درخت مدار یعنی آک ایک پاؤ پختہ لے کر آدھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ جب گل جائیں تو جوش دیں۔ پھر مل چھان کر پانی کو آگ پر چڑھائیں۔ اور اس میں روغن السی ایک پاؤ۔ روغن سرسوں ایک پاؤ ڈال کر اس قدر جوش دیں کہ پانی جل جائے۔ اور صرف تیل باقی رہ جائے پھر اس

تیل میں روغن مالکنگنی آدھ پاؤ، روغن زرد ایک پاؤ، سنی من آئل 5 تولہ ملالیں۔ بس تیار ہے گرم کر کے مالش کریں۔

نوٹ: سنی من آئیل انگریزی دوا فروشوں سے ملتا ہے۔ اگر نہ مل سکے اس کے عوض روغن دار چینی دیسی عمدہ ملالیا جاتا ہے۔

**ہدایت متعلق استعمال عرق فالج:** پہلے دو تین دفعہ منضج و مسہل کر کے ایک وقت عرق بقدر چھٹانک اور دوسرے وقت ماء العسل استعمال کرانا چاہیے۔ اور اگر تکلیف معمولی ہو تو ابتدا میں ہی بغیر منضج و مسہل کے شروع کر دیں۔ منضج و مسہل کے نسخہ جات بمعہ مفصل دستور العمل مجربات سلطانی حصہ اول میں درج کئے جاچکے ہیں۔

لقوہ میں بعد انتہا مرض آردماش، آرد گندم ہر ایک 5 تولہ کی روٹی اس طرح پکائیں کہ اس کی ایک طرف کچی رکھی جائے۔ کچی طرف کو کسٹر آئل سے چپڑ کر اس پر مین پھل باریک کر کے دھوڑ دیں اور گرم گرم باندھیں۔

## (44) حقنہ فالج (ادھرنگ)

**اجزاء:** اسطوخودوس، آرد تربد، مغز تخم ارنڈ، سوئے غاریقون ہر ایک 7 ماشہ، سناء مکی 6 ماشہ، حب القرطم یعنی کسنب ڈیڑھ تولہ، سفائج تولہ، عناب لسوڑیاں ہر ایک 20 دانہ، مغز خیار شنبر 5 تولہ یعنی گودہ املتاس، شکر سرخ 3 تولہ روغن ارنڈ 4 تولہ، روغن بادام تولہ، گوگل 3 ماشہ، بورہ ارمنی 5 ماشہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** خشک دواؤں کو پانی میں جوش دیں۔ پھر خوب مل چھان کر روغنیات ملا کر حسب دستور حقنہ کرائیں۔ اس سے مواد بلغمی خوب خارج ہوتے ہیں۔

## (45) تشنج یابس

**اجزاء و ترکیب استعمال:** مغز ساق گاؤ، چربی مرغی، موم سفید ہر ایک 2 تولہ تینوں دوائیں کڑچھی آہنی میں گرم کر کے بکثرت مالش کریں۔

## (46) معجون درد سر بارد وغیرہ

**منافع:** تمام اقسام درد سر جو سردی سے ہوں، دوی، طنین، ضعف معدہ، ضعف جگر اقسام استسقاء، سدہ جگر، تحلیل اورام، دبیلات، صلابات، انجرات کے روکنے کے لئے خاص الخاص چیز ہے۔

**اجزاء:** سنبل الطیب، مصطگی رومی، زعفران، طباشیر، دار چینی، اذخر، اسارون، قسط شیریں، عصارہ غافث، تخم کشوث، مجیٹھ، لونگ، لک مغسول، تخم کرفس، زراوند طویل، حب بلسان، الائچی کلاں، عود ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، گل سرخ مصفّی 18 تولہ شہد ڈیڑھ سیر۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں۔ 9 ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک صبح و شام استعمال کریں۔

## (47) دوائے درد سر دودی

وہ درد سر جو دماغ کے کرموں کی وجہ سے ہو۔ اس کے لئے مفید ہے۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** ہینگ، کافور ہر ایک 1 ماشہ باریک کر کے روغن گل میں حل کر کے تین چار بوند ناک میں ٹپکائیں۔

## (48) مالیخولیا مراقی

**منافع:** مالیخولیا کے لئے نہایت عمدہ سریع الاثر مفرح و منضج سودا ہے۔ جس کے استعمال سے مالیخولیا کے مریض کو جلد از جلد آرام ہو جاتا ہے۔ معدل سودا ہے۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** افتیمون ولایتی در پارچہ بستہ 5 ماشہ، بادر نجبویہ 3 ماشہ، گاؤزبان 2 ماشہ، گل بنفشہ، گل سرخ ہر ایک 7 ماشہ، مصری 3 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** تمام دوائیں 1 پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔ پندرہ دن کے بعد مسہل مندرجہ ذیل استعمال کرائیں۔

یہ نسخہ جات حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات اور مبتدیوں کے لئے مددگار اور سہولت و راہنمائی کا موجب ہوں گے اور ایسے مسلمہ فاضل طبیب کے معمولات مطب کا مل جانا کوئی معمولی بات نہیں۔

## (49) مسہل جنون و مالیخولیا

**اجزاء:** افتیمون ولایتی ماشہ، بادر نجبویہ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد 2 ماشہ، آرد تربد، عشق پیچہ ہر ایک تین ماشہ، جلاپہ ڈیڑھ ماشہ، کیرا ماشہ، رب السوس 4 رتی۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**طریق استعمال:** مغز بادام 15 عدد، سونف 3 ماشہ مصری تین تولہ، پاؤ پختہ پانی میں پیس کر چھان لیں۔ اس کے ایک ایک گھونٹ سے تمام سفوف پھانک لیں۔

## (50) منضج سودا و مالیخولیا مراقی

**منافع:** تمام سوداوی امراض و مالیخولیا مراقی کا عمدہ منضج ہے اور اس کے اثرات بہت جلد ظاہر ہوتے ہیں۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** عناب 5 دانہ، سپستان 11 دانہ، بنفشہ، ملٹھی ہر ایک 7 ماشہ، خطمی، بادیان، افتیمون ولایتی، بسفائج ہر ایک 3 ماشہ مصری 3 تولہ، موسم گرما میں خیساندہ اور موسم سرما میں جوشاندہ بنا کر استعمال کرائیں۔

## (51) منقی دماغ

**منافع:** دماغ کا تنقیہ کرنے میں بے مثل ہے۔ نہایت آسان کم خرچ اور زود اثر نسخہ ہے۔

**اجزاء:** گل اسطوخودوس 9 ماشہ، کشنیز 7 ماشہ، گل قند ڈھائی تولہ، مرچ سیاہ 5 عدد۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** دو چھٹانک پانی میں گھوٹ چھان کر ایک وقت یا دو وقت استعمال کرائیں۔

## (52) سفوف دافع نسیان

**منافع:** نہایت زود اثر اور مجرب المجرب ہے۔ لطف یہ کہ نہایت ارزاں اور سہل الحصول ہونے کے باوصف خوش ذائقہ بھی ہے۔

**اجزاء:** کندر، کشنیز خشک، برنج سونف، مغز بادام، مصری کوزہ ہر ایک دس تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ کوٹ کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** 2 تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

**برنج سونف بنانے کا طریقہ:** سونف 3 چھٹانک کے قریب لے کر تھوڑی دیر پانی میں تر رکھیں۔ پھر نرم نرم کوٹیں۔ جب چاول نکل آئیں تو صاف کرلیں۔

## (53) حب برائے تنقیہ دماغ و دافع نزول

**اجزاء:** تخم حنظل تولہ، صبر، پوست ہلیلہ کابلی، گوگل ہر ایک 6 ماشہ، کتیرا تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں کوٹ کر سفوف بنائیں۔

پھر گوگل 6 ماشہ کوٹ کر دو تولہ پانی میں بھگو رکھیں۔ جب حل ہو جائے تو مندرجہ بالا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک یا دو گولیاں رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ یا بز استعمال کرائیں۔ قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (54) حب اکسیر مالیخولیا مراقی

**منافع:** مالیخولیا مراقی کے جملہ عوارض کے لئے نافع ہیں۔ نیز کاسر ریاح مقوی معدہ اور مقوی اعصاب ہیں۔

**اجزاء:** سم الفار سفید ایک رتی، ایکسٹریکٹ ہائیو سائمس، فاسفیٹ آف آئرن، کونین سلفاس ہر ایک رتی، جدوار ماشہ، بھنگ 2 رتی۔

**ترکیب ساخت:** سب ادویہ کو ملا کر بقدر مونگ گولیاں بنائیں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام بعد غذا ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (55) نسوار ام الصبیان

منافع: ام الصبیاں کے لئے سہل الحصول اور بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء: آملہ سار ماشہ نک چھکن 3 ماشہ۔

ترکیب ساخت: دونوں دوائیں خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: جس وقت مریض کو دورہ ہو جائے۔ تھوڑی سی نسوار خوب پھونک دیں۔ ہر دورہ میں استعمال کرائیں۔

## (56) نسوار صرع (مرگی)

منافع: یہ نسوار بوقت دورہ استعمال کرائی جاتی ہے جو کہ نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ مجرب و معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب: کرم درخت مدار یعنی آک، کرم بنی، شتر۔

ترکیب ساخت: دونوں اشیاء مساوی الوزن لے کر خشک کر کے خوب باریک کر کے نسوار بنالیں۔

طریق استعمال: جس وقت مریض کو دورہ ہو جائے۔ تھوڑی سی نسوار پھونک دیں۔

## (57) گولیاں برائے ام الصبیاں (خاص الخاص)

منافع: یہ گولیاں بارہا اس عارضہ کے لئے استعمال کی جا چکی ہیں۔ جو نہایت سریع الاثر ثابت ہوئیں۔ ان کا تجربہ کرنے کے بعد آپ ضرور خوش ہوں گے۔ ایک بے نظیر نسخہ ہے۔

اجزاء: جدوار، عود صلیب، زہر مہرہ، عنبر اشہب ہر ایک 1 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے کھرل میں ملا کر عرق بید مشک سے ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے گولیاں بقدر مونگ تیار کریں۔

طریق استعمال: دو گولی ہمراہ شربت عناب 2 تولہ عرق سونف 4 تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

## (58) شربت گاؤزبان دیگر

منافع: یہ ایک کہنہ بیاض سے دستیاب ہوا اور مالیخولیا مراقی کے واسطے معجزنما ثابت ہوا ہے۔ مفرح مقوی دماغ و مقوی قلب عجیب الخواص شربت ہے۔

اجزاء: گاؤزبان 11 تولہ، چھڑ کالہ یعنی سنبل الطیب، چھڑیلہ، صندل سفید، گل سرخ ہر ایک 1 تولہ، زعفران، مشک خالص، کافور ہر ایک 4 رتی، مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: سوائے زعفران و مشک و کافور کے باقی ادویہ رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر جب آدھ سیر پانی باقی رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر قوام شربت کا تیار کریں۔ آخر قوام میں زعفران، مشک اور کافور کو ایک تولہ عرق گلاب میں حل کر کے ملا دیں۔

طریق استعمال: ڈھائی تولہ صبح ڈھائی تولہ شام، عرق گلاب یا پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

## (59) اکسیر لقوہ

**منافع:** لقوہ کا خاص نسخہ ہے جو کہ نہایت آسان اور بالکل مفت میں تیار ہو جاتا ہے۔ بے مثل نسخہ ہر ناظرین ہے۔

**اجزاء:** چھلکا ریٹھہ 3 تولہ' قند سیاہ 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** چھلکا ریٹھہ خوب کوٹ کر قند سیاہ کے ساتھ ملا کر دوبارہ اچھی طرح کوٹ لیں۔ جب گولی بننے کے قابل ہو جائے تو بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام بعد طعام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (60) اکسیر سرسام نمبر ①

**منافع:** یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے جو ایک سیاح دوست نے بڑا احسان جتلاتے ہوئے عطا کیا تھا۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پارہ 1 تولہ' آب تلسی بوٹی 5 تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** وقت ضرورت قدرے تالو پر مل دیں۔ بہتر ہے تالو کی جگہ کے بال استرے سے صاف کریں۔

## (61) اکسیر سرسام ②

**اجزاء:** آملہ سار' سیماب' کشتہ سکہ' میٹھا تیلیہ مدبر زہرہ ماہی (پتہ مچھلی) زہرہ طاؤس (پتہ مور) زہرہ بز (پتہ بکری) ہر ایک مساوی الوزن۔

**ترکیب ساخت:** آملہ سار اور سیماب کو آپس میں کھرل کریں جب خوب مل جائیں تو میٹھا تیلیہ باریک شدہ ملا دیں۔ پھر پتہ مذکور ملا کر خوب کھرل کریں۔ بعد میں کسی چاندی کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** بقدر ایک چاول منقی یا قند سیاہ یا خمیرہ گاؤزبان میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (62) اکسیر سرسام ③

**اجزاء و ترکیب استعمال:** آب ادرک و تلسی بوٹی خوب گھوٹ کر پیشانی پر ضماد کریں۔

## (63) سفوف مصفی دماغ و دافع درد سر ہر قسم

**اجزاء و ترکیب:** تربد سفید' ایارج فیقرا ہر ایک 10 ماشہ' ہلیلہ زرد 7 ماشہ' افتیمون' اسطو خودوس ہر ایک 6 ماشہ' ہلیلہ کابلی 5 ماشہ' سقمونیا 4 ماشہ' تخم حنظل ساڑھے تین ماشہ' زنجبیل' گل سرخ' نمک طعام ہر ایک تین ماشہ طباشیر' کیرا ہر ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** جملہ ادویہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔

**طریق استعمال:** تیرہ ماشہ ہمراہ عرق گلاب 10 تولہ' مصری 3 تولہ دوسرے روز صرف عرق گلاب 10 تولہ مصری 3 تولہ ملا کر پلائیں۔ تیسرے روز سفوف 13 ماشہ ہمراہ عرق گلاب 10 تولہ' مصری 3 تولہ

استعمال کرائیں۔ اسی طرح سلسلہ جاری رکھیں۔ صدہا بار کا مجرب ہے۔

## (64) کشتہ سم الفار اعلیٰ برائے رعشہ

**منافع:** یہ کشتہ رعشہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔ نیز قوت باہ اور امراض ریاحی کے واسطے بہت اعلیٰ ہے۔

**اجزاء:** سم الفار سفید دودھیا ایک تولہ' دار چینی ڈھائی تولہ۔

**ترکیب ساخت:** دار چینی کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں نصف بچھا کر اس پر سم الفار رکھ کر باقی دار چینی اوپر ڈال کر چپنی سے منہ بند کر کے گل حکمت کر کے نیچے 4 گھنٹہ تک بیری کی آنچ جلائیں۔ جب سرد ہو جائے تو اوپر والا جوہر اور درمیانی ٹکیہ لے کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** صبح ایک چاول مویز منقیٰ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ پہلے کوئی چیز کھلا لیں۔

**نوٹ:** سم الفار کو عرق گلاب ایک چھٹانک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر جب خشک ہو جائے تو حسب دستور آنچ دیں۔

## (65) کشتہ شنگرف برائے امراض اعصابی

**منافع:** فالج' لقوہ اور قوت باہ کے لئے بے مثل ہے۔ ریاحی دردوں کو مفید ہے۔ ایک کہنہ بیاض کا نسخہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب:** پیاز سفید' ڈیڑھ پاؤ کوٹ کر پانی نکال لیں۔ پھر شنگرف رومی ایک تولہ کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا آب پیاز ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب سب پانی ختم ہو جائے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں۔ اب مرچ سرخ خام ڈیڑھ پاؤ کوٹ کر اس کے نغدہ میں ٹکیہ مذکور رکھ کر اوپر پرانا کپڑا ڈیڑھ سیر لپیٹ کر محفوظ الہوا جگہ آگ لگائیں۔ جب اچھی طرح سرد ہو جائے تو سفید شدہ شنگرف حفاظت سے نکال کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک چاول پتاشہ میں رکھ کر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## (66) اکسیر مرگی

**منافع:** مرگی کا ایک اطمینانی نسخہ ہے جو میرے ایک فاضل دوست نے مجھے ازراہ شفقت عطا فرمایا تھا۔ آپ کو اس نسخہ کے ہوتے ہوئے کسی اور نسخہ کی ہرگز ہرگز ضرورت نہیں رہے گی۔ کیونکہ یہ مرگی کا ایک بہترین علاج ہے جو کہ فیض رسانی خلائق کے لئے کتابی صورت میں لایا جا رہا ہے۔ امید ہے کہ قدردان حضرات اس کی قدر ضرور کریں گے۔ ہاں استعمال زیادہ عرصہ تک کریں اور جوبات قابل دریافت ہو اس کے متعلق اطلاع دیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نمبر 1 گولڈ برومائیڈ کی پندرہ گرین کی ایک ٹیوب لے کر ایک بوتل عرق شیر میں حل کر لیں اور نمبر 2 پوٹاسی برومائیڈ 5 تولہ کو ایک بوتل عرق پوست نارنج (سنگترہ) میں حل کر لیں۔

**طریق استعمال:** نمبر 1 بقدر ایک تولہ صبح کے وقت پلائیں۔ نمبر 2 ایک تولہ رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔ غذا لطیف اور سریع الہضم کھلائیں۔ دیر ہضم بادی اور غلیظ چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

**عرق پوست نارنج بنانے کا طریقہ:** پوست نارنج یعنی سنگترے کا چھلکا اگر تازہ ہو تو آدھ سیر۔ اگر خشک ہو ایک پاؤ لے کر تین بوتل پانی ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی قریباً ایک بوتل رہ جائے تو مل کر چھان لیں۔ بس تیار ہے۔

عرق شیر نمبر 9 استعمال ہو جو اس کتاب میں پہلے گزر چکا ہے۔ گولڈ برومائیڈ اور پوٹاسیم برومائیڈ انگریزی دوا فروشوں سے خرید فرمائیں۔

## (67) گرم دوا دافع سردی

**منافع:** ہر قسم کی سردی، جھولہ، فالج، لقوہ، ریح، پرسوت (سوتک) بے ہوشی ضعف قلب، پٹھوں کی تمام امراض کے لئے اکسیر ہے، جہاں مریض کو سردی سے بے ہوشی لاحق ہو اور حرارت غریزی کم ہو جائے جادو کا اثر دکھلاتی ہے۔ غسل کرنے کے بعد یا زیادہ دیر تک سردی میں ٹھہرنے کی وجہ یا کسی اور سبب سے سردی ہو جائے۔ یہاں تک کہ دانت مل جائیں اور بے ہوشی طاری ہو جسم سرد ہو جائے تو یہ دوائی ایک کافی ضامن صحت ہو سکتی ہے۔ ہزاروں دفعہ تجربہ کی جا چکی ہے۔ غرض ہر قسم کی سرد امراض خصوصاً عارضی سردی کے لئے اکسیر ہے۔ ایک خاندان میں یہ مایہ ناز نسخہ پشتوں سے چلا آتا ہے۔ جو گرم دارو یا دوا لوہاری کے نام پر مشہور ہے۔ مجھے کافی خوشامد اور منت سماجت کے بعد حاصل ہوا۔ اس کی قدر مجھے معلوم ہے یا وہ لوگ جانتے ہیں جن کا یہ نسخہ ہے۔ زیادہ لکھنا فضول ہے۔

**اجزاء:** عقرقرحا، لونگ، جائفل، جاوتری (بسباسہ) دار چینی، فلفل دراز (مگھاں) زنجبیل ہر ایک 15 ماشہ، زعفران کشمیری 6 ماشہ، مشک خالص 2 رتی، مویز منقیٰ 10 تولہ، کچلہ سوختہ 8 عدد۔

**ترکیب ساخت:** کچلوں کو کسی کوزہ گلی میں رکھ کر دو سیر اوپلوں کی آنچ دیں یا کوئلوں کی آگ میں جلا لیں۔ مویز☆ کے بیج نکال لیں۔ باقی دوائیں الگ الگ کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ پھر سب اشیاء کو ملا کر لوہے کے ہاون دستہ میں چار گھنٹہ تک خوب کوٹیں۔ یا آہرن پر دو سو ضرب لگائیں۔ بس تیار ہے۔

☆مویز: مویز منقیٰ اصل لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں ایسا مویز جن کے بیج نکالے گئے ہوں۔

**طریق استعمال:** ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب گرم یا چائے وغیرہ استعمال کرائیں۔ اگر مریض بے ہوش ہو تو پانی میں حل کر کے حلق میں ڈال دیں۔ اور ساتھ نسوار نزلہ مندرجہ مجربات سلطانی حصہ اول استعمال کرائیں۔ اگر ایک خوراک سے آرام نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں۔ پرسوت، لقوہ فالج وغیرہ میں صبح شام ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔

## (68) اکسیر فالج و لقوہ و قوت باہ (صندوقچہ)

**منافع:** میرا ایک مایہ ناز معمول مطب نسخہ ہے۔ جس سے فالج، لقوہ، تشنج، تمدد، کزاز، رعشہ، ریح کے درد

جوڑوں کے درد، ضعف باہ وغیرہ کے متعدد مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ مثلاً ایک تپ کے مریض کو پسینہ کی حالت میں غسل کرا دیا گیا۔ جس سے اس کے تمام اعضاء ناکارہ و مفلوج ہو گئے۔ چل پھر نہیں سکتا تھا۔ اس اکسیر کے استعمال سے تندرست ہو گیا۔

ایسے ہی ایک مریض کو منضج مسہل سے فائدہ نہ ہوا۔ اس سے اچھا ہو گیا۔ ضعف باہ کے شاکیوں خصوصاً عمر رسیدہ اصحاب کے لئے ایک بھروسہ کی چیز ہے۔

**اجزاء:** شنگرف رومی ایک تولہ سم الفار سفید ایک تولہ شیر میش یعنی دودھ بھیڑی 9 چھٹانک۔

**ترکیب ساخت:** شنگرف رومی، سم الفار کو شیر میش کے ساتھ کھرل کریں۔ جب سب دودھ ختم ہو جائے شیشی میں مضبوط کارک لگا کر نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** 2 چاول سے نصف رتی تک صبح بتاشہ یا کھانڈ سفید میں رکھ کر نگلوا دیں۔ غذا مرغن استعمال کرائیں۔ پہلے ناشتہ کھلا کر دوائی استعمال کریں۔

# مجربات امراض چشم

## (69) روغن خوردنی اکسیر چشم

استاد رئیس الاطباء حکیم مولوی مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری مرحوم کا معمول مطب ہے۔

**منافع:** ضعف چشم، ضعف دماغ، ضعف اعصاب جملہ امراض چشم کے لئے مجرب المجرب ہے۔ موتیا بند میں دستکاری (اپریشن) کے بعد استعمال کرایا جاتا ہے۔ دماغ کی کمزوری کے لئے جس کے سبب آنکھیں کمزور ہو گئی ہوں نہایت مفید ہے۔ آنکھوں کی کمزوری کا خوردنی نسخہ اس سے بڑھ کر اور کوئی نہیں جسے نہایت ضروری سمجھ کر درج کیا جاتا ہے۔

**اجزاء:** گل سرخ، گلو ہر ایک 5 ماشہ، لونگ 5 دانہ، اجوائن ایک ماشہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ، رتن جوت، کشنیز خشک، برگ حنا، ملٹھی، صندل سرخ، صندل سفید، خار خسک، تمال پتر، الائچی خورد، زیرہ سفید، تخم کاہو، منڈی بوٹی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** تمام دوائیں رات کے وقت دو سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر اس میں گائے کا خالص گھی ایک سیر ملا کر دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف گھی باقی رہ جائے تو گھی کو احتیاط سے نتھار کر محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** تین تولہ سے 5 تولہ تک گرم دودھ میں ملا کر استعمال کرائیں۔ دستکاری کرنے سے چالیس روز بعد استعمال کرائیں۔

## (70) اکسیر قروح قرنیہ (صندوقچہ)

**منافع:** قروح قرنیہ اور سرخی چشم کے لئے ایک لاجواب چیز ہے۔ جس سے سینکڑوں مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ ہمارا خاص الخاص نسخہ ہے۔

**اجزاء:** ایسرین ایک انگریزی دوائی ہے جو ٹیوب میں بند ہوتی ہے۔ اس کی ایک ٹیوب لے کر احتیاط سے توڑ کر پانچ تولہ کھولتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ جب حل ہو جائے کھلے منہ والی نیلی شیشی میں ڈال لیں اور مضبوط کارک سے منہ بند رکھیں۔

**طریق استعمال:** دو وقت ڈراپر کے ذریعہ یا شیشی ہی سے تین چار قطرے آنکھ میں ڈالیں۔

## (71) اطریفل برائے جملہ امراض چشم

**اسناد:** حضرت استاذیم جناب حکیم ڈاکٹر محمد بخش صاحب مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاولپور کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** آنکھ کی تمام امراض میں تقویت وغیرہ کے لئے استعمال کرایا جاتا ہے۔ مقوی و منقی دماغ ہے۔ قبض رفع کرتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ آنکھ کے دوران علاج میں استعمال کرایا جاتا ہے۔ تبخیر وغیرہ کو روکتا ہے۔

**اجزاء:** پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' ہلیلہ سیاہ' پوست بلیلہ' تخم حنا' گل سرخ' صندل سفید' زیرہ سفید' اسطوخودوس' طباشیر ہر ایک 6 ماشہ' مغز بادام 2 تولہ' خشخاش' مغز کشنیز' مغز پستہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** ہلیلہ جات کو کوٹ چھان کر بادام روغن سے چرب کر لیں۔ اور باقی دوائیں بھی کوٹ کر سب کو خوب ملا لیں۔ پھر عناب 20 دانہ' شاہترہ مکو خشک ہر ایک تین تولہ' رات کو 1 پاؤ پانی میں بھگو کر صبح ان کے زلال میں مصری 2 پاؤ ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر دوائیں مذکورہ بالا ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

## (72) سرمہ امراض چشم

**منافع:** ایک محترم دوست نے کمال شفقت اور مہربانی سے اپنا یہ معمول مطب نسخہ عطا فرمایا جو آنکھ کی تمام امراض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ لطف یہ کہ بالکل آسان اور سستا ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

**اجزاء:** رسوت بریاں' کشتہ جست ہر ایک 10 ماشہ' نیلہ تھوتھا بریاں 5 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** رسوت کو لوہے کے توے پر بریاں کریں۔ حتیٰ کہ زرد رنگ ہو جائے۔ نیلہ تھوتھا کو بھی توے پر بریاں کریں کہ سفید ہو جائے۔ پھر کشتہ جست کو کپڑ چھان کر لیں اور سب اشیاء کھرل میں ڈال کر تین چار گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔

**طریق استعمال:** ککروں پر انگلی کے پوٹے سے لگائیں۔ باقی امراض میں سلائی سے لگائیں۔

## (73) سرمہ دافع درد و ککرے

**منافع:** درد' ککرے' دھند' خارش' پڑبال' جالا' پھولا' ضعف بصر وغیرہ کے لئے ایک لاجواب اور بے مثال چیز ہے۔ جو احباب تجربہ کریں گے۔ وہ ضرور قدر کریں گے۔

اجزاء: زنگار 7 ماشہ ' سفیدہ ' سمندر جھگ ' کشتہ جست ' نوشادر ' سرد چینی ' کتھ گلابی ' سون مکھی ' صدف سادہ ' سیپ اصلی) شورہ قلمی ' سفیدی بیٹ سانڈہ ہر ایک 4 ماشہ ' افیون ایک رتی ' کافور پھل کٹائی خورد بیج کنڈیاری ہر ایک ایک ماشہ عرق گلاب اعلیٰ 17 تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔

نوٹ: اگر سفیدی بیٹ سانڈہ اور پھل کٹائی خورد نہ مل سکیں تو باقی دوائیں مہیا کر کے سرمہ تیار کر لیں۔

اگر سرمہ سیاہ رنگ تیار کرنا چاہیں تو اس میں سرمہ سیاہ 2 تولہ ملا لیں۔

## (74) سرمہ پڑبال اطفال

اجزاء: سرمہ سیاہ 2 تولہ ' زنگار 1 تولہ۔

ترکیب ساخت: دونوں اشیا کو تین چار گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔

طریق استعمال: حسب دستور سلائی سے لگائیں۔

## (75) ذرور چشخام برائے رمد (صندوقچہ)

اجزاء و ترکیب ساخت: چشخام یعنی چاکسو دو تولہ کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر بمعہ لید خر آدہ پاؤ ' گندم ' بابونگ ہر ایک 3 ماشہ ' پانی دو سیر ایک مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ جب چاکسو خوب گل جائے اور چھلکا اترنے لگے تو چاکسو کی پوٹلی نکال کر اس کے مغز حاصل کریں پھر اس میں رسونت ہلدی ایک ماشہ ' انزروت مدبر 2 ماشہ کوزہ مصری 4 ماشہ اضافہ کر کے خوب کھرل کر کے رکھ لیں۔

طریق استعمال: دو وقت آنکھ میں چٹکی سے قدرے دھوڑ دیں اور کچھ دیر تک آنکھ بند رکھیں۔ ایک وقت یا دو وقت حسب برداشت طبع و ضرورت استعمال کرائیں۔

## (76) آئی لوشن برائے آشوب چشم

استاد حکیم محمد عبدالعزیز صاحب مالک شفاخانہ عالمی بھلوال کا معمول ہے۔

منافع: آشوب چشم یعنی رمد کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی حسب ضرورت کوزہ گلی میں بند کر کے چار پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پیس لیں۔ پھٹکڑی بریاں مذکور 10 رتی ' بورک ایسڈ 5 رتی ' عرق گلاب قسم اوّل 5 تولہ ایک شیشی میں ملا لیں۔

طریق استعمال: دو تین قطرے صبح و شام آنکھ میں باحتیاط ڈالیں۔ دوا ڈالنے سے پہلے شیشی کو سرد کر لیا کریں۔

## (77) سرمہ دافع پھولا

منافع: اس سے سفیدی چشم یعنی پھولا کے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ نیز جالا دھند ' غبار ' ککروں کے

ایک صاحب کا ذریعہ معاش ہے۔ غرض مندرجہ بالا امراض کے لئے ایک بہترین سرمہ
لئے نہایت مفید ہے۔

ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** آملہ سار، برادہ تانبہ مساوی الوزن لے کر کھٹی بوٹی یا لیموں کے پانی میں تر کریں۔ جب خشک ہو جائے۔ اس کے برابر سرمہ سیاہ ملا کر خوب کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** رات کو سوتے وقت آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں۔

**نوٹ:** اگر آملہ سار اور برادہ تانبہ کھٹی بوٹی کے پانی میں پھول جائیں تو بہتر ورنہ دوسری دفعہ بوٹی مذکورہ کا پانی ڈال کر تر کریں تاکہ خوب پھول جائے پھر کھرل کریں۔

## (78) سرمہ صوفیانہ

**منافع:** دھند، جالا، سیل کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ نیز دمعہ (آنکھوں سے پانی جاری ہونا) ضعف بصر، ککروں، خارش چشم، غبار کے لئے نہایت سریع الاثر مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء:** کشتہ جست، سرمہ سیاہ ہر ایک 4 تولہ، افیون دو ماشہ، سمندر جھگ، سرمہ سفید ہر ایک 8 ماشہ، زنگار 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** ہر ایک دوا کو الگ الگ کوٹ پیس کر ایک روز آب لیموں میں کھرل کریں۔

**طریق استعمال:** ایک سلائی روزانہ استعمال کرائیں۔

# مجربات امراض گوش (کان)

## (79) دوائے درد گوش

**منافع:** درد گوش خواہ جس سبب سے ہو۔ دوائی ڈالتے ہی آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت بے ضرر مجرب المجرب ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مرکی، انزروت (ماس خورہ) مصبر ہر ایک 2 ماشہ باریک کر کے بول بھینس 5 تولہ میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو کپڑے میں چھان لیں۔

**طریق استعمال:** ایک دو قطرے دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کرائیں۔

## (80) دوائے درد گوش نمبر②

**منافع:** کان درد کے لئے کئی دفعہ کا مجرب ہے۔ پہلی دفعہ ڈالنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

**اجزاء:** روغن اجوائن دیسی، کافور، ست پودینہ ہر ایک 1 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** کافور کو باریک پیس کر سب دوائیں ایک شیشی میں ڈالیں۔ تیل بن جائے گا۔

**طریق استعمال:** ایک قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔

## (81) دوائے درد گوش ③

منافع: درد گوش کو فی الفور نفع بخشتی ہے اور آسانی سے تیار ہو جاتی ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

اجزاء: افیون 4 رتی، روغن چنبیلی ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب ساخت:** افیون کو باریک پیس کر دونوں اشیا ایک شیشی میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ تاکہ یک جان ہو جائیں۔

**طریق استعمال:** دو یا تین قطرے کان میں ڈالیں۔ اگر ایک دفعہ سے پورا آرام نہ ہو تو دوبارہ ڈال دیں۔ اجوائن کا دھواں دینا اور اس کا بھپارہ مفید ہیں۔ اگر کان بہتا ہو تو دوائی ڈالنے سے پہلے ہائیڈروجن سے صاف کر لینا بہتر ہے۔

## (82) درد پھنسی، بہراپن وغیرہ کی دوا

منافع: درد گوش، پھنسی، بہراپن، پیپ، ثقل سماعت وغیرہ کا خاص علاج ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب:** سرکہ انگوری 5 تولہ، روغن کنجد 10 تولہ، مغز بادام تلخ نیم کوفتہ، افسنتین ہر ایک ایک تولہ، آب پیاز 3 تولہ، آب برگ مدار نرم و تازہ 7 عدد۔

**ترکیب ساخت:** سب کو نرم آگ پر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو پھر چھان کر کاربالک آئل 2 تولہ ملالیں۔

**طریق استعمال:** ایک دو قطرے کان میں ڈالیں۔

**کاربالک آئل بنانے کا طریقہ:** روغن کنجد 7 تولہ گرم کر کے اس میں کاربالک ایسڈ 25 بوند احتیاط سے ڈالیں۔ سرد ہونے پر شیشی میں ڈال لیں۔

## (83) اکسیر الاذن

منافع: کان کا درد خواہ جس سبب سے ہو یا کان بہتا ہو۔ اکسیر ہے۔

**اجزاء و ترکیب:** ٹنکچر اوپیم، ٹنکچر بلاڈونا، میگنیشا ہر ایک ایک ڈرام، گلیسرین سپرٹ میتھیلیٹڈ ہر ایک دو ڈرام سب کو ملالیں۔

**طریق استعمال:** دو تین قطرے صبح و شام کان میں ڈالیں۔ اگر کان بہتا ہو تو ہائیڈروجن سے صاف کر کے بعد میں دوائی ڈالیں۔

# مجربات امراض بینی (ناک)

## (84) اکسیر نکسیر

منافع: نکسیر کا ایک خاص آزمودہ نسخہ ہے۔ کئی مریضوں پر آزمائش ہو چکی ہے۔ تیسرے دن کلی آرام۔

جاتا ہے۔ بالکل آسان ہے۔ اور لطف یہ کہ اس پر ایک پیسہ روزانہ سے زیادہ لاگت نہیں آتی۔

**اجزاء و ترکیب:** گل کیسو ایک تولہ رات کو ایک چھٹانک پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر مصری ایک چھٹانک ملا کر پلائیں۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔

## (85) نسوار دافع نکسیر

**منافع:** یہ نسوار خواہ جس قدر شدت مرض ہو فی الفور نفع بخشتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب:** پھٹکری سفید بریاں، خاکستر اوپلہ جنگلی، خاکستر خرمہرہ زرد، خاکستر پشم اونٹ، سیاالموئی سوختہ، سنگجراحت ہر ایک تین ماشہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ سب کو پیس کر ملا لیں۔

**طریق استعمال:** دن میں تین چار بار زور سے نسوار دیں تاکہ دماغ تک اثر پہنچے اور مریض کو چت لٹائے رکھیں۔ ماتھے اور سر پر برف میں کپڑا تر کر کے رکھنا اور سرد پانی ڈالنا مفید ہے۔ ساتھ حابس الدم نمبر 373 کھلا دیں یا نسخہ 89 استعمال کرائیں۔ واضح رہے کہ نکسیر بحرانی کو بند نہیں کرنا چاہیے۔

## (86) چھچھڑا ناک

**منافع:** ایک سنیاسی کا عطیہ ہے جس کے استعمال سے ناک کا چھچھڑا مفقود اور دماغ کی خشکی زائل ہو جاتی ہے۔

**اجزاء:** گائے کا خالص گھی ایک تولہ، نمک شیشہ تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** نمک شیشہ کو باریک کھرل کر کے گھی میں ملا لیں۔

**طریق استعمال:** دن میں دو یا تین دفعہ بطور نسوار استعمال کریں۔ اگر موسم سرما ہو تو گرم کر کے استعمال کریں۔

## (87) نسوار کرم دماغ ①

**منافع:** اس سے دماغ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ ایک عجیب الاثر نسخہ ہے۔

**اجزاء:** ملیم، الائچی خورد، ریوند خطائی، زہرمہرہ، افسنتین، کچور ہر ایک 2 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کر کے خوب کھرل کریں۔

**طریق استعمال:** دن میں تین بار نسوار لیا کریں۔

**نوٹ:** ملیم کو آرد گندم کی ٹکیہ میں لپیٹ کر روغن زرد میں بریاں کر لیں پھر استعمال کریں۔

## (88) دوائے کرم دماغ ②

**اجزاء و ترکیب استعمال:** ملیم کو آب برگ نیم سبز میں گھس کر ناک میں ٹپکائیں اور زور سے بطور نسوار اوپر کو سڑکیں۔ دن میں تین بار استعمال کرائیں۔

**نوٹ:** کرم خارج ہونے کے بعد کاربالک آئیل کا ایک ایک قطرہ صبح و شام ناک میں ڈال کر سڑک لیا

...ں۔ اور پہلے اگر دماغ کا تنقیہ حب ایارج سے کر لیا جائے تو بہتر ہے۔

### (89) دوائے نکسیر

**منافع:** خون، نکسیر، خون تھوکنا، پیشاب میں خون کا آنا وغیرہ ہر قسم کا خون بند کرتی ہے۔

**اجزاء:** سنگجراحت 5 تولہ، برگ نیم سبز یا خشک ایک پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** برگ نیم سبز ہوں تو گھوٹ لیں۔ اگر خشک ہوں تو پانی کے ذریعہ گھوٹ کر نغدہ بنا کر درمیان میں سنگجراحت رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ پھر پیس کر محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ صبح نہار مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

### (90) دوائے بواسیر الانف

**منافع:** دو تین دن استعمال کرانے سے گوشت زائد یعنی مسہ گل کر نکل جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مرکی، ملیم ہم وزن لے کر الگ الگ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** بواسیر الانف کی گہرائی کے مطابق روئی کی بتی بنا کر سرکہ انگوری سے تر کر کے دوائی سے آلودہ کر کے ناک میں رکھائیں۔

## مجربات امراض دندان

### (91) اکسیر درد داڑھ

**منافع:** درد داڑھ کا اکسیری بے خطا ایک منٹ میں جادو کا اثر دکھلانے والا نسخہ ہے۔ روتا آئے، ہنستا جائے، صرف ایک منٹ کے اندر داڑھ کے درد کو تسکین بخشتا ہے جو کہ ہمیشہ ہمارے مطب میں تیار رہتا ہے۔ دنیا بھر کی مسکنات کی سرتاج ہے۔ دو بار سے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

**اجزاء:** ٹنکچر آیوڈین، کافور، کاربالک ایسڈ، کلورل ہائیڈریٹ، کریازوٹ ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب ادویات کو ایک شیشی میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** درد والے دانت پر روئی سے باحتیاط لگائیں۔ اگر سوراخ ہو تو سوراخ کے اندر رکھیں۔ ایک منٹ میں درد کو آرام دے گا۔ اگر پھر درد چھڑ جائے تو دوسری یا تیسری دفعہ استعمال کریں۔ زیادہ کی ضرورت نہیں رہتی۔

### (92) منجن امراض دندان

**منافع:** تمام امراض دندان مثلاً **ملسخورہ**، درد دندان، دانتوں کا ہلنا، پانی لگنا، دانتوں کا میلا رہنا وغیرہ کے لئے ازحد فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ دانتوں کو سفید چمکدار بناتا ہے۔ تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ مطب میں تیار رہنے کے قابل جامع الخواص نسخہ ہے۔

**اجزاء:** عقر قرحا' مازو' نمک سیاہ' چپلا مول' بھنگڑی سرخ' بھنگڑی سفید' پوٹاسیم پرمگنیٹ ہر ایک ڈھائی تولہ' ناگر موتھ 2 تولہ' نوشادر' نیلہ تھوتھا' چھلکا بادام' سوختہ ہر ایک 6 ماشہ' کباب چینی ایک ہڑتال' گاؤدنتی سوختہ 5 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** بھنگڑی سرخ و سفید کوزہ گلی میں بند کر کے چار پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اگر نہ سکے تو توے پر بریاں کر لیں۔ گاؤدنتی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے توے پر ڈال کر اوپر پیالہ اوندھا رکھ کر آگ جلائیں۔ جب پھول جائے تو اتار کر سرد کر لیں یا کوئلوں کی آگ میں رکھ کر کشتہ کر لیں۔ سب ادویہ کو الگ باریک کر کے خوب ملا لیں بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** صبح و شام دانتوں پر مل دیا کریں۔ بعد میں گرم پانی سے کلی کریں۔

## (93) منجن دندان دیگر

**منافع:** دانتوں کی تمام امراض مثلاً **ملسخورہ**' درد دنداں' کرم دندان وغیرہ تمام امراض کے واسطے مفید ہے۔

**اجزاء:** کوڑی زرد سوختہ' کاہی سوختہ' جڑ کاسنی' بچ' نمک لاہوری' افیون ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

**طریق استعمال:** دو وقت صبح و شام دانتوں پر مل دیا کریں۔

## (94) منجن برائے ماس خورہ ①

**منافع:** ہمارا بارہا کا مجرب المجرب ہے۔ اس کے استعمال سے **ملسخورہ** کا نام و نشان تک نہیں رہتا بشرطیکہ حکمیہ فائدہ کرتا ہے۔ اور اس سے ہم بہت کچھ فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ ہر وقت مطب میں تیار رہتا ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کتاب کر دیا جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل سرخ سپاری' مازو سبز' عقر قرحا' بھنگڑی بریاں' کوکنار ہر ایک 6 ماشہ الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

**طریق استعمال:** رات کو سوتے وقت پہلے گرم پانی سے کلی کرا کر بقدر 3 ماشہ دانتوں پر مل کر سو رہیں لعاب منہ سے گراتے رہیں دن کو بھی استعمال کرائیں۔

## (95) منجن برائے ماس خورہ ②

**منافع:** میرے ایک شاگرد کا معمول مطب ہے۔ میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے۔ بالکل آسان۔ اس سے بیسیوں مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

**اجزاء و ترکیب:** بھنگڑی بریاں ماس خورہ (انزروت) عقر قرحا ہر ایک ایک تولہ الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

**طریق استعمال:** رات کو سرکہ سے کلی کرا کر دوائی بقدر 2 ماشہ دانتوں پر مل کر لعاب دہن گرا

...ریں۔ دن کو بھی استعمال کرا دیں۔ گڑ تیل کی اشیا سے پرہیز کرائیں۔

## (96) دوائے درد دانت مجرب ①

**منافع:** دانت درد، خواہ جس سبب سے ہو آرام ہو جاتا ہے۔ خصوصاً سردی کے درد دانت کو نہایت مفید ہے۔

**اجزاء:** برگ مدار یعنی آک تین عدد، شیر مدار 6 ماشہ، بھنگڑی ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** شیر مدار کو برگ مدار پر ڈال کر اس پر بھنگڑی رکھ کر لپیٹ لیں اور ایک کوزہ گلی میں بند کر کے تین چار سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر نگاہ رکھیں۔

**نوٹ:** برگ مدار تین عدد تازہ لینے چاہئے اور شیر مدار بھی تازہ حاصل کر کے برگ مدار پر ڈال کر اس پر بھنگڑی رکھ کر لپیٹ کر کوزہ گلی میں بند کرنا چاہئے۔ دوائی دانتوں پر بقدر ضرورت مل کر منہ ڈھیلا چھوڑ کر لعاب نیچے گراتے رہنا چاہئے۔

**طریق استعمال:** تھوڑی سی دوائی لے کر دانتوں پر مل دیں۔ دن میں دو یا 3 دفعہ استعمال کریں۔

## (97) دوائے درد دانت ②

**منافع:** یہ نسخہ بھی مندرجہ بالا نسخہ کی طرح مجرب اور آزمودہ ہے۔ دو کوڑی میں مہیا ہو جاتا ہے۔ اور پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے۔

**اجزاء:** کھریا مٹی، برگ نیم ہر ایک تین ماشہ، تخم سرس، نوشادر ہر ایک 6 ماشہ، مغز ریٹھہ ایک عدد۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ کوٹ کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** حسب ضرورت صبح و شام یا دن میں تین دفعہ دانتوں پر ملیں۔

## (98) اکسیر درد داڑھ و درد دانت

**منافع:** درد دانت، درد داڑھ کا سو فی صدی کامیاب نسخہ ہے۔ جس سے دس منٹ میں بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ یہ ایک اطمینانی نسخہ ہے۔

**اجزاء:** کونین سلفاس، افیون مصفی ہر ایک ایک رتی۔

**ترکیب ساخت:** دونوں کو ملا کر رکھیں۔

**طریق استعمال:** دوائی میں قدرے پانی ملا کر گولی بنا کر سوراخ میں رکھیں۔

## (99) اکسیر درد دانت از کرم

**اجزاء:** نوشادر، سوہاگہ، کیری ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** دوائیں الگ الگ باریک کر کے خوب کھرل کریں۔

**طریق استعمال:** قدرے دانت پر رکھیں اور جس طرف درد ہو اس طرف ناک میں کھینچیں۔

## (100) دانتوں کو صاف کرنے والا منجن

**منافع:** دانتوں کے صاف کرنے میں بے نظیر ہے۔ دانت صاف کرا کر برش کے ذریعہ اچھی طرح مل دیا جائے تو خواہ جس قدر دانت میلے کچیلے ہوں۔ فوراً موتیوں کی طرح سفید چمکدار نکل آتے ہیں۔ معمولی حالت میں یوں ہی مل دیا جاتا ہے۔ اس جیسا زود اثر عجیب و غریب منجن اور کوئی نہیں ملا۔

**اجزاء:** پوست بادام، پوست ہلیلہ ہر ایک 5 تولہ، سپاری نمک سیاہ ہر ایک ڈھائی تولہ، نیلہ تھوتھا 4 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** پوست بادام، پوست ہلیلہ کو بریاں کر لیں۔ سپاری کو باریک کتر لیں۔ نیلا تھوتھا بھی بریاں کر لیں۔ پھر سب اشیاء باریک کر کے ملا لیں۔

**طریق استعمال:** تین ماشہ کے قریب دانتوں پر مل کر برش سے خوب ملیں۔ اگر دانتوں پر میل زیادہ ہو دانت صاف کرا کر مل دیں۔ بعد میں گرم پانی سے کلی کریں۔

## (101) غرغرہ برائے درد دنداں

**منافع:** درد دنداں خواہ جس سبب سے ہو۔ قلاع (منہ آنا) آتشک سے خواہ کسی اور وجہ سے ہو۔ اس اکسیر بے نظیر کے استعمال سے صحت ہو جاتی ہے۔ شرطیہ حکمیہ مفید ہے۔ جب کبھی آپ کو ضرورت ہو اس کا تجربہ کر کے اس کے اثرات مشاہدہ کریں۔

**اجزاء:** برگ حنا، کشنیز خشک، کبابہ، بھنگڑہ ہر ایک ایک تولہ، نیلہ تھوتھا 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب دو یا تین جوش آ جائیں تو چھان کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** نیم گرم کر کے دن میں دو تین دفعہ غرغرہ کریں۔ بعد میں زبان کو کپڑے سے صاف کر لیا کریں۔

## (102) منجن دنداں

**منافع:** دانتوں کی کل امراض مثلاً ماس خورہ، کرم دنداں، درد دندان بدبو دندان وغیرہ کا لاجواب نسخہ ہے۔ دانتوں کو محکم کرتا ہے۔ اگر مواد دماغی کے سبب سے دانتوں کو تکلیف ہو تو اس کو فی الفور دفع کرتا ہے اور دانتوں کو صاف کر دیتا ہے۔ فی الواقع بہترین منجن ہے۔

**اجزاء:** عقر قرحا، ورچ، مائیں، ستھرے ہر ایک 5 ماشہ، پوست درخت انار، مازو کندر، گلنار، گل سرخ، بسد، بیخ سوسن، سفال چینی ہر ایک تین ماشہ، بورہ دندان فیل، خستہ ہلیلہ، طباشیر، شاخ گاؤ کوہی سوختہ، خرف، نشاستہ، کتیرا، کشنیز خشک عدس ہر ایک 6 ماشہ، سمندر جھگ، نمک طعام، صدف سوختہ، حلزوں یعنی سنکھ سوختہ، بھنگڑہ ہر ایک سوا ماشہ، فلفل سفید، مصطگی، عود بلسان ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو الگ الگ باریک کریں اور ڈیڑھ ماشہ کافور ملا کر اچھی طرح پیس کر سفوف بنا لیں۔

**طریق استعمال:** حسب دستور دانتوں پر ملیں۔ اگر درد دندان ہو تو روغن زیتون میں ملا کر دانتوں کی جڑوں پر ملیں۔ اسی وقت آرام ہو جائے گا۔ اگر دانت ہلتے ہوں تو سرکہ میں ملا کر کلیاں کریں۔

# مجربات امراض حلق و دہن

## (103) اکسیر خناق ہر قسم

**منافع:** خناق کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے اور سو فی صدی مفید ثابت ہوا ہے۔ جس کے استعمال کرنے کے بعد پھر اور کسی نسخہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس کو ضرور آزمائیں۔ نہایت لاثانی چیز ہے۔

**اجزاء و طریق استعمال:** پوست ریٹھہ 6 ماشہ کوٹ کر پانی میں دو جوش دے کر غرغرے کریں۔ اگر مریض بے ہوش ہو تو چند قطرے حلق میں ڈال کر مریض کے سر کو ہلا دیں تا کہ دوائی اندر چلی جائے۔

## (104) دیگر برائے خناق بلغمی

**اجزاء و طریق استعمال:** عناب 5 دانہ، لسوڑیاں 11 دانہ، بنفشہ 7 ماشہ، زوفا 3 ماشہ، پرساؤشاں 3 ماشہ، انجیر خشک ایک عدد، ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر ایک ایک گھونٹ پلاتے رہیں۔

## (105) برائے لکنت زبان

**اجزاء و طریق استعمال:** عقرقرحا، فلفل سیاہ پیس کر سفوف بنا لیں۔ اور دو وقت زبان پر ملیں۔ لعاب دہن نیچے گراتے رہیں۔

## (106) دیگر برائے لکنت زبان

**اجزاء:** وچ ترکی 10 تولہ، گھماں، بیخ پان ہر ایک 2 تولہ، بادام روغن 5 تولہ، شہد آدھ سیر۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے شہد میں ملا لیں۔ چالیس روز کے بعد استعمال شروع کریں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ دودھ تازہ استعمال کریں۔

## (107) حبوب برائے گرفتگی آواز ①

**اجزاء:** رب السوس، الائچی خورد، خولنجاں، مرچ سیاہ، بہدانہ، کبابہ ہر ایک تین ماشہ، طباشیر، بنفشہ ہر ایک 5 ماشہ، برہمی 9 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** تمام دوائیں کوٹ چھان کر شہد بقدر ضرورت ملا کر گولیاں نخود تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔ 24 گھنٹہ میں چار پانچ گولیاں استعمال

کریں۔

## (108) حبوب دیگر برائے گرفتگی آواز ②

**منافع:** تپ کے بعد یا کسی اور وجہ سے خشکی پیدا ہو کر گرفتگی آواز کا عارضہ پیدا ہو جائے تو یہ گولیاں مفید ثابت ہوتی ہیں۔

**اجزاء:** کاڑہ سنگی، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، گل گاؤزبان، زوفا، اصل السوس، تخم کاہو، رب السوس، خشخاش سفید ہر ایک تین ماشہ، کوکنار، کیرا ہر ایک 2 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں کوٹ کر باریک سفوف تیار کر کے لعاب بہدانہ کے ذریعہ گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔ بقدر ضرورت پھر رکھیں۔

## (109) سفوف دافع گلہڑ

**منافع:** گلہڑ کے عارضہ یعنی گلا بڑھ جانے کے لئے نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ کئی مریضوں پر تجربہ ہوا ہے۔

**اجزاء:** گلہڑ پتر 2 ماشہ، اجوائن دل، اجوائن خراسانی، کنجد، مویز منقی، نارجیل دریائی ہر ایک 7 ماشہ، بھلاواں سر بریدہ، فلفل سیاہ ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں خوب باریک کر کے سفوف بنائیں۔

**طریق استعمال:** 4 ماشہ صبح ہمراہ باسی پانی استعمال کریں۔

## (110) اکسیر قلاع (منہ آنا)

**اجزاء:** بورک ایسڈ ایک تولہ، نیلہ تھوتھا بریاں ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** باریک کر کے خوب ملا کر دو چند گلیسرین میں ملائیں۔

**طریق استعمال:** روئی وغیرہ سے منہ کے آبلوں پر دن میں دو بار لگاتے رہیں۔

## (111) دوائے قلاع اطفال

**اجزاء:** گلیسرین تین ماشہ، بورک ایسڈ ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** بورک ایسڈ کو گلیسرین میں اچھی طرح ملا کر کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** روئی کے پھاہے سے دن میں دو بار لگائیں۔

## (112) دوائے ورم لوزتین (گلے پڑ جانا)

**اجزاء:** جوہر پودینہ، جوہر اجوائن ہر ایک 15 گرین، آئل یوکلپٹس 20 گرین، گلیسرین 4 ڈرام۔

**ترکیب ساخت:** جوہر پودینہ، جوہر اجوائن کو خوب باریک کر کے سب کو ملا لیں۔

طریق استعمال: لوزتین پر یعنی اندر گلے میں صبح و شام لگائیں۔

## (113) ورم لوزتین کا آسان نسخہ

یہ اور بھی مفید اور آسان نسخہ ہے جو شب و روز کا معمول ہے۔ گلے میں دو وقت لگایا جائے تو دو تین دن کے اندر آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاء: ٹنکچر سٹیل 3 ماشہ، گلیسرین ڈھائی تولہ۔

ترکیب ساخت: دونوں اشیا کو ایک کھلے منہ کی شیشی میں ملا کر رکھیں۔

طریق استعمال: حسب دستور لوزتین پر صبح و شام لگایا کریں۔

## (114) حب بحة الصوت

منافع: بحة الصوت (گلہ بیٹھنا) خواہ جس سبب سے ہو ان گولیوں کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔ بہت تھوڑے عرصہ میں آواز کھل جاتی ہے۔ آسان نسخہ ہے۔

اجزاء: رب السوس 4 ماشہ، کتیرا، نشاستہ، صمغ عربی، مغز خیارین، مغز کدو، مصری ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیا کوٹ چھان کر گولیاں چنے کے برابر بنالیں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح اور شام منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔

## غرغرہ برائے سقوط لہات از رطوبت دموی

منافع: گلنار، مازو سبز، گل ارمنی، اقاقیا ہر ایک 6 ماشہ، ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر غرغرے کریں۔

# مجربات امراض سینہ و ریہ (پھیپھڑے)

## (115) لال شربت

منافع: یہ لال شربت کا عجیب و غریب نسخہ میرے مطب میں ہمیشہ خاص طور پر تیار ہو کر عام فروخت ہوتا ہے اور اسے میں نے آج تک مخفی رکھا ہوا تھا۔ لیکن آج بلا دریغ ظاہر کر دیا جاتا ہے۔ جس کا خرچ بھی بہت کم آتا ہے۔ اور نہایت آسانی سے تیار ہو جاتا ہے۔ آپ اسے استعمال کرا کر فرانس کے تیار شدہ لال شربت کے ساتھ بےشک مقابلہ کریں۔ اور ولائتی لال شربت سے ہمیشہ کے لئے بے نیاز ہو جائیں۔ یہ فی الحقیقت ایک نایاب اور گراں قدر چیز ہے۔ جو آج اپنی عزیز و مقبول عام تصنیف میں پبلک کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر شائع کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ حکماء صاحبان خصوصاً دکانداران حکیم خواہ پنساری، نیز عوام الناس اس نسخہ سے بے بہا فائدہ اٹھائیں گے اور میری فیاضی و راست گوئی کی ضرور تصدیق کریں گے۔ یہ بیمثال تجارتی نسخہ ہے جو سینہ اور پھیپھڑے کی امراض مثلاً دق و سل، کھانسی کہنہ، عام کھانسی نزلہ، زکام وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ اور کمزور بچوں کو طاقتور کرتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ بانسہ ایک سیر' گل نیلو فر 10 تولہ' سرطان نہری 3 تولہ' برگ گاؤزبان
ملٹھی کوفتہ ہر ایک ایک پاؤ۔ اس کا عرق بقدر تین بوتل نکالیں۔ ایک بوتل عرق میں ایک سیر مصری
تولہ' ہائپو فاسفیٹ آف لائم 60 بوند' ایسڈ فاسفورس اور رنگ سرخ شیریں یا کچنیل بقدر ضرورت ملا
حسب دستور شربت تیار کریں۔ یہ اعلیٰ درجہ لال شربت تیار ہو گیا۔ خواہ شیشیوں میں بند کر کے لیبل لگا
اعلیٰ پیمانہ پر تجارت کریں۔ خواہ مریضوں پر استعمال کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک تولہ دن میں تین دفعہ پلائیں۔ خواہ عرق گاؤزبان میں ملا کر استعمال کرائیں
سل' پانی کھانسی اور عام کھانسی کے لئے شربت مرکب 3 تولہ' لال شربت 6 ماشہ' عرق گاؤزبان 10 تولہ
کر بھی صبح و شام استعمال کرایا جاتا ہے۔ بچوں کو عمر کے لحاظ سے استعمال کرائیں۔

## (116) شربت مرکب برائے کھانسی

**اسناد:** یہ نسخہ طبیب فاضل جناب حکیم الہ دین صاحب بھیروی (شیخوپوری) کا معمول مطب ہے۔

**منافع:** پرانی کھانسی' سل' خرابی پھیپھڑا' عام نزلہ زکام اور کھانسی کے لئے یہ شربت نہایت مفید ثابت
ہوا ہے۔ جو ہمارے مطب میں عام طور پر تیار رہتا ہے۔ اسے معمولی شربت تصور نہ کریں۔ بلکہ معمول
مطب بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

**اجزاء:** بنفشہ' ابریشم مقرض' بیخ سوسن' گاؤزبان ہر ایک ایک تولہ' ملٹھی' تخم کتان ہر ایک ڈیڑھ تولہ
سپستان 100 عدد' خشخاش 5 تولہ' کوکنار 3 تولہ' مصری تین پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** دوائیں رات کو سوا سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں جب ڈیڑھ پاؤ پانی رہ
جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پانی میں جوشاندہ کوکنار ہی میں ملا کر استعمال کریں۔

## (117) جوشاندہ کوکناری برائے نزلہ وغیرہ

**منافع:** نزلہ' زکام' کھانسی' کہنہ و جدید تپ معہ کھانسی' دق' سل تمام امراض پھیپھڑہ و سینہ کے لئے
معمول مطب ہے۔

**اجزاء:** بنفشہ' گاؤزبان ہر ایک 2 ماشہ' تخم کتان' ملٹھی بیخ سوسن ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' عناب 5 دانہ' کوکنار
ایک ماشہ' لسوڑیاں 9 عدد۔

**ترکیب ساخت:** آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی تیسرا حصہ رہ جائے تو مل کر چھان لیں اور
مصری 3 تولہ یا شربت مرکب 3 تولہ مندرجہ بالا ملا کر پلائیں۔

**نوٹ:** سل کے موقعہ پر سرطان محرق تین ماشہ اضافہ کرنا چاہئے۔ بعض موقعہ پر کوکنار 3 ماشہ ملٹھی 3
ماشہ ڈالے جاتے ہیں۔ جب کہ مرض کی شدت ہو اور مریض زیادہ گرم مزاج نہ ہو۔
اور اکثر کو تپ کی وجہ سے نیز گرم مزاج کھانسی کے مریضوں کو گرمی اور گھبراہٹ کا کچھ احساس ہو

ہے۔ ان کو دن میں ایک یا دو دفعہ مغز بادام 5 عدد، تخم خرفہ 3 ماشہ، الائچی خورد 7 عدد، مصری کوزہ ایک تولہ کا شیرہ استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس سے گرمی نہیں ہوتی اور طبیعت میں آرام رہتا ہے۔

موسم سرما میں دو وقت اور گرما میں صرف ایک وقت رات کو جوشاندہ مذکور شربت مرکب ملا کر استعمال کرائیں۔ صبح صرف شربت مرکب 3 تولہ، ہمراہ لعوق سپستان 2 ماشہ، تریاق نزلہ 2 ماشہ، الائچی خورد 3 عدد، رب السوس 2 رتی استعمال کرائیں۔

رات کو سوتے وقت معجون قبض کشا نمبر 171 دو ماشہ یا 3 ماشہ۔ جتنی مقدار سے قبض کشائی ہو جائے۔ ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ یا لعوق دمہ کھانسی ہر قسم نمبر 118 بقدر ایک تولہ، اس تجویز سے پرانی سے پرانی کھانسی انشاء اللہ رفع ہو جاتی ہے۔

اگر ہضم کی خرابی ہو تو غذا کے بعد سفوف شیریں نمبر 166 دو ماشہ کھلائیں۔

اس طریقہ علاج سے سل اور پرانی و نئی کھانسی کے کئی مریض نیز ذات الجنب کے پرانے مریض جنہیں ذات الجنب میں فصد نہ کرانے سے سل گیا ہو۔ شفایاب ہوئے ہیں۔

نیز ذات الریہ یعنی نمونیا، ذات العرض، ذات الصدر وغیرہ اور ہر قسم کھانسی نزلہ زکام کا کامیاب طریق علاج ہے۔

## (118) لعوق برائے دمہ و کھانسی ہر قسم

**منافع:** دمہ، کھانسی، ذات الجنب ہر قسم، ذات الریہ، پھیپھڑہ و سینہ کی تمام امرض کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس سے بلغم با آسانی خارج ہوتا اور قبض رفع ہو جاتا ہے۔ زیادہ مقدار میں استعمال کرایا جائے تو عمدہ ملین ہے۔

اس نسخہ کی تصدیق ہو چکی ہے۔ دمہ کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزاء:** لسوڑیاں 4 تولہ، ملٹھی، زوفا، السی ہر ایک 2 تولہ، نیلوفر، بنفشہ ہر ایک ایک تولہ، گاؤزبان تین تولہ۔

**ترکیب ساخت:** لسوڑیاں، ملٹھی السی کوٹ لیں، پھر سب اشیاء کو آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر اس میں مغز خیار شنبر یعنی گودہ املتاس پانچ تولہ اچھی طرح مل کر دوبارہ چھلنی میں چھان کر مصری آدھ سیر بادام روغن 5 تولہ ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر کتیرا ایک تولہ رب السوس ایک تولہ باریک کر کے ملائیں۔

**طریق استعمال:** 6 ماشہ دن میں تین یا چار دفعہ چٹائیں۔ دمہ میں زراوند مدحرج ایک تولہ افتیمون ولایتی ایک تولہ، کھانڈ 3 تولہ سفوف بنا کر دن میں دو تین دفعہ ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔ ساتھ لعوق مذکور دن میں دو بار استعمال کریں۔

## (119) تریاق نزلہ و زکام

**منافع:** نئے اور پرانے نزلہ و زکام کی ایک بہترین دوا ہے۔ خصوصاً نزلہ کہنہ و نزلہ دماغی کا خاص الخاص علاج ہے۔ کئی سالوں کے مریض جو کسی دوا اور علاج سے اچھے نہیں ہوئے تھے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے شفایاب ہوگئے۔ یہ ایک خاص نسخہ اور ہر ایک مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

**اجزاء:** بہدانہ 9 ماشہ' عناب 20 دانہ' لسوڑیاں کوفتہ 60 دانہ' خطمی' خبازی ہر ایک 2 تولہ' گاؤزبان' ملٹھی کوفتہ' بنفشہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ' کوکنار کوفتہ 5 تولہ' خشخاش سفید کوفتہ 10 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** رات کو ایک سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مصری تین پاؤ ملا کر قوام کرکے بورہ گل بنفشہ' السی سوختہ ہر ایک ایک تولہ' مغز خیارین' مغز تخم کدو' صمغ عربی' کتیرا' رب السوس ہر ایک 6 ماشہ' باریک کرکے ملا دیں۔

**طریق استعمال:** 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ یا یوں ہی صبح و شام استعمال کریں۔

## (120) معجون برائے کھانسی و زکام

**منافع:** اس سے کھانسی کے بہت مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اکثر کو تو ایک دو خوراک سے ہی کافی نفع ہو جاتا ہے۔ نزلہ دماغی کا ایک مریض جس کو حکماء اور ڈاکٹروں نے دمہ کا مریض قرار دیا ہوتا تھا۔ جس کو تین سال سے یہ عارضہ تھا۔ اس معجون کے چند دن استعمال کرانے سے شفایاب ہوگیا۔ مریض مذکور کو صبح نیند سے بیدار ہونے کے بعد کھانسی تنگ کرتی تھی۔ جس سے دمہ کی سی حالت ہو جاتی تھی۔ ایک خوراک رات کو سوتے وقت کھلانے سے پہلے دن آرام ہوا۔ ابتدا نزلہ زکام میں ایک دو خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ عام طور پر ہر قسم کی کھانسی کو نہایت مفید ہے۔

علاوہ ازیں ذات الجنب' اسہال صفراوی کثرت سیلان حیض و سیلان الرحم' نزف المعدہ' نزلہ جدید و کہنہ' تپ دق اسہال دموی و صفراوی' سیج امعاء جریان منی اور رطوبت زنان کے لئے نافع ہے۔

**اجزاء:** کوکنار کوفتہ' برگ بانسہ ہر ایک 5 تولہ' کتیرا' صمغ عربی' ملٹھی مقشر ہر ایک 9 ماشہ مصطگی' مرکی ہر ایک ساڑھے ماشہ' افیون سوا دو ماشہ' زعفران 2 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** کوکنار اور برگ بانسہ کو ایک سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری آدھ پاؤ ملا کر قوام گاڑھا تیار کریں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر ملا دیں۔

**طریق استعمال:** 2 ماشہ رات کو سوتے وقت یا دن کو ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

## (121) گولیاں زکام کی کھانسی

**منافع:** یہ گولیاں زکام کی کھانسی کو ایک دو دن میں ہی فائدہ کر دیتی ہیں۔

**اجزاء:** افیون، مغز بادام مقشر، مصری، زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، شنگرف خام 2 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔ اگر ان گولیوں میں رب السوس دار چینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ملائے جائیں تو بلغمی کھانسی کو بھی مفید ہوتی ہیں۔

**طریق استعمال:** ایک یا دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی نیم گرم استعمال کرائیں۔ بعد میں پانی نہ پینا چاہئے۔

## (122) شربت برائے کھانسی ہر قسم

**منافع:** تمام اقسام کھانسی و نزلہ و زکام کو نہایت مفید ہے۔ نئی اور پرانی مرض میں یکساں فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

**اجزاء:** بنفشہ، نیلوفر، ملٹھی ہر ایک 2 تولہ، بہدانہ 5 ماشہ، گاؤزبان، زوفا ہر ایک ایک تولہ، عناب 20 دانہ، خبازی 9 ماشہ، انجیر 5 عدد، مکو خشک 7 ماشہ، مصری آدھ سیر۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں جب ایک پاؤ رہ جائے تو مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام عرق گاؤزبان یا پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (123) شربت برائے زکام و نزلہ

**منافع:** نزلہ و زکام کے لئے نہایت مفید ہے۔ مواد کو خشک کرتا اور پکاتا ہے۔

**اجزاء:** گل بنفشہ، نیلوفر، گاؤزبان، گل سرخ ہر ایک 2 تولہ، دار چینی، سونف، تخم کاسنی، زیرہ سفید، کشنیز خشک، خشخاش، تخم خرفہ ہر ایک ایک تولہ، الائچی کلاں، الائچی خورد ہر ایک 9 ماشہ، ملٹھی 7 ماشہ، عناب 5 تولہ، مصری تین پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو ملا کر رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ڈھائی تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (124) قرص برائے کھانسی و سل دق

**منافع:** سل دق اور کھانسی کہنہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔

**اجزاء:** صمغ عربی، گل سرخ، طباشیر، شکر طبرزد، کیرا ہر ایک 4 ماشہ، اصل السوس، رب السوس، صندل سرخ، صندل سفید ہر ایک 5 ماشہ، نشاستہ، تخم خرفہ ہر ایک 7 ماشہ، کافور 3 ماشہ، خشخاش، مغز خربوزہ، تخم کاہو ہر ایک 9 ماشہ، سرطان سوختہ ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ خوب کوٹ کر لعاب اسپغول کی مدد سے تین تین ماشہ کے قرص تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک قرص صبح ایک شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی استعمال کریں۔

## (125) گولیاں برائے نزلہ کہنہ و جدید

**منافع:** یہ گولیاں نزلہ کہنہ و جدید کے لئے نہایت نافع ہیں۔ نیز کھانسی ہر قسم کے لئے معمول ہیں۔ ان کے باقاعدہ استعمال سے عجیب و غریب فوائد ظہور میں آتے ہیں۔ مجرب ہیں۔

**اجزاء:** زعفران، افیون، جدوار ہر ایک تین ماشہ، کندر ڈیڑھ ماشہ، صمغ عربی، رب السوس، دارچینی ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کرلیں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ گائے یا شربت بنفشہ تین تولہ عرق گاؤزبان 6 تولہ استعمال کرائیں۔

## (126) گولیاں برائے کھانسی رطوبی

**منافع:** یہ گولیاں شدید کھانسی کے لئے جس سے رات کو نیند نہ آتی ہو۔ مجرب المجرب ہیں۔ نہایت مختصر آسان اور کم خرچ نسخہ ہے جو پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے ایک گولی رات کو کھاؤ تمام رات آرام رہے گا۔

**اجزاء:** مرکی ایک تولہ افیون ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** باریک پیس کر پانی کی مدد سے بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک یا دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ جس میں پانی ملا کر نیم گرم کیا گیا ہو استعمال کرائیں۔ یا ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔

## (127) اکسیر کھانسی بلغمی و ضیق النفس بلغمی

**منافع:** کھانسی بلغمی، ضیق النفس، دمہ، زیادتی، بلغم وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔

**اجزاء:** برگ مدار ایک تولہ در سایہ خشک کردہ، کنگی نمک طعام ہر ایک ایک تولہ، کشتہ ہڑتال، گاؤدنتی 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** پہلی تینوں اشیاء کو کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے آگ پر رکھیں۔ جب نمک چٹخنے کی آواز بند ہو جائے۔ اتار کر پیس لیں۔ اور کشتہ شامل کرلیں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی شربت خشخاش ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں۔

**ترکیب کشتہ گاؤدنتی:** گاؤدنتی ایک تولہ، کھٹی بوٹی جسے ترشک بوٹی یا کھٹکل بوٹی کہتے ہیں۔ کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر چھ سیر اوپلوں کی آنچ دیں یا کوئلوں کی آنچ میں رکھ کر کشتہ کرلیں۔

## (128) جوشاندہ ضیق النفس حار

**منافع:** ضیق النفس (دمہ) جو گرمی کے سبب یا قلب کی مشارکت سے ہو نہایت مفید ہے۔ دل کو طاقت د

تفریح بخشتا ہے۔ ایک بزرگ کا قابل قدر عطیہ ہے۔

**اجزاء:** الائچی خورد' ابریشم خام' بہمن سفید' درونج عقربی ہر ایک 4 ماشہ' مصری 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک تہائی پانی باقی رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر استعمال کرائیں۔

## (129) جوہر اکسیر دمہ

**منافع:** دمہ کے تمام نسخہ جات کا سرتاج ہے جس سے دمہ کے کئی مایوس العلاج مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ میرے دوستوں کا اصرار ہے کہ یہ نسخہ چونکہ بہت اعلیٰ ہے اس لئے اسے شائع نہ کیا جائے۔ مگر میرے خیال میں تو اچھے نسخہ کو سب سے پہلے شائع کر کے خوش ہو جانا چاہئے۔ تاکہ سب مخلوق خدا فائدہ اٹھا کر دعا دے۔ واقعی یہ نسخہ ان نسخہ جات میں سے ہے جنہیں لوگ دوسروں پر ظاہر کرنا گناہ سمجھتے ہیں۔ ان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ایسی چیز سے اور کوئی شخص واقف ہو کر کہیں فائدہ نہ اٹھالے۔ یہ محض ان کا زعم باطل ہے مگر میں یہ چاہتا ہوں کہ جو چیز اچھی ہو اس سے لوگ فائدہ اٹھائیں۔

**اجزاء:** خرگوش جنگلی ایک عدد' بھنگرہ' نوشادر' قلمی شورہ' نمک لاہوری' نمک سانبھر' سہاگہ ہر ایک 10 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کر لیں۔ خرگوش کو ذبح کر کے اس کی گردن کا خون حفاظت سے ایک برتن میں رکھ لیں۔ پھر اس کا چمڑا اتار کر پیٹ میں سے پتہ اور آنتیں بھی نکال دیں۔ پھر ادویہ مذکور کا سفوف خون مذکور میں ملا کر اس کا نصف حصہ خرگوش کے پیٹ میں ڈال کر سم الفار سفید مومیہ 6 ماشہ (اگر نہ مل سکے تو خام ہی سہی) باریک کر کے اس پر ڈال کر اوپر باقی دوائیں ڈال دیں اور خرگوش کا پیٹ مقعد' ناک' کان سب بڑی احتیاط سے سی دیں۔ پھر ایک مٹکہ میں ڈال کر اس کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کر دیں اور خشک کر کے زمین دوز چولھا پر رکھ کر نیچے 24 گھنٹے تک بیری کی موٹی لکڑیوں کی آنچ جلا دیں۔ جس جگہ سے دھواں نکلنے لگے مٹی لگا دیا کریں۔ 24 گھنٹہ کے بعد آگ بند کر دیں۔ جب مٹکہ اچھی طرح ٹھنڈا ہو جائے تو اس کا منہ احتیاط سے کھول کر جو جوہر اوپر ہو اور مٹکہ کے پیندے میں جو ٹکیہ سی ہو وہ الگ کر لیں۔ یہ اعلیٰ درجہ ہے اور باقی علیحدہ رکھیں۔ یہ معمولی درجہ ہے۔

**طریق استعمال:** اعلیٰ درجہ جوہر نصف رتی کا قدر کھانڈ میں ملا کر صبح نہار دیں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ غذا چوری کے سوا کچھ نہ دیں۔ جب مریض نصف رتی برداشت کر جائے تو پھر رتی تک بڑھائیں۔ سات دن کے بعد مخالف غذا دیں۔ یعنی کوئی کھٹی یا تیل والی چیز کھلائیں۔ اگر مخالف چیز سے دورہ نہ ہو تو پرہیز کوئی نہ کریں اور اکیس دن استعمال کرائیں۔ امیروں کو غذا ساگودانہ' دودھ' ڈبل روٹی دیں۔

## (130) ضیق النفس بلغمی کا آسان نسخہ ①

**منافع:** ضیق النفس بلغمی کے لئے ایک سہل الحصول اور کم قیمت جلدی تیار ہو جانے والا نسخہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوست بیخ آک، پوست بیخ سوہانجنہ، جو کھار، فلفل دراز ہر ایک 2 تولہ، سبز 6 ماشہ، دوپہر تک متواتر کھرل کریں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا چوری، گوشت بکری کا، گوشت میں نخود پکا کر خشک بھلکہ کے ساتھ کھلائیں۔ تمام ترش اور تیل والی اشیاء مچھلی قند سیاہ وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

## (131) دوائے ضیق النفس بلغمی ②

**اجزاء:** فلفل سیاہ، فلفل دراز، سونٹھ، گل مدار یعنی آک خشک شدہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں پھر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

## (132) دوائے کھانسی و ضیق النفس

**اجزاء:** ہلیلہ سیاہ، عاقرقرحا، رب السوس، الائچی سفید، گل مدار یعنی آک خشک شدہ ہر ایک 5 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ کوٹ چھان کر لعاب گھیکوار آدھ سیر تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ جب تمام لعاب گھیکوار ختم ہو جائے تو زعفران اصلی تین ماشہ پانی 10 تولہ میں گھوٹ کر اس کے ساتھ کھرل کریں۔ تیار ہے۔

**طریق استعمال:** تین رتی صبح ایک وقت شربت بنفشہ 4 تولہ میں ملا کر چٹائیں۔

## (133) دھونی برائے دمہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چائے، تمباکو، قلمی شورہ ہم وزن لے کر خوب باریک کر کے رکھ لیں۔

**طریق استعمال:** ایک چٹکی بھر انگاروں پر ڈال کر دھونی لیں۔

## (134) حب برائے کھانسی خشک

**منافع:** یہ گولیاں خشک کھانسی کے لئے نہایت عجیب و غریب ہیں۔ کئی دفعہ تجربہ میں آچکی ہیں۔ پانچ منٹ میں تیار ہو جانے والا نہایت آسان اور ارزاں نسخہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** رب السوس، بہدانہ ہر ایک 6 ماشہ، الگ الگ باریک کر کے تھوڑا سا پانی ملا کر خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔

## (135) کشتہ بارہ سنگا

منافع: ذات الریہ یعنی نمونیا، ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، درد ریاحی تمام اقسام، لقوہ، وجع المفاصل تمام سردی کے دردوں کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ ایک سادھو کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء: برادہ شاخ بارہ سنگا 2 تولہ، سوہن مکھی ایک تولہ شہد حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: سوہن مکھی پیس کر شہد میں ملا کر اس کی دو ٹکیہ بنالیں۔ کوزہ گلی میں ایک ٹکیہ میں رکھ کر اس پر برادہ بارہ سنگا بچھا کر دوسری ٹکیہ اوپر رکھ کر کجا کے منہ پر دوسرا کجا رکھ کر ان کے منہ چکنی مٹی سے خوب بند کر کے خشک ہونے پر گڑھے میں دس سیر اوپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر پیس لیں۔

طریق استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک قند سیاہ میں لپیٹ کر استعمال کرائیں۔ صبح و شام یا دن میں تین مرتبہ مطابق ضرورت استعمال کرائیں۔ ذات الجنب میں اگر گرمی زیادہ ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ 2 تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

## (136) سفوف اکسیر اوجاع

منافع: ہر قسم دردوں کی لاجواب اکسیر ہے۔ خصوصاً ذات الجنب کی اکسیری دوائی ہے۔ نیز اوجاع مفاصل، درد گردہ ہر قسم کے ریاحی دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ معمولی دردوں کو تو تین چار خوراکوں ہی میں کلی آرام ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ آپ کی خاص توجہ کا مستحق ہے۔ ہمارے مطب کی جان ہے۔

اجزاء و ترکیب: چھلکا مدار یعنی آک خصوصاً جو بیساکھ کے مہینہ کا ہو 4 ماشہ، افیون 4 ماشہ، شورہ قلمی 3 تولہ، کشتہ بارہ سنگا 4 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب کو باریک کھرل کر کے سفوف تیار کر لیں۔

طریق استعمال: بقدر 2 رتی پتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر اوپر سے چائے پلائیں یا ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ ذات الجنب میں ہمراہ جوشاندہ عناب 5 دانہ، خطمی، گاؤزبان، بہدانہ ہر ایک 3 ماشہ، گل بنفشہ 6 ماشہ، لسوڑیاں 11 دانہ، مصری یا شربت بنفشہ تین تولہ ملا کر دن میں تین خوراک تک استعمال کرائیں۔ بچوں کو مطابق عمر دیں۔

اس نسخہ کی بہت تصدیقات آرہی ہیں۔ یہ مطب میں رہنا نہایت ضروری ہے۔

احتیاط: یہ دوا حاملہ کو نہ دیں۔

## (137) سفوف درد ذات الجنب

منافع: درد ذات الجنب کو تسکین دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب: دارو بندوق 2 تولہ، پھٹکڑی ڈیڑھ تولہ، لونگ، جائفل ہر ایک 6 ماشہ، مصری کوزہ

ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شربت مصری استعمال کریں۔

## (138) دیگر جب فصد سے درد کو آرام نہ ہو

**اجزاء و ترکیب ساخت:** افیون ایک ماشہ، زعفران 2 ماشہ، دونوں دوائیں باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی ہمراہ شربت پنا شہ استعمال کریں۔

## (139) مالش ذات الجنب

**منافع:** ذات الجنب، ذات الریہ، ذات الریح کے لئے معمول ہے۔ اس کے علاوہ تمام قسم کے دردوں میں استعمال کی جاتی ہے۔

**اجزاء:** افیون 4 رتی، شراب 9 ماشہ، روغن تارپین، روغن کنجد ہر ایک ایک تولہ، موم سفید 7 ماشہ، ارہول سفید باریک شدہ 2 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** تیل کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب گرم ہو جائے تو موم ملا دیں پھر دوسری تمام اشیاء ملا کر اتار لیں۔

**طریق استعمال:** درد کی جگہ مالش کر کے برگ ارنڈ یا روئی باندھیں۔ دن رات میں تین چار دفعہ مالش کریں۔ اندرونی استعمال کے لئے اکسیر اوجاع نمبر136 اچھی چیز ہے۔

## (140) پلستر برائے ذات الجنب

**منافع:** ذات الجنب، ذات الریہ (نمونیا) ذات الصدر، ذات العرض، شوصہ، برسام، درد ریح کے لئے نہایت مفید ہے اور اطمینانی نسخہ ہے۔ جوانٹی فلو جسٹین سے بہتر ہے۔

**اجزاء:** مصبر، اشق، ہوگل، مصطگی ہر ایک 4 ماشہ، ارہول، شنگرف، افیون ہر ایک 3 ماشہ، سنڈھ، کیرا، صمغ عربی، السی ہر ایک 6 ماشہ، زعفران ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** تمام دوائیں علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** جتنی جگہ درد ہو اس کے مطابق سفوف لے کر پانی میں خوب گھوٹ کر پتلا سا ضماد بنالیں اور کپڑا موٹا کتر کر اس پر ضماد کو لگا کر گرم کر کے چسپاں کر دیں اوپر کسی چیز سے ٹکور کرتے رہیں۔ اگر آب برگ دھتورہ مل سکے تو 2 تولہ کے قریب وہ بھی ملا لیں۔

## (141) ضماد ذات الجنب

**منافع:** تسکین درد کے لئے نہایت عجیب و غریب نیز آسان ہے۔

اجزاء: افیون 4 رتی، مصبر ایک ماشہ، شنگرف 4 رتی، ارہوں 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: زردی بیضہ مرغ میں ملا کر درد کے مقام پر ضماد کریں۔

## (142) مطبوخ درد ذات الجنب و کھانسی

منافع: ذات الجنب، ذات الریہ، کھانسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید اور معمول مطب ہے۔

اجزاء: خطمی، ملٹھی، گل بنفشہ ہر ایک 6 عناب 10 دانہ، مصری تین تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: دوائیں 1 پاؤ پانی میں جوش دے کر مل چھان کر پلائیں۔ صبح و شام استعمال کرائیں۔

## (143) مسہل دافع ذات الجنب و برسام و درد سر

منافع: ذات الجنب و برسام و ذات الریح، ذات الصدر ذات العرض وغیرہ کا نہایت عمدہ بے ضرر مسہل ہے۔

اجزاء و طریق استعمال: عناب 11 دانہ، لسوڑیاں 15 دانہ، بہدانہ 3 ماشہ، خطمی گل سرخ ہر ایک 6 ماشہ، سناء مکی ایک تولہ کو عرق بید مشک، عرق نیلوفر، عرق مکو عرق گلاب ہر ایک 5 تولہ میں رات کو تر کریں۔ صبح شیر خشت 3 تولہ، ترنجبین 3 تولہ، فلوس خیار شنبر (گودہ املتاس) 5 تولہ خوب مل کر چھلنی وغیرہ سے چھان لیں۔ پھر اس میں لعاب اسبغول شیرہ مغز کدو ہر ایک ایک تولہ، آرد تربد تین ماشہ، روغن بادام 6 ماشہ ملا کر پلائیں۔ وزن کی کمی بیشی طبیب کے اختیار میں ہے۔

## (144) درد ذات الجنب خصوصاً ریحی

منافع: درد ذات الجنب خصوصاً جس کا مادہ زیادہ سرد ہو یا ریحی درد ہو اور وہ درد جو دورہ سے ہو جاتا ہو۔ نیز امراض باردہ مثلاً کزاز وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ 5 تولہ کو شیر مدار میں خوب تر کر کے رکھ دیں۔ جب خشک ہو جائیں تو کوزہ گلی میں بند کر کے 2 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔ اس میں سے 2 ماشہ لے کر زعفران افیون ہر ایک 4 رتی ملا کر خوب کھرل کر کے سفوف تیار کریں۔

طریق استعمال: نصف رتی ہمراہ چائے یا جوشاندہ نمبر 142 یا عرق جوائن، عرق سونف وغیرہ استعمال کریں۔ اس کے ساتھ شیر مدار یعنی آک 2 تولہ میں روغن زرد 5 تولہ جلا کر درد کی جگہ مالش کریں۔ اور سینکا کر باندھیں۔

## (145) نسخہ عجیبہ برائے نزلہ و دق

منافع: دق و ضعف دماغ و ذات الریہ و ضیق النفس سوداوی و سعال سوداوی کا علاج ہے اور منضج سوداو

بلغم ہے۔ خصوصاً نازک مزاجوں کے لئے نہایت اعلیٰ چیز ہے جو شب و روز کا معمول اور نہایت زود...
ہے۔ امیروں اور نازک مزاجوں کے لئے نہایت موزوں ہے۔

**اجزاء:** خمیرہ گاؤزبان 3 ماشہ ' گاؤزبان 3 ماشہ ' عرق گاؤزبان 15 تولہ ' شربت بنفشہ 3 تولہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** خمیرہ گاؤزبان کو عرق گاؤزبان میں دو جوش دے کر مل چھان کر شربت...
کر پلائیں۔ صبح و شام استعمال کرنا چاہئے۔

## (146) جوشاندہ برائے نزلہ زکام بارد سوداوی

**منافع:** نزلہ و زکام و سعال بلغمی و ضیق النفس و ذات الریہ سوداوی و بلغمی کے لئے مفید ہے۔ منضج...
دافع خفقان بارد وغیرہ معمول مطب ہے۔

**اجزاء:** زوفا' پرساؤشاں' گاؤزبان ہر ایک تین ماشہ ' ملٹھی' بنفشہ ہر ایک 5 ماشہ مصری تین تولہ'...
بارد میں ابریشم اضافہ کریں۔ نشہ خور کے لئے جو افیون کا عادی ہو۔ ہر حالت میں کوکنار تین ماشہ اضا...
کریں۔

**طریق استعمال:** دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ آدھ پاؤ رہنے پر مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔
اگر مسہل کی ضرورت سمجھیں تو بلغمی میں دس دن کے بعد اور سوداوی میں 16 دن کے بعد مسہل دیں۔

## (147) ذات الریہ طفل

**منافع:** بچہ کے ذات الریہ یعنی نمونیا کے لئے ایک خاص الخاص نسخہ ہے۔

**اجزاء:** ابریشم خام' گل دہاوہ' تخم نیلوفر ہر ایک تین ماشہ ' زوفا 2 ماشہ ' شربت زوفا 2 تولہ۔

**طریق استعمال:** دوائیں مناسب پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شربت زوفا ملا کر یہی وزن دن میں
تین دفعہ استعمال کرائیں۔

## (148) اکسیر ڈبہ یعنی ذات الریہ طفل

**منافع:** ڈبہ کا مریض خواہ جس قدر خراب حال ہو۔ مایوسی کی علامتیں ظاہر ہوں۔ یہ گولی استعمال کرا...
سے آناً فاناً آرام ہو جاتا ہے۔ بچہ اسی وقت آنکھیں کھول کر ہوش میں آجاتا ہے۔ بے امیدی امید...
بدل جاتی ہے۔ نہایت ہی بے خطا اور پر تاثیر چیز ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز جمال گوٹہ پتہ دور کردہ پرانا نارجیل (گری کھوپہ) سڑا ہوا ہر ایک...
ماشہ' مغز بادام تین ماشہ' خوب باریک پیس کر حبوب بقدر دانہ باجرہ تیار کریں۔ اور لوہے کی ڈبیہ میں
محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** بچہ کو بوقت ضرورت ایک گولی پانی میں گھس کر پلائیں۔ دست اور قے ہو کر خرا...
سے خراب حالت میں بھی آرام ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد شربت بنفشہ پلائیں۔

## (149) سفوف برائے کھانسی

منافع: ابتدا سل و دق اور جب کہ مسلول کے پھیپھڑوں سے خون آرہا ہو۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزاء: دیسی مصری گنا (نیشکر) 8 تولہ، طباشیر 4 تولہ، فلفل دراز 2 تولہ، دانہ الائچی خورد دارچینی ہر ایک 1 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

طریق استعمال: ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر خالص یا شربت نیلوفر یا جوشاندہ ملٹھی یا شہد استعمال کرائیں۔

## (150) حریرہ برائے سل بارد

اجزاء: نشاستہ روغن بادام ہر ایک ایک تولہ، شیر بز ڈیڑھ پاؤ مصری تین تولہ۔

طریق استعمال: سب اشیاء کو دیگچہ میں ڈال کر نرم آگ پر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے مگر زیادہ گاڑھا نہ ہو۔ اتار کر نیم گرم استعمال کرائیں۔

## (151) چٹنی برائے سل

منافع: جب تپ نرم دائمی ہو اور پیپ آگ پر ڈالنے سے بو دیتی ہو۔ مفید و مجرب المجرب ہے۔

اجزاء: طباشیر، الائچی خورد، روغن گاؤ ہر ایک دو تولہ، فلفل دراز 3 تولہ، تج ایک تولہ، شکر تری 6 تولہ، شہد 4 تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں کوٹ کر سب اشیاء کو خوب ملا لیں۔

طریق استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام چٹائیں۔

## (152) دوائے ذات الریہ و ورم ریہ

منافع: ذات الریہ، ورم ریہ کا اکسیر ہے۔ جب ذات الریہ میں کوتہ دمی ہو۔ نہایت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ بلغم پتلا ہو کر سانس آرام سے آنے لگ جاتا ہے۔

اجزاء و طریق استعمال: لائکوار ایمونیا 5 بوند سے 30 بوند تک موافق عمر و طاقت مریض 2 تولہ پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔ دودھ زیادہ پلائیں۔

## (153) لعوق کوکنار برائے نزلہ

منافع: نزلہ، زکام، کھانسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ ملطف بلغم ہے۔ نزلہ حار دماغی کو روکتا ہے۔ نزلہ زکام کھانسی ہر قسم کا شافی علاج مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء: عناب ایرانی 20 دانہ، لسوڑیاں 41 عدد، بنفشہ ابریشم، مویز منقی، کوکنار ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: ابریشم کو صاف کر کے کتر لیں۔ لسوڑیاں اور کوکنار کوٹ لیں۔ پھر سب اشیاء کو 1 پاؤ

پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر مصری تین چھٹانک ملا کر
تیار کریں۔ پھر آرد ۔۔ ہمی، شکر تیغال، رب السوس، بیخ سوسن، صمغ عربی، کوکنار، کتیرا مغز بادام
الائچی کلاں، مغز خیارین ہر ایک ایک تولہ، نشاستہ گندم 9 ماشہ سفوف کر کے ملائیں تیار ہے۔

**طریق استعمال:** 7 ماشہ صبح 7 ماشہ شام چٹائیں۔

## (154) اکسیر دق سل

**منافع:** دق سل کے لئے بہت مفید اور ایک مشہور معالج کا عطیہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** آب گل بانسہ یا نرم کونپل بانسہ سے ایک پاؤ کے قریب پانی نکال لیں
برادہ سکہ شیریں ایک تولہ میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں جب پانی ختم ہو جائے تو خشک کر کے شیشی
میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی صبح ایک رتی شام پتاشہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (155) لعوق ضیق النفس صفراوی

**منافع:** ضیق النفس صفراوی یعنی گرم مزاج مریض کے لئے (جسے گرم اشیاء نقصان پہنچاتی ہوں) نہایت
عمدہ ہے۔ اس سے تنگی سانس اور کھانسی کو جلدی ہی آرام ہو جاتا ہے۔ اگر ساتھ تپ ہو تو اس کو
آرام ہو جاتا ہے۔ منضج و مخرج بلغم ہے۔

**اجزاء:** گل بنفشہ، گل نیلوفر، گل خیرہ، گل گاؤزبان، گاؤزبان، ملٹھی، پرسیاؤشاں، زوفا خشک، سونف
کابلی، مویز منقی ہر ایک 5 تولہ، عناب 50 دانہ، لسوڑیاں کوفتہ 100 عدد کوٹنے والی دوائیں نیم کوفتہ کر لیں

**ترکیب ساخت:** سب کو رات کو پانی میں تر کر لیں۔ صبح جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے
چھان کر مصری ایک سیر ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر الائچی خورد تین تولہ باریک شدہ اور ورق چاندی
دفتری ملالیں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام استعمال کریں۔

# مجربات امراض معدہ و امعاء و مقعد

## (156) سفوف اکسیر ہاضم و قبض کشا

**منافع:** ہاضمہ کا فعل درست کرتا ہے۔ ریح خارج کرتا ہے۔ معدہ کی تمام امراض کے لئے اعلیٰ چیز ہے
نہایت خوش ذائقہ ہمہ صفت موصوف صدری نسخہ حاضر خدمت ہے۔ جو ہاضمہ کی جملہ شکایات کا شافی
علاج ہے۔

**اجزاء:** گل سرخ، کشنیز، زیرہ سفید، پوست آملہ، پوست بلیلہ زرد، پوست سماق یعنی چھلکا تترئی ہر ایک
ایک تولہ، تکیہ پیپرمنٹ، الائچی کلاں ہر ایک 6 ماشہ، ست پودینہ 6 رتی، قند سفید 15 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** 6 ماشہ صبح' 6 ماشہ شام ہمراہ عرق سونف' عرق پودینہ یا صرف پانی سے نہار یا بعد غذا استعمال کریں۔

## (157) نمک سلیمانی مقوی معدہ ہاضم طعام

**منافع:** کثرت ریاح' ضعف معدہ' آروغ ترش' قے' اسہال ہیضہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے' بھوک بڑھاتا اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ لطف یہ کہ نہایت کم خرچ بالانشین کا مصداق ہے۔

**اجزاء:** نمک لاہوری' فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ' نمک سیاہ 4 ماشہ' ہینگ بریاں نوشادر ہر ایک 2 ماشہ' فلفل دراز' سہاگہ بریاں ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** تمام دوائیں خوب کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** 2 ماشہ صبح 2 ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اگر مرض زیادہ ہو تو کھانا کھانے کے بعد بھی استعمال کروائیں۔ ہیضہ کی شکایت ہو تو ایک ایک ماشہ ہر نصف گھنٹہ کے بعد ہمراہ سکنجبین 2 تولہ' عرق گلاب 4 تولہ استعمال کرائیں۔

## (158) سفوف ہاضم شیریں

**منافع:** ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اور عام فروخت ہوتا ہے۔ مقوی معدہ و مفرح ہاضمہ کی جملہ شکایات مثلاً آروغ ترش قے' اسہال' بدہضمی' ثقل معدہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے اور خوش ذائقہ ہے۔

**اجزاء:** انجور' سونف' انار دانہ ہر ایک 5 تولہ' زیرہ سیاہ' الائچی خورد ہر ایک ڈیڑھ تولہ' دارچینی' الائچی کلاں ہر ایک 2 تولہ' کھانڈ سفید آدھ سیر۔

**ترکیب ساخت:** سب اشیاء الگ الگ کوٹ کر ملالیں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ صبح' ایک تولہ شام کھانا کھانے کے بعد یا نہار یا جب ضرورت ہو استعمال کرائیں۔

## (159) عرق ہاضم دافع درد معدہ وغیرہ (خاص الخاص)

**منافع:** ہاضمہ کی جملہ شکایات کے لئے سو فی صدی مفید ہے۔ ہیضہ' ضعف معدہ و ریح گردہ کی اس سے بڑھ کر اور کوئی دوائی نہیں دیکھی گئی۔ ہاضمہ کی خرابی' درد پیٹ بوجھ وغیرہ خواہ جس حد تک ہوں اس کی ایک ہی خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ عجیب چیز ہے جو احباب ایک دفعہ اس کا تجربہ کرلیں گے۔ وہ ضرور قائل ہو کر رہیں گے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اجوائن' پودینہ' سونف' الائچی کلاں ہر ایک 2 تولہ ان کا عرق بقدر ایک بوتل نکالیں۔

عرق مذکور 20 تولہ، عرق گلاب 40 تولہ، تاڑی، نوشادر، سوڈا بائی کارب ہر ایک ایک تولہ، تاڑی کو باریک کر کے 5 تولہ عرق میں علیحدہ حل کر ملائیں۔ اور نوشادر کو بھی باریک پیس کر ملائیں۔ بعد میں سوڈا بائی کارب ملالیں اور خوب ہلائیں۔ بعض دفعہ عرق کشید نہ کیا جا سکے تو صرف خشک دواؤں کو ہی پانی میں حل کر کے استعمال کرا دیا جاتا ہے۔ یا عرقیات بازاری لے کر تیار کر لیا جاتا ہے۔ اس سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ ان تینوں چیزوں کو باریک پیس کر ایک ماشہ کی مقدار میں ایک اونس پانی یا عرقیات میں ملا کر پلا لیا جائے تو بڑا فائدہ کرتا ہے۔ تین تین گھنٹہ کے بعد چار پانچ خوراک استعمال کرنی چاہئے۔ ایک بے خطا سوفی صدی مفید چیز ہے جو سوڈا واٹر سے ہزار درجہ اچھا ہے۔

**طریق استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پلائیں، بچہ کو کم مقدار میں دیں۔

## (160) معجون لبوب مقوی معدہ و اعضاء رئیسہ

**منافع:** معدہ، جگر، دل، دماغ اور باہ کو طاقت دیتی ہے۔ مقوی و مفرح قلب ہے۔ بدن کو طاقت پہنچاتی ہے۔ غذا ہضم کرنے میں لاثانی چیز ہے۔

**اجزاء:** مغز بادام، خشخاش سفید ہر ایک 5 تولہ، مغز پستہ، مغز صنوبر، بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک 2 تولہ، چہار مغز، آرد نخود بریاں، آرد مغز بنولہ ہر ایک تین تولہ، ثعلب مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ، دانہ الائچی خورد، دار چینی ہر ایک ایک تولہ، بسباسہ 6 ماشہ، ورق نقرہ 14 عدد، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ، عرق گلاب ڈیڑھ پاؤ، مصری 14 چھٹانک۔

**ترکیب ساخت:** مشک و عنبر کو روح کیوڑہ میں حل کر لیں۔ باقی دوائیں الگ الگ کوٹ کر سفوف بنائیں۔ مصری کا عرق گلاب میں قوام کر کے دواؤں کا سفوف ملالیں اور مشک و عنبر ملا کر ورق نقرہ ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں۔ اور ہلاتے رہیں۔ جب خوب مل جائیں تو نیچے اتار لیں۔

**طریق استعمال:** 7 ماشہ صبح 7 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

## (161) جوہر شفا

**منافع:** ضعف ہضم کے متعلق جو شکایات ہوں ان کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔ بچوں کے ضعف ہضم کے لئے خاص طور پر معمول ہے۔

**اجزاء:** جوہر نوشادر یا نوشادر خام، ہرمچی، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، تخم جوز ماثل سیاہ 3 ماشہ، ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** ایک رتی سے 4 رتی تک ہمراہ عرق سونف یا عرق گلاب یا پانی وغیرہ استعمال کریں۔

## (162) آب شفا

**منافع:** درد پیٹ، باؤ گولا، نفخ شکم، آروغ ترش، سوء ہضم متلی قے اور ان جملہ امراض کے لئے جو شکم میں

ریاح غلیظ بند ہو جانے کی وجہ سے عارض ہو جاتے ہیں۔ تریاق ثابت ہوا ہے۔ نیز ہیضہ کے لئے شربت سکنجبین یا دیگر بدرقہ مناسبہ میں دو چار قطرے ملا کر دینے سے فوراً تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔ ہمارا معمول مطب ہے اور ہمارے پاس ہر وقت موجود رہتا ہے۔ جو درد امرت دھارا۔ آب حیات سے رفع نہ ہو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔ غرض نہایت ہی کامیاب نسخہ ہے۔ جو اپنے ہم پیشہ حضرات کے لئے درج کر دیا جاتا ہے۔ اس کا ہر ایک طبابت پیشہ کے پاس موجود رہنا نہایت ہی ضروری ہے جو احباب اس کا تجربہ کریں گے وہ ضرور ہی مجھے دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نوشادر، ٹھیکری ایک تولہ باریک کوٹ کر ایک چینی کے پیالہ میں ڈالیں۔ اس پر تیزاب گندھک خالص 6 ماشہ احتیاط سے ڈال کر رکھ دیں۔ آٹھ پہر کے بعد اس میں ست جنجرہ 2 تولہ، ست لیموں تین ماشہ، ست پودینہ 2 ماشہ، ست جوائن 2 ماشہ ملائیں۔ بس تیار ہے۔ شیشی میں ڈال کر مضبوط کارک لگا کر محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک سے دو قطرہ تک بتاشہ یا قند سفید میں ڈال کر کھلائیں یا عرق سونف یا پانی میں یا سکنجبین میں ملا کر استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم قبض کی وجہ سے ہو تو عرق مسہل 5 تولہ میں ملا کر استعمال کرائیں۔ ایک دفعہ سے پورا آرام نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں۔ ہیضہ میں گھنٹہ گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔

**ست جنجر بنانے کا طریقہ:** مرچ سیاہ، سنڈھ ہر ایک دو تولہ، الگ الگ کوٹ کر 24 گھنٹہ تک آدھ پاؤ پانی میں تر کریں۔ پھر جوش دیں۔ جب 2 تولہ کے قریب رہ جائے خوب مل کر چھان لیں تیار ہے۔

نوٹ: ٹنکچر جنجر انگریزی دوا فروشوں سے لے کر بھی ملا لیا جاتا ہے۔

## (163) عرق مسہل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** میگنیشیا سلفاس 20 تولہ، تیزاب گندھک 5 قطرے نصف بوتل پانی میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں تو بوتل کو پانی سے بھر لیں یا کھرل انگریزی میں حل کر کے تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** مسہل کے لئے ڈیڑھ چھٹانک سے دو چھٹانک تک اور قبض کشائی کے لئے تین تولہ سے 5 تولہ تک استعمال کرائیں۔ بعد میں نرم غذا مثل کھچڑی یا دلیہ وغیرہ کھلائیں۔

## (164) اکسیر شفاء

**منافع:** ہاضمہ کی جملہ شکایات مثلاً ہیضہ، درد معدہ، اپھارہ، ضعف ہضم وغیرہ تمام امراض شکم کے لئے نہایت مفید ہے۔ بھڑ بچھو کے کاٹے ہوئے اور ہر قسم کے دردوں پر لگانے سے آرام آجاتا ہے۔ تمام امراض میں بدرقہ مناسبہ کے ساتھ فائدہ کرتا ہے۔

**اجزاء:** ست پودینہ، ست اجوائن، کافور، ٹنکچر سلایا آب پیاز ہر ایک 6 ماشہ، ایسڈ کاربالک ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** سب دوائیں ایک شیشی میں ڈال کر ہلائیں بس تیار ہے۔ 3 قطرہ سے 5 قطرہ تک پتاشہ یا کھانڈ پر پانی ڈال کر یا پانی یا عرق سونف میں ملا کر استعمال کرائیں۔ اگر ایک دفعہ سے پورا آرام نہ ہو تو دوسرے خوراک دے دیں۔ اگر قبض کی وجہ سے درد ہو تو کوئی قبض کشاء دوائی استعمال کرائیں۔ بعد میں اکسیر شفا دیتے رہیں یا عرق مسہل نمبر 163 میں ملا کر پلائیں۔ بھڑ بچھو کے کاٹے ہوئے اور خارجی دردوں کے لئے روغن کنجد میں ملا کر مالش کریں۔ ہیضہ کے لئے سکنجبین عرق پودینہ میں چار چار قطرے ملا کر گھنٹہ گھنٹہ بعد استعمال کریں۔

## (165) آب حیات

**اسناد:** علامہ دہر عالی جناب حکیم مولوی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** ہر قسم کے درد شکم، درد ریح ضعف ہضم وغیرہ تمام امراض شکم، مثل ریاح وغیرہ ہر قسم کے خارجی دردوں کی تسکین کے لئے نیز زہریلے جانوروں کے کاٹے کے لئے آب حیات ہے۔

**اجزاء:** کافور 7 ماشہ، ست اجوائن 3 ماشہ، ست پودینہ 6 ماشہ، کاربالک ا۔سڈ کلوروفارم، زعفران محلول ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں اکٹھی ایک شیشی میں ملا لیں۔ تھوڑی دیر میں روغن تیار ہو جائے گا۔ اگر جلدی تیار کرنا ہو تو دھوپ میں یا آگ کے نزدیک رکھیں۔

**طریق استعمال:** تین قطرے سے 5 قطرہ تک پتاشہ یا کھانڈ پر یا عرق سونف یا عرق گلاب میں ملا کر استعمال کرائیں۔ بھڑ بچھو کے کاٹے ہوئے کے لئے روئی کی پھریری سے لگائیں۔ خارجی دردوں کے لئے روغن کنجد میں ملا کر مالش کریں۔

## (166) سفوف ہاضم مجرب

**منافع:** ضعف معدہ، ضعف ہضم کا آسان مجرب المجرب نسخہ ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ لذیذ اور خوش ذائقہ ہے۔ پانچ منٹ میں تیار کیا جا سکتا ہے۔

**اجزاء:** دانہ الائچی خورد، زیرہ سفید، آملہ، پودینہ، نمک سیاہ ہر ایک 6 ماشہ، سہاگہ بریاں 2 ماشہ، سونف، کشنیز خشک ہر ایک 9 ماشہ، مصری 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب اشیاء الگ الگ باریک کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

**طریق استعمال:** 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ عرق سونف یا پانی استعمال کرائیں۔

## (167) گولیاں ہاضم مجرب المجرب

**منافع:** جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے نہایت عجیب و غریب نسخہ ہے جو ہر گھر اور ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

اجزاء: فلفل سیاہ، فلفل دراز، سہاگہ، نمک سیاہ، گندھک آملہ سار، شورہ قلمی نوشادر، سونٹھ، اجوائن دیسی ہر ایک 7 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے 15 عدد لیموں کے پانی میں کھرل کر لیں۔ جب گولیاں بننے کے قابل ہو جائیں تو چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک یا دو گولیاں صبح و شام نہار ہمراہ پانی سرد استعمال کرائیں یا کھانا کھانے کے بعد ہمراہ عرق سونف یا پانی استعمال کرائیں۔

## (168) گولیاں ہاضم دافع ریح

منافع: یہ گولیاں جہاں آسان اور کم قیمت ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی مفید نہایت مقوی معدہ، ہاضم طعام اور محلل ریاح ہیں۔ پرانی سے پرانی شکایات متعلقہ ہضم ان گولیوں کے استعمال سے زائل ہو جاتی ہیں۔ جن کو بھوک بالکل نہیں لگتی تھی اور روٹی نہیں کھا سکتے تھے ان کے چند روزہ استعمال سے تندرست ہو گئے۔ ان کا ہر مطب اور ہر گھر میں تیار رہنا ضروری ہے۔

اجزاء: سہاگہ، ہینگ اصلی، سونٹھ، نمک سیاہ ہر ایک 2 تولہ، علیحدہ علیحدہ باریک کر کے آب پوست بیخ سہانجنہ یا آب برگ سہانجنہ میں کھرل کر کے گولیاں چنے کے برابر تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام کھانا کھانے کے بعد یا نہار ہمراہ عرق سونف وغیرہ استعمال کرائیں۔

## (169) گولیاں قبض کشاء

منافع: یہ گولیاں سخت قبض، قبض دائمی، ریح بواسیر، درد شکم کے لئے نہایت مفید ہیں۔ اپنی مجوزہ و معمول مطب ہیں۔ جو ریح بواسیر، قبض دائمی، سوء ہضم نفخ کے مریضوں کو عام طور پر استعمال کرائی جاتی ہیں۔ بہت ہی موثر ہیں۔

اجزاء: سقمونیا ولایتی، آرد تربد، گوگل، برگ سناء ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں علیحدہ علیحدہ باریک کر کے بادام روغن سے چرب کر کے قدرے شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک سے دو گولی تک رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ درد شکم کے لئے ہمراہ سوڈا واٹر یا عرق سونف استعمال کرائیں۔

## (170) دوائے قبض دائمی کہنہ

منافع: قبض دائمی کا سب سے بہتر مجرب المجرب نسخہ ہے۔ جس کے کچھ عرصہ تک استعمال کرانے سے انتڑیوں کی خشکی زائل ہو کر قبض کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ کسی قسم کے ضرر وغیرہ نہیں ہوتا۔

اجزاء: برگ سناء، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، شہد 2 تولہ بادام روغن ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے شہد اور بادام روغن میں ملا لیں۔

**طریق استعمال:** 4 ماشہ سے 9 ماشہ تک رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کرائیں۔

## (171) معجون ملین دافع بلغمی امراض

**منافع:** قبض ہر قسم، کثرت ریاح، کثرت بلغم، تمام بلغمی و ریاحی امراض تنقیہ معدہ، تنقیہ دماغ، تنقیہ بدن تمام نئی اور پرانی امراض میں اور جہاں قبض کشائی کی ضرورت ہو نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ خصوصاً بلغمی اور اعصابی امراض میں تنقیہ کے لئے موثر دوائی ہے۔ صرف قبض کشا نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ منقی بدن ہے۔ یعنی تمام اعضاء کا تنقیہ کرتی ہے۔ اور اخلاط کو نکالتی ہے۔ ریاحی اور بلغمی امراض کے مواد خارج کر کے فوری فائدہ کرتی ہے۔ مرکب امراض کے علاج میں سرد مزاجوں کو یہ معجون استعمال کرائی جاتی ہے۔ اور گرم مزاجوں اور گرم مرضوں میں معجون ملین بارد جو اس کے بعد لکھ جائے گی۔ استعمال ہوتی ہے۔ دونوں معجونیں زیادہ مقدار میں مسہل ہیں اور کم مقدار میں ملین، لطف یہ کہ مواد خوب خارج کرتی ہیں۔

**اجزاء:** سکبینج، جاوشیر، اشق، غاریقون، تخم حنظل، سقمونیا ہر ایک تین ماشہ، سنبل الطیب 2 ماشہ، تربد موصوف 9 ماشہ، ایارج فیقرا 5 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر بادام روغن سے چرب کر کے شہد یا شیرہ مربہ ہلیلہ دو چند ملا کر معجون بنا لیں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ سے 4 ماشہ تک مطابق عمر ہمراہ دودھ گرم یا چائے استعمال کرائیں جس دن قبض کی شکایت ہو استعمال کرائیں۔

## (172) معجون ملین بارد

**منافع:** گرم امراض اور گرم مزاج مریضوں کے لئے اعلیٰ ملین اور قبض اور تبخیر کا خاص علاج ہے۔ تپوں اور تمام مرکب امراض میں استعمال کرائی جاتی ہے اور بلا تکلیف مواد نکالتی ہے خواہ جس قدر نازک اور نفیس مزاج مریض ہو گھبراہٹ وغیرہ مطلق نہیں کرتی۔ سرسام، مراق، ذات الجنب تمام خشکی امراض قبض دائمی اور ورم احشاء و تمام مرکب امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ مرکب و مفرد امراض کے دوران علاج میں اگر قبض کشائی کے ذریعہ مواد کا نکالنا مطلوب ہو یا صفراوی و دموی امراض یا کسی نازک گرم مزاج مریض کو نرم مسہل دینا ہو تاکہ بلا تکلیف دو تین اجابتیں ہو کر مواد خارج ہو جائیں تو اس ملین کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ خوش ذائقہ اور مفرح ہے۔ اور گرمی وغیرہ کسی قسم کی تکلیف مطلق نہیں دیتی۔ مزمنہ امراض میں عمدہ کار آمد چیز ہے جو روزانہ یا بوقت ضرورت استعمال کی جا سکتی ہے۔ جگر اور معدہ کی اصلاح کرتی ہے۔ ہمیشہ کی معمول مطب ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** آلو بخارا، املی، برگ سناء ہر ایک 7 تولہ، گل سرخ تین تولہ کو رات کے وقت ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر گرم گرم میں مغز

خیار شبر ساڑھے سات تولہ مل کر چھلنی میں چھان کر مصری تین پاؤ ملا کر قوام تیار کرکے بادام روغن 2 تولہ ملا کر سفوف کشنیز خشک 2 تولہ اصل السوس خراشیدہ ساڑھے سات ماشہ ملائیں۔ بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کرائیں۔

## (173) موسم گرما کا مسہل

**منافع:** وقتی ضرورت کے وقت استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے گرمی، گھبراہٹ وغیرہ مطلق نہیں ہوتی۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** سنا مکی، گل بنفشہ، مغز بادام ہر ایک ایک تولہ، مغز کدو، مغز خیارین، مغز تربوز، مغز خربوزہ ہر ایک 4 ماشہ، گل قند ساڑھے تین تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سناء کی ڈنڈیاں دور کر کے سب اشیا کو 2 چھٹانک یا کم و بیش پانی میں گھوٹ کر کپڑے میں چھان کر پلائیں۔

## (174) سفوف ملین

**منافع:** قبض کشائی اور اسہال کے لئے معمول مطب ہے۔ قولنج، قبض سخت، درد شکم ریاح، درد گردہ سدہ وغیرہ کے لئے معمول ہے۔ تینوں اخلاط کی مخرج ہے۔ جہاں تیز مسہل کی ضرورت ہو بے ضرور مسہل کا کام دیتی ہے۔

**اجزاء:** زرشک بے دانہ، پوست آلو بخارا، ریوند عصارہ، مغز جمال گوٹہ مدبر ہر ایک 5 ماشہ، گل سرخ، گل بنفشہ ہر ایک 10 ماشہ، تخم کاسنی، تخم خربوزہ ہر ایک 15 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

**طریق استعمال:** قبض کشائی کے لئے 4 رتی اور مسہل کے لئے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شربت صندل تین تولہ، سکنجبین 2 تولہ، عرق گلاب 10 تولہ یا ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کرائیں۔

## (175) حب مسہل جامع الفوائد

**منافع:** یہ حبوب مسہل امراض سوداویہ دافع استسقاء و فالج و استرخاء و لقوہ و مسہل بچگاں و مسہل بلغمی امراض دافع ریاح و قبض و درد شکم و قولنج وغیرہ ہیں جو کہ میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہیں۔ تمام سوداوی و بلغمی امراض کی مسہل ہر قسم کے درد شکم کی دافع ہیں۔ ایک بے ضرر اور آسانی سے تیار ہو جانے والا بلا لاگت مسہل ہے۔ کم تعداد میں مذکورہ بالا امراض کا علاج اور زیادہ مقدار میں مسہل کا کام دیتی ہیں۔ لطف یہ ہے کہ بے ضرر ہیں۔

**اجزاء:** سیماب، گندھک، آملہ سار، سہاگہ، فلفل سیاہ، زنجبیل، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 6 ماشہ، مغز جمال گوٹہ مدبر ڈھائی تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سیماب، گندھک کو آدھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ جب خوب مل جائیں تو ان میں باقی دوائیں بھی علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملالیں۔ پھر آب لیموں یا آب بھنگرہ میں ایک دن کامل کھرل

کریں۔ بعدہ گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

**طریق استعمال:** روزانہ استعمال کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام یا صرف ایک وقت ہمراہ دودھ گرم
قبض کشائی کے لئے 2 گولی مسہل کے لئے 6 سے 8 گولی تک ہمراہ سوڈا واٹر
استعمال کرائیں۔ دردِ شکم اور
یا آب دوغ یا ہمراہ سکنجبین تین تولہ عرق گلاب 6 تولہ، سرکہ 1 تولہ یا ہمراہ دودھ گرم یا ہمراہ خالص پانی
استعمال کرائیں۔ ترش چیز کے ساتھ دینا زیادہ مفید ہے۔ اگر مریض کو گرمی محسوس ہو تو سوڈا واٹر یا
سکنجبین پلائیں۔ گرم موسم میں گرم مزاجوں اور نازک مزاج امراء کو حتی الوسع مسہل کے طور پر
استعمال نہ کرائیں۔ غذا نرم کھچڑی یا دلیہ گندم یا گوشت کے شوربہ میں ہلکا خوب تر کرکے یا دودھ ڈبل
روٹی دیں۔

## (176) معجون قبض کشاء

**منافع:** قبض ہر قسم ریح بواسیر اور ضعف ہضم کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی معدہ، خلل ریاح، لطف یہ
کہ نہایت آسان ہے۔ اس کے اجزاء ہر جگہ سے باآسانی دستیاب ہو سکتے ہیں۔ دائمی قبض اور غلبہ ریاح
کے لئے خاص چیز ہے۔ یہ ایک سادھو کا عطیہ ہے۔

**اجزاء:** پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ، آملہ، زنجبیل یعنی سونٹھ ہر ایک ایک تولہ، تربد یعنی تردی 2 تولہ
شہد خالص 20 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** ہر ایک دوائی الگ الگ باریک پیس کر شہد میں ملا کر رکھ لیں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ رات کو سوتے وقت یا صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

## (177) حب اکسیر معدہ

**منافع:** ہاضم مقوی معدہ، مخرج ریاح، دافع درد شکم، قے، ہیضہ، اسہال وغیرہ پیٹ کی تمام امراض کی مفید
ترین دوا ہے۔ جس کا نسخہ ایک سیاح سے حاصل ہوا۔ بالکل ارزاں اور آسان ہے۔

**اجزاء:** گل مدار یعنی آک 5 تولہ، مرچ سیاہ 2 تولہ، نمک خوردنی 6 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کریں اور لعاب گھیکوار سے کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں تیار
کریں۔

**طریق استعمال:** قولنج میں تین گولی ہمراہ پانی، ہیضہ کے لئے دو گولی درد شکم وغیرہ کے لئے ایک گولی ہمراہ
پانی گرم استعمال کرائیں۔ ضعف معدہ کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام بعد طعام ہمراہ پانی استعمال
کرائیں۔

## (178) درد معدہ و ضعف معدہ و درد اعصاب

**اجزاء:** کھاں 7 ماشہ، مویز منقی 9 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** دونوں دوائیں کوٹ کر 2-2 ماشہ کی گولیاں بنالیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ شربت بنفشہ 2 تولہ' عرق سونف 5 تولہ استعمال کرائیں۔

## (179) دوائے ورم معدہ

### (از بیاض سلیمی)

**اجزاء:** اکلیل الملک' بابونہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** تین چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ جب 6 تولہ کے قریب پانی رہ جائے تو مل چھان کر اس میں بادام روغن تین تولہ ملا کر دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو روغن کو حفاظت سے رکھیں۔

**طریق استعمال:** 2 ماشہ صبح 2 ماشہ شام استعمال کرائیں۔

## (180) چورن برائے ہضم وغیرہ

**اسناد:** علامہ زمان جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے۔

**منافع:** ہاضمہ تپ لرزہ' یرقان' تپ بلغمی' کثرت ریاح شکم کے لئے معمول ہے۔

**اجزاء:** زیری سیاہ' اجوائن دیسی' مرچ سیاہ' نمک سیاہ پوست' ہلیلہ زرد ہر ایک دو دو تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔

**طریق استعمال:** 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (181) اکسیر اسہال سبز اطفال

**منافع:** بچوں کو عموماً گرمی کے موسم میں اسہال جاری ہو جاتے ہیں۔ ساتھ پیاس زیادہ لگتی ہے۔ بعض دفعہ قے اور تپ بھی شامل ہوتا ہے۔ بچہ دن بدن سوکھتا جاتا ہے۔ اس عارضہ کے لئے یہ اکسیر نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس سے دو دن میں اسہال بند ہو جاتے ہیں۔

**اجزاء:** زہر مہرہ' حب آلاس یعنی تخم موڑیوں' زرورد' طباشیر ہر ایک تین ماشہ سب کو باریک کر کے عرق کیوڑہ میں ایک گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** 4 رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب سرد دن میں تین چار مرتبہ استعمال کرائیں۔ اگر بچہ چھوٹا ہو تو شیر والدہ یا پانی میں حل کر کے استعمال کریں۔

## (182) اکسیر اسہال و پیچش

**منافع:** ہر قسم اسہال و پیچش خصوصاً گرمی کے جگری دستوں کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ اس کی ایک خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت زود اثر بے خطا ہمہ صفت موصوف نسخہ ہے۔ آگے قدر کرنا یا نہ کرنا آپ کے اختیار میں ہے۔ البتہ پیچش معمولی کے لئے معمول ہے۔

**اجزاء:** کشتہ فولاد ولایتی' کیلشیم لیکٹیٹ ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: دونوں دوائیں آپس میں خوب ملا کر رکھ لیں۔
طریق استعمال: 2 ماشہ ہمراہ چائے یا پانی صرف ایک دفعہ یا دو دفعہ دن میں استعمال کرائیں۔ غذا نرم مثل کھچڑی وغیرہ دیں۔

## (183) سفوف برائے اسہال و پیچش

منافع: مذکورہ بالا نسخہ جات سے آسان اور اسہال و پیچش کے لئے مجرب ہے۔
اجزاء: زیرہ سفید، رال سفید، گل دھاوا، پوست خشخاش ہر ایک تین ماشہ۔
ترکیب ساخت: چاروں دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔
طریق استعمال: تین تین ماشہ ہمراہ دہی صبح و شام استعمال کرائیں۔ غذا نرم کھچڑی دیں۔

## (184) سفوف دافع اسہال خونی

اجزاء: صمغ عربی، کتیرا، طباشیر، سنگجراحت ہر ایک دو دو تولہ۔
ترکیب ساخت: سب کو الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔
طریق استعمال: 4 ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار کو کناری ساڑھے تین تولہ، رب بہی ڈھائی تولہ عرق سونف 10 تولہ استعمال کرائیں۔

## (185) برائے اسہال و بد ہضمی اطفال

منافع: بچوں کو موسم گرما میں یہ عارضہ عام طور پر پیدا ہو جاتا ہے۔ اور ساتھ ہی قے کی شکایت بھی ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔ ایک حد دو دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ ہاضمہ درست ہو کر دست و قے بند ہو جاتے ہیں۔ نہایت ہی زود اثر عجیب و غریب نسخہ ہے۔
اجزاء: عرق پودینہ ایک بوتل، سوڈا بائی کارب، ٹنکچر جنجر ہر ایک ایک تولہ، کلوروڈین 6 ماشہ، ٹنکچر کارڈمم 2 تولہ سب کو ملا لیں۔
طریق استعمال: ایک سالہ بچہ کو چھ ماشہ دو سالہ کو ایک تولہ علی ہذا القیاس بلحاظ عمر بڑھائیں۔ دن میں تین خوراک استعمال کریں۔

## (186) دیگر برائے اسہال اطفال

منافع: اگر مندرجہ بالا دوائی سے آرام نہ ہو اور مرض زیادہ ہو تو یہ سفوف استعمال کرائیں۔ شرطیہ آرام ہو گا۔
اجزاء: گل انار، زرورد، طباشیر، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 6 ماشہ، افیون ایک ماشہ، ناریل دریائی، مغز کول ڈوڈو، بیگری ہر ایک تین ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب کو باریک کر کے سفوف بنائیں۔

**طریق استعمال:** 2 رتی سے 4 رتی تک بلحاظ عمر ہمراہ عرق پودینہ دن میں دو دفعہ استعمال کرائیں۔

## (187) گھٹی برائے اطفال

**منافع:** شیر خوار بچوں کو ضعف ہضم' اسہال' قے' اپھارہ وغیرہ ہو یا پھوڑے پھنسیاں نکل آئیں۔ دودھ ہضم نہ ہوتا ہو۔ چھارو وغیرہ کی شافی دوا ہے۔ گاہ گاہ استعمال کرتے رہنے سے بچہ ہمیشہ تندرست رہتا ہے۔ جو کہ ہمارے علاقہ بھیرہ میں چھارو والی گھٹی کے نام سے مشہور ہے۔ بہر حال اسہال' قے' خرابی خون' ضعف ہضم کے لئے ایک بھروسہ کی چیز ہے۔

**اجزاء:** فلفل دراز 4 عدد' سورہ پیچ' کچور ہر ایک 6 ماشہ پودینہ جنگلی تین ماشہ' سندھور' پوست بلیلہ زرد ہر ایک 4 ماشہ' پپلا مول 5 ماشہ' مازو 2 عدد' نوشادر 9 ماشہ' ہڑوٹی ایک گولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ پیس کر ملالیں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک مطابق عمر پانی میں حل کر کے استعمال کرائیں۔

## (188) مرہم دافع بواسیر خونی

**منافع:** اس مرہم کے ایک ہفتہ استعمال کرنے سے مسوں کی تکلیف' درد خارش وغیرہ کو آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت بے ضرر اور مجرب ہے۔ اس سے کئی مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کانسی کے برتن میں روغن زرد 5 تولہ ڈال کر ایک سکہ کے بڑے ٹکڑے سے رگڑنا شروع کریں۔ جب گھی کا رنگ خوب سیاہ ہو جائے تو اس میں کافور' کتھ ہر ایک تین ماشہ باریک پیس کر ملالیں اور لوہے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** صبح و شام اور رات کو سوتے وقت مسوں پر لگائیں۔

## (189) گولیاں اکسیر بواسیر خونی وبادی ①

**منافع:** یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے جو بواسیر کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے آہستہ آہستہ مسے خشک ہو جاتے ہیں۔ اور بواسیر کی جملہ شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ نہایت اکسیری نسخہ پبلک کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر درج کر دیا جاتا ہے۔ زیادہ عرصہ تک استعمال کرنا چاہئے۔ تاکہ مرض کا استیصال ہو جائے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم بکائن یعنی درخت دھریک کا پھل حسب ضرورت لے کر اگر جلدی ہو تو دھوپ میں خشک کر لیں۔ ورنہ سایہ میں خشک کر کے باریک کوٹ لیں' پھر گائے کے پتہ کے پانی میں خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔ تمام گرم و ترش بادی اور تیل والی اشیاء نیز گائے کے گوشت اور قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (190) گولیاں اکسیر بواسیر خونی ②

**منافع:** بواسیر خونی کے لئے مجرب اور آزمودہ ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** شیشہ نمک ایک تولہ، آب زہرہ بز (بکری کا پتہ) 21 عدد، پتوں کا پانی تھوڑا ملا کر شیشہ نمک کو کھرل کریں۔ جب سب پانی ختم ہو جائے۔ گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (191) گولیاں برائے بواسیر خونی و بادی

**منافع:** ہر قسم بواسیر کے لئے مجرب اور آزمودہ ہیں۔ ان کے تھوڑے ہی دنوں کے استعمال سے بواسیر کے سب عوارض زائل ہو جاتے ہیں۔

**اجزاء:** مرچ سیاہ، ہو گل، مصبر، رسوت ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** آب مولی یا خالص پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (192) شربت برائے ریح بواسیر

**منافع:** ریح بواسیر کو نہایت مفید ہے۔ قبض کی عادت زائل کرتا ہے۔ دل کو طاقت بخشتا ہے۔ لطف یہ کہ گرم بھی نہیں۔ اس کے کچھ عرصہ تک استعمال کرنے سے جگر کی اصلاح ہو کر سب شکایات متعلقہ بواسیر رفع ہو جاتی ہیں۔

**اجزاء:** گل بنفشہ، گل سرخ، گل گاؤزبان ہر ایک ڈیڑھ تولہ، عناب 30 دانہ، لسوڑیاں 60 دانہ، خیارین 4 تولہ، برگ سناء 6 تولہ، تخم کاسنی، گلو خشک ہر ایک 2 تولہ، بادر نجبویہ 1 تولہ مصری تین پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** حسب دستور شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** تین تولہ صبح تین تولہ شام پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

## (193) بواسیر خونی و بادی کا مختصر نسخہ مجرب المجرب

**اجزاء:** مغز تخم نیم، ہو گل، کچلہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** تمام اشیا الگ الگ باریک کر کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (194) برائے مسہ بواسیر

**منافع:** بواسیری مسوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے استعمال سے مسے بے حس ہو جاتے ہیں۔ اور خارش وغیرہ کی تکالیف رفع ہو جاتی ہیں۔

**اجزاء:** بھوت تین ماشہ' اجوائن دیسی 2 تولہ' نیلا تھوتھا 1 ماشہ۔
**ترکیب ساخت:** سب کو باریک پیس کر روغن ترہ یعنی تیل تارا میرا میں ملا کر رکھ لیں۔
**طریق استعمال:** رات کو سوتے وقت مسوں پر لگا کر لنگوٹ باندھ کر سو رہیں۔

## (195) اکسیر حابس خون بواسیر

**منافع:** خون بواسیر خواہ جس قدر جاری ہو۔ اس کی پہلی خوراک سے بند ہو جاتا ہے۔ کوئی تکلیف وغیرہ بھی مطلقاً" نہیں ہوتی۔ نہایت بے ضرر اور زود اثر ہے۔
**اجزاء و ترکیب ساخت:** چھلکا ریٹھہ' گیرو مساوی الوزن لے کر پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔
**طریق استعمال:** دو گولی رات کو ہمراہ ایک گھونٹ روغن زرد کے نگل لیں۔

## (196) دیگر بواسیری خون بند کرنے کا آسان نسخہ

**منافع:** جو علاوہ بواسیری خون بند کرنے کے جریان احتلام کو بھی مفید ہے۔
**اجزاء و ترکیب ساخت:** گاؤدنتی 2 تولہ لے کر کھٹی بوٹی کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کریں۔ یا کوزہ گلی میں  کھ کر گل حکمت کر کے محفوظ جگہ میں چھ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سفید کشتہ شدہ برآمد ہو گی۔ پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔
**طریق استعمال:** جریان احتلام کے لئے دو رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر اور بواسیر کے لئے ہمراہ شربت انار 4 تولہ استعمال کرائیں۔

## (197) اکسیر دیدان

**منافع:** پیٹ کے کرموں کے لئے اکسیر ہے۔ چاروں قسم کے کیڑوں کو مار کر نکالتی ہے۔
**اجزاء:** مصبر' کمیلہ' کیلومل' سنٹونین ہر ایک تین ماشہ۔
**ترکیب ساخت:** تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنا لیں۔
**طریق استعمال:** بچوں کو دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ عرق سونف سہ آشہ استعمال کرائیں۔

## (198) تریاق ہیضہ

**منافع:** ہیضہ کے لئے نہایت بے خطا ہے۔ نیز ہر قسم کی خرابی ہضم کے لئے ایک بہترین چیز ہے اور ضرورت کے وقت فوراً تیار ہو سکتا ہے۔
**اجزاء:** سکنجبین پاؤ' عرق الائچی' عرق پودینہ' عرق سونف' عرق اجوائن' سرکہ انگوری ہر ایک 5 تولہ' سوڈا بائی کارب 8 ماشہ' نوشادر 4 ماشہ۔
**ترکیب ساخت:** سب اشیاء ایک بوتل میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔
**طریق استعمال:** پانچ پانچ تولہ گھنٹہ گھنٹہ کے بعد پلاتے رہیں۔

## (199) دافع قے دائمی

**اجزاء و ترکیب استعمال:** پوست سماق، زرشک ہر ایک تین ماشہ، تین تولہ پانی میں گھوٹ کر شربت انار 2 تولہ ملا کر چٹائیں۔

## قے دائمی کا دوسرا نسخہ

**اجزاء و ترکیب استعمال:** شربت سیب، سرکہ، سکنجبین ہر ایک دو تولہ، سب کو ملا کر پانی میں سرد کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔

## (200) علاج ہیضہ مجرب

**منافع:** یہ طریق علاج بیس سال سے میرا معمول ہے۔ جو کہ نہایت تسلی بخش ثابت ہوا ہے۔ آج تک جس جگہ اس نسخہ کے استعمال کا اتفاق ہوا۔ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ تمام عوارض مثلاً اسہال، قے، شدت عطش، بے قراری، بدہضمی، نقاہت وغیرہ اس کے استعمال سے کافور ہو جاتے ہیں۔ اس پر طرہ یہ کہ اس کے اجزاء نایاب نہیں۔ بنانے میں کوئی دیری یا تکلیف نہیں ہوتی۔ ضرورت کے وقت ایک معمولی عطار تیار کر کے دے سکتا ہے۔ ایک اصولی طریق علاج ہے جو دیگر سب علاجوں سے بدرجہا بہتر ہے۔ پیاس، گھبراہٹ، وغیرہ تکالیف کو فی الفور نفع ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ غذا غیر منہضم ہضم ہو کر سب تکالیف شرطیہ رفع ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔ گرم دواؤں سے بدرجہا بہتر ہے۔ غرض تسلی بخش علاج ہے۔ اسے معمولی تصور نہ کریں۔ بلکہ ضرورت کے وقت اس کا تجربہ کر لیں۔

**اجزاء:** نوشادر، مرچ سیاہ، پودینہ خشک ہر ایک تین ماشہ، نمک سیاہ، الائچی خورد، سونف کشنیز ہر ایک 6 ماشہ، مصری تین تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف بنا لیں۔ نیز سکنجبین سادہ، عرق سونف عمدہ ہر ایک ایک پاؤ، روح سرکہ (ایسیٹک ایسڈ) ایک تولہ اگر دستیاب نہ ہو سکے تو سرکہ انگوری 5 تولہ سب کو ایک بوتل میں ملا لیں۔

**طریق استعمال:** دو ماشہ سفوف کھا کر بوتل والی دوائی میں سے پانچ تولہ کے قریب لے کر اس میں 2 تولہ پانی ملا کر پئیں۔ پندرہ پندرہ منٹ کے بعد اسی طریق پر دیتے رہیں۔ اگر شکایت معمولی ہو تو آدھ آدھ گھنٹہ کے بعد دیئے جائیں۔ اگر دوائی قے سے نکل جائے تو پھر دے دیں۔ چار پہر میں پوری طرح آرام ہو جاتا ہے۔ غذا مطلقاً نہ دیں۔ شفایابی سے بعد جب سخت بھوک لگے تو نرم غذا تھوڑی سی کھلا کر بعد میں ایک دو بار یہی دوائی کھلائیں۔ غذا مونگ اور چاول کی نرم کھچڑی میں گوشت بز کا شوربہ ملا کر دینا عمدہ ہے۔

# مجربات امراض قلب (دل)

## (201) اکسیر المسک

**منافع:** یوں تو ضعف قلب کی سینکڑوں دوائیں ہیں جن میں سے اکثر زیادہ قیمتی ہوتی ہیں۔ کسی کے اجزاء مشکل سے مہیا ہوتے ہیں۔ کسی کی محنت زیادہ ہوتی ہے۔

اس کے برعکس اکسیر المسک یقینی فائدہ کرتی ہے۔ پانچ منٹ میں تیار ہو سکتی ہے۔ قیمت کچھ بھی نہیں۔ صرف اس کے اجزاء ایک دفعہ اصلی مہیا کر کے اسے تیار کر لینا ضروری ہے۔

اکسیر المسک غشی قوت ساقط ہو جانے' ہاتھ پاؤں کے سرد ہو جانے ضعف قلب دل گھٹنے بزدلی وغیرہ کے لئے ایک اعلیٰ پایہ لاثانی چیز ہے۔ جو کہ تمام یاقوتیوں دواء المسکوں مفرحات وغیرہ کی سرتاج ہے اس جیسا بے خطا کم قیمت نسخہ اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

اس سے امیر و غریب سب فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نہایت عزیز ترین نسخہ ہے۔ جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے جو احباب اس سے مستفید ہوں گے۔ یقیناً داد دیئے بغیر نہیں رہ سکیں گے۔ ایک قابل اخفا چیز ہے۔

**اجزاء:** مشک ولایتی (جو تمام بڑے انگریزی دوا فروشوں سے ایک اونس کی بند شیشی مل جاتی ہے) 2 ماشہ کشتہ فولاد ولایتی (فرائی کاربوناس) 2 ماشہ کشتہ مرجان 3 ماشہ' کشتہ صدف 2 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** مشک ولایتی باریک کھرل کر کے کشتہ جات ملا لیں بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** اگر مرض کا دورہ ہو تو 4 رتی اکسیر المسک ہمراہ دودھ یا چائے یا پانی یا مناسب عرق استعمال کرائیں۔ فوراً ہوش آجائے گی۔ اگر پوری طرح ہوش نہ آئے تو دوسری خوراک دے دیں۔ اگر تقویت قلب مطلوب ہو تو صبح' دوپہر' شام تین دفعہ دن میں یا صبح و شام یا صرف ایک وقت مطابق ضرورت مرض استعمال کرائیں۔ اس سے ضعف قلب کی شکایت رفع ہو کر آئندہ دورہ مرض کچھ دنوں تک موقوف ہو جائے گا۔

**نوٹ:** اگر فی خوراک ایک عدد ورق نقرہ کلاں ملا کر دیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

## (202) معجون مفرح

**منافع:** مقوی قلب' دماغ' جگر' معدہ' دافع گرمی و دل دھڑکن' مفرح قلب' بدرجہ کمال ہے۔

جہاں ضعف جگر و معدہ و قلب و گرمی جگر و ضعف بدن کمی خون کا عارضہ ہو۔ یرقان تک نوبت پہنچ گئی ہو۔ زردی رنگ بدن' زردی چہرہ' ناطاقتی بدن ہو۔ یہ معجون نہایت مفید پڑتی ہے۔ غرض ضعف اعضاء رئیسہ خصوصاً ضعف جگر و قلب و گرمی و دل دھڑکن' کمی خون و زردی رنگ بدن کی ایک خاص دوا ہے۔ جو میری اپنی مجوزہ ہے۔ نہایت آسانی سے تیار ہو سکتی ہے اور لمبے چوڑے نسخوں سے بدرجہا بہتر

ہے۔

**اجزاء:** کشتہ فولاد آبی، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق ہر ایک ماشہ، دانہ الائچی خورد طباشیر نقرہ ہر ایک تین ماشہ، ورق نقرہ 32 عدد مربہ سیب، مربہ ہلیلہ، مربہ آملہ، مربہ بہی ہر ایک 4 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** مربہ جات کو نڈہ ڈنڈہ میں خوب گھوٹ لیں۔ دانہ الائچی خورد، طباشیر کو باریک پیس کر ورق نقرہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر کشتہ جات ملا کر سب اشیاء کو اچھی طرح گھوٹ کر ملا لیں۔

**طریق استعمال:** ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت صندل، شربت گاؤزبان قدیم ہر ایک 1 تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک، عرق گاؤزبان ہر ایک 4 تولہ استعمال کریں۔

## (203) تریاق القلب آسان

(صندوقچہ)

**منافع:** تقویت قلب اور تفریح قلب کے لئے اسم بامسمی ہے۔ لطف یہ کہ نہایت سہل الحصول اور ارزاں ہے اور شب و روز کا معمول نہایت قیمتی نسخہ ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زہر مہرہ 2 تولہ کو عرق گلاب 5 تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں۔ پھر اس میں لاجورد مغسول 2 تولہ ملا کر رکھیں۔

**طریق استعمال:** چار رتی سے ایک ماشہ تک مربہ سیب یا مربہ بہی یا گلقند میں ملا کر استعمال کریں۔

## (204) دواء المسک معتدل

**منافع:** اعلیٰ درجہ مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ مراق، توحش، تبخیر خفقان سوداوی کو زائل کرتی ہے۔ ارواح و قویٰ و تمام بدن کو قوت دیتی ہے۔ غشی، سقوط قوت (ضعف قوت حیوانی) بردا طرف (ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا ہو جانا) ضعف قلب کا علاج ہے۔ اس کا تجربہ کرنے کے بعد یقیناً میرے دوست نہایت خوش ہوں گے۔

**اجزاء:** مشک نیپالی تین ماشہ، مروارید ناسفتہ، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، کہربا، بسد مرجان، سنگ یشب، ابریشم خام، طباشیر ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** ابریشم کو صاف کر کے ہاون دستہ میں خوب کپڑ چھان کریں۔ کہربا، بسد مرجان، سنگ یشب کو باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔ مروارید کو عرق گلاب 3 ماشہ میں کھرل کر کے خشک کریں۔ مشک اور زعفران کو بھی باریک کھرل کر لیں۔ پھر سب اشیاء کو خوب ملا لیں۔ پھر کشنیز خشک، تخم خرفہ، تخم خیارین ہر ایک ایک تولہ کو ایک پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر مصری آدھ سیر ملا کر قوام تیار کریں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے سفوف ادویہ مذکورہ ملا کر چمچہ سے اچھی طرح حل کر کے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ یا یونہی چٹا دیں۔ گرم بادی اور ثقیل اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ بے ہوشی کی حالت میں کسی چیز میں حل کر کے حلق میں ڈالیں۔

## (205) خمیرہ مفرح قلب

**منافع:** ضعف اعضاء رئیسہ کے دور کرنے دل، دماغ کو کمال طاقت پہنچانے اور ضعف قلب کے گرم مزاج مریضوں اور مجلوقوں کے لئے ایک نعمت ہے۔ گرمی و توحش، تبخیر، مراق، ضعف دماغ، گھبراہٹ دل دھڑکہ وغیرہ تمام گرم امراض قلب کی خاص چیز ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** صندل سرخ 5 تولہ، صندل سفید، بادرنجبویہ ہر ایک ایک تولہ کو عرق گلاب ایک سیر اعلیٰ درجہ میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دے کر مل چھان کر مصری ڈھائی سیر ملا کر قوام تیار کریں۔ بعدہ کشتہ فولاد، کشتہ چاندی، کشتہ مرجان، کشتہ زہر مہرہ، دانہ الائچی خورد کوفتہ، ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ، روح کیوڑہ 2 تولہ میں کھرل کر کے ملالیں اور کونڈہ ڈنڈا میں گھوٹنا شروع کریں۔ جب سفید ہو جائے خمیرہ تیار ہے۔

**طریق استعمال:** 6 ماشہ سے تولہ تک صبح و شام استعمال کرائیں۔ گرم اور بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (206) اکسیر نقرئی

**منافع:** ضعف معدہ، جگر، دماغ، دل دھڑکہ، گرمی طبیعت، گرمی جگر، جریان، کثرت احتلام، ضعف قلب کی معمول مطب آسان اکسیر ہے۔ مجلوق کے عوارض، گرمی و ضعف اعضاء رئیسہ، کمی خون، ضعف معدہ، کمی اشتہا، جریان، ضعف قلب کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ جوانوں کے ضعف، اعضاء رئیسہ و گرمی وغیرہ کی آسانی سے تیار ہو جانے والی اکسیر ہے۔

**اجزاء:** کشتہ فولاد آبی، کشتہ عقیق ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی ہر ایک تین ماشہ، ورق نقرہ 60 عدد۔

**ترکیب ساخت:** کشتہ جات کو کھرل میں ڈال کر ورق ایک ایک کر ڈالتے جائیں۔ جب خوب مل جائیں تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** چار رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ گھنٹہ کے بعد دودھ تازہ آدھ سیر پلائیں۔ 4 بجے شام شربت صندل 3 تولہ، روح کیوڑہ تین ماشہ، عرق گاؤزبان، عرق بید مشک ہر ایک 6 تولہ ہمراہ مربہ ہلیلہ 1 عدد و ورق نقرہ 2 عدد استعمال کریں۔

## (207) دوائے ضعف قلب و گرمی

**منافع:** گرمی، تپش قلب، ضعف قلب، دل دھڑکہ، خواہ جس عارضہ سے ہو۔ خصوصاً وہ ضعف جگر و دل دھڑکہ جو گرمی کے سبب سے ہو نہایت مفید ہے۔ اکثر جریان کے مریضوں کو ایک وقت یہ دوا استعمال کرائی جاتی ہے۔ عام معمول ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کشتہ فولاد، کشتہ مرجان ہر ایک ایک ماشہ ملا کر رکھ لیں۔

طریق استعمال: چار چاول صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

# مجربات امراض جگر و طحال

## (208) حب اکسیر جگر

**منافع:** ضعف جگر، ضعف معدہ، دل دھڑکہ، بھس، کمی خون، زردی رنگ بدن کو دور کرتی ہیں۔ جگر و معدہ کا فعل درست کرتی ہیں۔ جو شخص گرمی جگر کے عارضہ سے باربار نہاتا ہو۔ اور ضعف جگر کی وجہ سے چل پھر نہ سکتا ہو۔ بدن کی سوزش اور گرمی ستاتی ہو۔ غذا جزو بدن نہ بنتی ہو۔ اس کے لئے نہایت اکسیر ہیں۔

**اجزاء:** خبث الحدید مدبر الائچی کلاں، الائچی خورد، طباشیر، فلفل دراز، آرد گلو، کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**ترکیب ساخت:** قند سیاہ کہنہ ایک پاؤ کو عرق گلاب میں قوام کر کے سفوف مذکورہ ملا کر گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ چھاچھ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اور تیل والی اور بادی اشیا سے پرہیز کرائیں۔

**خبث الحدید مدبر کرنے کی ترکیب:** خبث الحدید حسب ضرورت لے کر ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر کسی برتن میں ڈال کر پانی سے دھونا شروع کریں۔ ہر دفعہ تازہ پانی ڈال کر مل کر گراتے جائیں۔ اس حد تک کہ خبث الحدید میں مٹی کا اثر کچھ نہ رہ جائے پھر اس میں سے دس تولہ لے کر کڑھائی میں ڈال کر ترپھلہ کے پانی سے لوہے کے دستہ کے ذریعہ چار دن تک رگڑتے رہیں۔ پھر وہی ترش سے چار پانچ دن تک رگڑیں۔ جب خشک ہو جائے باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

**نوٹ:** اگر کشتہ خبث الحدید تیار نہ ہو سکے تو اس کے عوض کشتہ فولاد ولایتی ملالیں۔

## (209) تریاق جگر و طحال

**منافع:** ضعف جگر، سوء القنیہ، کمی خون، زردی رنگ بدن، جگر اور تلی کا بڑھ جانا وغیرہ۔ تمام عوارض جگر و طحال کے لئے اسم بامسمی ہے۔ جگر طحال کے فعل کو درست و قوی کرتی ہے۔ جو ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے۔ سینکڑوں دفعہ کی مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء:** جوہر نوشادر یا نوشادر خام، ریوند خطائی، ہیرا کسیس ولایتی (فرائی سلفاس) ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی صبح اور شام ہمراہ شربت بزوری عرق سونف، عرق مکو ہر ایک تین تولہ، عرق

کاسنی 6تولہ یا صرف پانی سے یا گلقند میں ملا کر استعمال کرائیں۔

## (210) شربت فولاد تریاق جگر

**منافع:** اس شربت کا خاصہ ہے کہ معدہ میں پہنچتے ہی معدہ کی طاقت کو بڑھاتا ہے۔ پھر جگر میں جا کر بالخاصہ اس کو تقویت بخشتا ہے۔ پھر تمام بدن میں اس کی تاثیر جوہریہ اثر کرتی ہے۔ کمزوروں، ضعیف العمروں کو جن سے کچھ کھایا پیا نہ جا سکے۔ کچھ چل پھر نہ سکیں۔ بھوک نہ لگتی ہو اور کام کاج سے عاری ہوں اور وہ بیمار جو بڑی بیماریوں کے بعد ضعیف ہو چکے ہوں یا بدان زرد اور خون کی کمی ہو۔ ان سب کے لئے یہ شربت تریاق کا کام دیتا ہے۔ رنگ سرخ کرتا ہے۔ طبیعت میں ہمت بڑھتی ہے۔ طحال اور سوء القینہ اور یرقان میں بھی عجیب فائدہ بخشتا ہے۔ ضعف اعصاب، کثرت پیشاب، ذیابیطس پرانے دستوں کو زائل کرنے کے لئے عجیب چیز ہے۔ جس شخص کا چلنے پھرنے سے سانس پھول جاتا ہو یا زینہ پر چڑھنے سے تھک جاتا ہو۔ اس شربت کے چند روز استعمال کرنے سے یہ تمام شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ ضعف ہضم، ضعف جگر کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ دودھ، گھی ہضم کرتا اور رنگ بدن کو سرخ کرتا ہے۔ اور بدن کو طاقت بخشتا ہے۔ ایک مخفی راز ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ نرم، جامن پانچ سیر پختہ لے کر اڑھائی سیر پختہ پانی میں خوب گھوٹ کر پانی نکالیں۔ اس پانی میں پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ آملہ ہر ایک آدھ سیر، الائچی خورد دو تولہ، بمعہ پوست زیرہ سفید 5 تولہ کوٹ کر ملا دیں۔ پھر لوہے کی صاف شدہ کڑاہی میں ڈال کر کنجیاں فولادی 5 عدد بھی ڈال دیں اور روزانہ ہلاتے رہیں۔ موسم گرما میں سات یوم تک اور موسم سرما میں نو دس دن تک رہنے دیں اور روزانہ کسی چیز سے ہلاتے رہیں۔ پھر اس کا مقطر یعنی صاف پانی اوپر سے نتھار کر تین پاؤ مصری کا قوام تیار کر کے 6 ماشہ پانی مذکور سے ملا لیں۔ بس تیار ہے۔ جتنا پانی نکلے فی بوتل 6 ماشہ ڈال کر شربت تیار کر لیں۔ سرخ رنگ خوراکی یا کچنل حسب ضرورت ملا لینا چاہئے۔ اگر دل چاہے تیار شدہ شربت گرم گرم میں روح کیوڑہ دو دو تولہ فی بوتل ملا لیں۔

**طریق استعمال:** 20 تولہ سے تین تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔ ثقیل بادی اور گرم ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (211) کشتہ فولاد اکسیر جگر

**منافع:** یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے۔ جو ضعف جگر، بھس، سوء القینہ، کمی خون، زردی رنگ، دل دھڑکنا، گرمی جگر وغیرہ کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ بدن میں خون وافر پیدا کر کے موٹا اور سرخ اور طاقتور بناتا ہے۔ عظم طحال اور بواسیر کے لئے مفید ہے۔ ایک دفعہ محنت کر کے بنا چھوڑیں۔ ایک کارآمد چیز تیار ہو جائے گی۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بورہ فولاد یا اسپات ایک پاؤ پختہ کھرل میں ڈال کر آب جامن پختہ تین بوتل

بذریعہ کھرل جذب کر دیں۔ یا بورہ فولاد کو چینی کے پیالہ میں ڈال کر آب جامن سے تر کر کے دھوپ پر رکھ کر اسی طرح تین بوتل جذب کر دیں۔ روزانہ ہلا دیا کریں۔ آب جامن اس قدر ڈالا کریں کہ فولاد سے ایک انگل اوپر آ جائے۔ جب تین بوتل پانی بذریعہ کھرل وغیرہ کے جذب ہو جائے تو پھر دو بوتل کیلے کے پانی میں نوشادر تین تولہ ملا کر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ اب کشتہ فولاد اکسیری تیار ہو گیا۔ پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** نصف رتی سے ایک رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر یا دہی کے گھرڑ میں ڈال کر استعمال کرائیں۔

## (212) کشتہ منور یعنی لوہ چون

**منافع:** ضعف جگر بھس کے لئے اس کشتہ منور سے بڑھ کر اور کوئی نہیں پایا گیا اس سے ضعف جگر کے تین ایسے مریض شفایاب ہوئے جن کے کئی علاج ہو چکے تھے اور اٹھنے بیٹھنے سے عاجز تھے۔ غذا کچھ نہیں کھا سکتے تھے۔ اور زردی رنگ ضعف طحال و صلابت طحال بواسیر کو نہایت مفید ہے۔ غذا کو ہضم کر کے جزو بدن بناتا ہے۔ جس سے خون پیدا ہو کر بدن سرخ رنگ ہو جاتا ہے۔ طاقت دن بدن بڑھتی جاتی ہے۔ ضعف جگر، کمی خون، زردی رنگ بدن کے لئے نہایت مفید ہے۔ وہ تمام اوصاف جو کشتہ منور میں ہونے چاہئیں اس میں موجود ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** منور کا ایک بڑا ٹکڑا لے کر سات دفعہ سیاہ رنگ گائے کے پیشاب میں بجھا دیں۔ پھر ہاون دستہ میں کوٹ کر پانی سے بار بار دھو کر صاف کر لیں۔ پھر کسی برتن میں ڈال کر سرکہ انگوری سے خوب تر کر دیں۔ جب خشک ہو جائے تو کوزہ گلی میں ڈال کر پانی ہاتھی سونڈی بوٹی سے کوزہ مذکور کو بھر کر منہ چینی سے خوب گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر دوبارہ سرکہ میں بدستور آنچ دیں۔ اس طریق سے تین آنچیں دے لیں۔ پھر چار پہر تک لیموں کے پانی میں چار پہر انار پختہ کے پانی میں چار پہر آب جامن پختہ میں اور چار پہر تک بکن بوٹی کے پانی میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ پھر پیس کر نگاہ رکھیں۔ اگر بکن بوٹی کسی جگہ دستیاب نہ ہو سکے تو ترہلہ کے پانی میں کھرل کر لیں۔

**طریق استعمال:** دو رتی صبح مکھن یا دہی کے ساتھ استعمال کریں۔

## (213) شربت مبرد جگر

**منافع:** گرمی جگر و غلبہ صفرا و تشنگی و گرمی مزاج و تپ صفراوی و دموی کے لئے نہایت مفید ہے۔ یہ شربت میرے شفاخانہ میں ہمیشہ تیار رہتا ہے اور گرم مزاجوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔

**اجزاء:** آلو بخارا 10 تولہ، تخم کاسنی 5 تولہ، گل نیلوفر تین تولہ، بورہ صندل سفید ایک تولہ مصری تین پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** سوائے مصری کے باقی دوائیں چار پہر تک ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش

دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** تین تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

## (214) شربت فولاد

**منافع:** مقوی جگر، مقوی معدہ، دافع گرمی، دل دھڑکنا، ضعف جگر وغیرہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ دل کی تپش، ضعف جگر کے مریضوں کے لئے ایک نعمت ہے۔ معدہ اور جگر کی تمام امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ منٹوں میں تیار ہو جاتا ہے اور نہایت ارزاں ہے۔ گرم مزاج نوجوانوں کی اس کی قدر کرنی چاہئے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کیلیم لکٹیٹ 1 تولہ، ٹنکچر سٹیل 6 ماشہ، روح کیوڑہ تین تولہ، کچنیل ریڈبال والا 2 ماشہ، یا رنگ سرخ بقدر ضرورت، مصری تین پاؤ، نمبر 1، 2، 4 کو نمبر 3 میں خوب حل کرلیں۔ پھر مصری کا قوام تیار کر کے محلول مذکور ملا کر ایک جوش آجانے کے بعد آگ سے اتار لیں۔

**طریق استعمال:** تین تولہ صبح تین تولہ شام پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

## (215) عرق ورم جگر و تمام احشاء

**اسناد:** حضرت علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا معمول مطب ہے۔

**منافع:** ورم جگر معدہ، تلی، امعاء وغیرہ و تپ کہنہ کا معمول مطب خاص الخاص نسخہ ہے۔ ورم جگر و ورم معدہ، ورم تمام باطنی اعضا کے لئے معمول ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برنجاسف، بادر نجبویہ، سونف، مویز منقی ہر ایک 5 تولہ، گل گاؤزبان، بادآورد، شکاعی ہر ایک تین تولہ اس کا عرق بقدر 2 بوتل کشید کریں۔

**طریق استعمال:** 5 تولہ صبح 5 تولہ شام مصری ملا کر استعمال کریں۔

## (216) خیساندہ ورم جگر

**اجزاء و طریق استعمال:** چرائتہ 3 ماشہ کو عرق سونف، عرق گاؤزبان، عرق مکو ہر ایک 4 تولہ میں رات کے وقت بھگو دیں۔ صبح چھان کر شربت انار یا شربت بزوری تین تولہ ملا کر استعمال کریں۔

## (217) سفوف برائے ورم جگر

**اجزاء:** شکر تری، طباشیر، تج ہر ایک ایک تولہ، الائچی خورد تین تولہ، فلفل دراز 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں کوٹ کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی یا شربت بزوری تین تولہ، عرق کاسنی 6 تولہ استعمال کریں۔

## (218) سفوف مقوی جگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل سرخ ایک تولہ، زرشک، لک مغسول ہر ایک تین ماشہ، تخم حماض 5 ماشہ، زعفران 4 رتی، کافور ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** تین ماشہ علی الصبح ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (219) شربت مقوی جگر

**اجزاء:** تخم کاسنی، غنچہ گل سرخ، سونف ہر ایک 6 تولہ، پوست بیخ کاسنی 12 تولہ، نیلوفر گل دھاوا، گل گاؤزبان، ابریشم خام ہر ایک ایک تولہ، فقاح اذخر 6 ماشہ، مصری تین پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں چار پہر تک ایک سیر پانی میں تر کر کے صبح جوش دے کر جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** تین تین تولہ صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (220) سفوف ضعف جگر و یرقان زرد

**اجزاء:** کشتہ فولاد، افستین، جوہر نوشادر یا نوشادر خام ہر ایک 6 ماشہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ مصری کوزہ ساڑھے تین تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

**طریق استعمال:** تخم کاسنی، زرشک، نیلوفر ہر ایک 6 ماشہ رات کو تین چھٹانک پانی میں تر کریں۔ صبح اس کا زلال لے کر مصری دو تولہ ملا کر ایک ماشہ سفوف پھانک کر پئیں۔ اسی طرح صبح و شام ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔

## (221) ضعف و صلابت جگر

**اسناد:** یہ نسخہ حضرت استاذ مرحوم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے معمولات سے ہے جو کہ آپ کے مطب عالیہ میں تخم کشوث والا کے نام پر مشہور تھا۔

**منافع:** ضعف و صلابت و سدہ و ریاح و ہر قسم خرابی جگر و معدہ و تمام اندرونی اعضا کے ورم مثل ورم رحم ورم امعاء ورم گردہ ورم معدہ و ورم جگر و خرابی ہضم وغیرہ کے لئے سینکڑوں دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء و طریق استعمال:** تخم کشوث در پارچہ بستہ 5 ماشہ، بیخ کاسنی 6 ماشہ، بیخ سونف 6 ماشہ، عرق کاسنی، عرق مکو، عرق گلاب ہر ایک 7 تولہ، شربت دینار تین تولہ۔

**ترکیب ساخت:** خشک دواؤں کو عرقیات میں دو تین جوش دے کر مل چھان کر شربت ملا کر پلائیں۔

## (222) ورم جگر مجرب

**اجزاء و طریق استعمال:** کاربالک ایسڈ تین قطرہ' پانی خالص ڈھائی تولہ دونوں کو ملا کر ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔ اس کے ساتھ کوئی مسہل دوائی بھی دیتے رہیں۔ انشاء اللہ العزیز ایک ماہ تک شفا کامل نصیب ہو گی۔

## (223) اسہال جگری جو رات کو آئیں

**منافع:** اسہال جگری اور عام اسہال وقتے کے لئے نہایت مجرب المجرب نسخہ ہے جو بہت ہی زود اثر ثابت ہوا ہے۔

**اجزاء:** زرشک' پوست سماق یعنی چھلکا تنتری ہر ایک 2 تولہ' طباشیر' الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

**طریق استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ سکنجبین' عرق پودینہ ہر ایک تین تولہ پانی سرد 6 تولہ استعمال کرائیں۔

## (224) مقوی جگر و معدہ

**منافع:** مقوی جگر' مقوی معدہ' مقوی دماغ اور مقوی قلب ہے۔ نہایت زود اثر نیز آسان اور کم قیمت ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ٹنکچر فیری پرکلور' ٹنکچر نکس وامیکا' ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ہر ایک 10 بوند' پانی ڈھائی تولہ سب کو ملالیں۔

**طریق استعمال:** یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی دو خوراک دن میں صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔

## (225) عرق اکسیر طحال

**اسناد:** یہ نسخہ ایک صاحب نے کتاب میں چھاپنے کے لئے بھیجا تھا۔ جس کا کئی دفعہ تجربہ ہوا ہے۔

**منافع:** تلی خواہ کتنی بڑھ گئی ہو۔ اس سے آرام ہو جاتا ہے۔ ایک مریض کی تلی ناف تک پہنچی ہوئی تھی اور نہایت صلابت تھی۔ ساتھ تپ اور درد شدید تھا۔ جسے ڈاکٹروں نے رسولی تجویز کر کے اپریشن کا حکم سنایا۔ اس عرق کی تین بوتلوں سے وہ مریض اچھا ہو گیا۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نوشادر دیسی' شورہ قلمی ہر ایک تین ماشہ' ست پودینہ' روغن سونف اصلی ہر ایک 1 ماشہ' میگنیشیا 12 تول کو نصف بوتل عرق سونف یا عرق پودینہ یا خالص پانی میں کھل انگریزی میں حل کرلیں یا چیزوں کو کوٹ کر بوتل میں ڈال کر خوب ہلائیں تاکہ حل جائیں۔ پھر کونین فولادی' کونین سلفاس ہر ایک تین ماشہ' تیزاب گندھک محلول 24 بوند ملا کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں تو بوتل کو عرق سے بھرلیں۔

**طریق استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام استعمال کرائیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی' چاول' دودھ پرہیز' میٹھی

اور قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

# مجربات امراض گردہ و مثانہ

## (226) شورہ قائم النار برائے درد گردہ

**اسناد:** شورہ قائم کرنے کا ایک مخفی نسخہ ہے جو ایک سیاح دوست سے حاصل ہوا۔ درد گردہ کا سریع الاثر بے خطا دوا ہے۔

**منافع:** اس کی ایک دو خوراک سے اکثر درد گردہ کے مریض کو آرام ہو جاتا ہے۔ ایک نہایت عجیب و غریب چیز ہے۔ نیز اس شورہ میں سنکھیا قائم ہوتا ہے۔ جو اعلیٰ فوائد رکھتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** شورہ قلمی ڈیڑھ پاؤ کڑھائی میں ڈال کر اس پر خشخاش سفید اڑھائی پاؤ ڈال دیں۔ آگ پر چڑھا کر نیچے بیری کی تین عدد لکڑیاں جو انگلی کے برابر موٹی ہوں جلاتے رہیں۔ آگ بالکل نرم رہے۔ اور جھاڑو سے مسلسل ہلاتے رہیں۔ اس کا عمل بعینہٖ اس طرح ہو گا جس طرح گندم وغیرہ کے دانے بریاں کئے جاتے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ آگ نرم رکھی جائے گی۔ قریباً آٹھ یا نو پہر تک یہ سلسلہ جاری رکھیں۔ شورہ قائم ہو جائے گا جس کے تیار ہو جانے کی یہ علامت ہے کہ شعلہ نکلنا بند ہو جائے۔ جتنا دیر سے تیار ہو گا اتنا اچھا ہو گا۔ جب شورہ کا شعلہ بند ہو جائے تو تیار سمجھیں۔ پھر کڑھائی کو آگ سے اتار کر سرد کر کے نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ پانی گرم استعمال کرائیں۔ اگر ایک خوراک سے پورا آرام نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں۔

## (227) اکسیر درد گردہ

**منافع:** درد گردہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ بڑی کوشش کے ساتھ ایک اناڑی سے حاصل کیا گیا جو اس نسخہ کو ظاہر کرنا گناہ سمجھتا تھا۔ درد گردہ کے مریض اس کے پاس کثرت سے آتے تھے۔ اور وہ اس مرض کا مشہور معالج تھا۔ میرے شاگرد رشید حکیم احمد بخش صاحب ساکن ہزارہ میانہ ضلع شاہ پور نے یہ نسخہ کسی حکمت عملی سے دریافت کر لیا۔ نسخہ متبرکہ ملاحظہ ہو۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوست خربوزہ خشک شدہ پانچ سیر لے کر کسی برتن میں جلا کر راکھ بنا لیں۔ پھر اس کا نمک تیار کر لیں۔ نمک مذکورہ 4 تولہ مولی کھار' جو کھار' شیشہ نمک ہر ایک ایک تولہ الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ پانی گرم استعمال کرائیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔

**نوٹ:** نمک تیار کرنے کی ترکیب نسخہ نمبر امراض مرداں میں بوضاحت تحریر ہے۔

## (228) سفوف اکسیر سنگ گردہ و مثانہ و درد گردہ

**منافع:** سنگ گردہ و مثانہ یعنی پتھری اور درد گردہ کو مفید ہے۔ خصوصاً جو سنگ گردہ کے سبب سے ہو لطف یہ کہ اس کے اجزاء ہر جگہ سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ اور پانچ منٹ میں نسخہ تیار ہو سکتا ہے۔ ہمارا مجرب المجرب اور آزمودہ ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

**اجزاء:** سنگ یہود، سنگ سرماہی، سہاگہ بریاں، کٹھی نوشادر، پھٹکری بریاں، تخم کاسنی، تخم مولی، سوئے، زیرہ سفید، ریوند عصارہ، دانہ الائچی کلاں، کباب چینی، شورہ قلمی، جوکھار ہر ایک 6 ماشہ الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

**طریق استعمال:** 2 ماشہ سے 5 ماشہ تک صبح و شام ہمراہ شربت دینار عرق مکو، عرق پودینہ، عرق سونف، عرق الائچی ہر ایک تین تولہ استعمال کرائیں۔

## (229) اکسیر درد گردہ دیگر

**منافع:** درد گردہ کے لئے ایک لاجواب چیز ہے اور شرطیہ حکمیہ مفید ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوست خربوزہ خشک شدہ لے کر کسی برتن میں جلا کر اس کا نمک حاصل کریں۔ اسی طرح چرچٹہ (پٹھ کنڈہ) کی راکھ بنا کر اس کا نمک تیار کرلیں۔

نمک پوست خربوزہ، نمک چرچٹہ ہر ایک تین تولہ، جوکھار ایک تولہ الگ الگ باریک پیس کر وزن کر کے شیشی میں کارک لگا کر نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کرائیں۔ ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔ دو یا تین خوراک سے زیادہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ پھر بعد میں کچھ عرصہ استعمال کراتے رہیں۔ تا کہ پھر دورہ نہ ہو ایک دن میں صرف ایک خوراک کافی ہے۔

نمک حاصل کرنے کی ترکیب نسخہ نمبر 227 میں تحریر ہے۔

## (230) سفوف اکسیر ذیابیطس

**منافع:** ذیابیطس کے عارضہ کے لئے ایک بہترین نسخہ ہے جو کئی بار تجربہ کرنے کے بعد صحیح اترا ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ قیمتی نہیں ایسے گراں مایہ نسخہ جات کو ہی مخفی رکھا جاتا ہے۔ نہایت زود اثر ہے اور مجرب المجرب عجیب و غریب نسخہ ہے۔ اس کی تصدیق ہو چکی ہے۔

**اجزاء:** گڑمار بوٹی 2 تولہ، سفوف سونٹھ، سفوف تخم جامن ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** تین ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے جس میں میٹھا نہ ملایا گیا ہو استعمال کرائیں۔

## (231) گولیاں برائے ذیابیطس

**منافع:** ذیابیطس جیسی عسرالبرء مرض کی یہ ہمہ صفت موصوف گولیاں تجربہ پر نہایت مفید ثابت ہوئی ہیں

لطف یہ کہ ان کے اجزاء بالکل سہل ہیں۔ اس کی تصدیق ہو چکی ہے۔

**اجزاء:** پکھان بید، کونین سلفاس، کشتہ فولاد، آرد گلو ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** آرد گلو اور پکھان بید کو باریک کر کے سب دواؤں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (232) حب ذیابیطس شکری مجرب

**اجزاء:** کشتہ زمرد ایک تولہ، تخم جامن 2 تولہ، افیون 1 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** تخم جامن کو باریک کر کے سب کو اچھی طرح کھرل کر کے پانی کی مدد سے اس کی 52 گولیاں تیار کریں۔

**طریق استعمال:** دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ آب دوغ یعنی لسی کے زلال سے استعمال کرائیں۔

## (233) حب اکسیر ذیابیطس

**منافع:** ذیابیطس کے ہر درجہ میں بے نظیر ثابت ہوا ہے۔ ایک پرانے مریض پر تجربہ ہوا۔ اس سے کلی شفا ہو گئی۔ اس سے قوت باہ بھی بڑھ جاتی ہے۔ بدن کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔ پٹھوں کو طاقت ہوتی ہے۔ ذیابیطس کے ہر درجہ میں مفید ہے۔ جس کا تجربہ ہو چکا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کوڈایہ 60 گرین، کونین فولادی 220 گرین، سم الفار سفید 4 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 30 گرین، اس کی 120 گولیاں تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ بعد ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

**نوٹ:** کوڈایا اور ایکسٹریکٹ نکس وامیکا انگریزی دوا فروشوں سے خرید کریں۔

## (234) علاج سوزاک

اگر آپ کو نئے اور پرانے سوزاک کے لئے کسی تسلی بخش علاج کی ضرورت ہو تو اس سفوف اور پچکاری کو استعمال کریں۔ جس کا تجربہ کرنے کے بعد آپ کو اطمینان ہو جائے گا۔

## (235) سفوف سوزاک

**اجزاء:** نخود بریاں مقشر، رال سفید، بھنگڑی ہر ایک 4 تولہ چینی 12 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کر کے خوب ملا کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** چار ماشہ صبح و شام بکری کے دودھ کی کچی لسی سے یعنی ایک پاؤ دودھ میں ایک پاؤ پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

## (236) پچکاری سوزاک ①

**اجزاء و ترکیب ساخت:** دہی کا پانی ایک بوتل لے کر اس کے دو حصے کریں اور نصف نصف کر کے دو بوتلوں میں بھر لیں۔ پھر ایک بوتل میں تین ماشہ رسوت اور دوسری بوتل میں تین ماشہ نیلہ تھوتھا پیس کر ڈالیں دونوں الگ الگ حل کر لیں۔ جب خوب حل ہو جائیں تو دونوں کو چھان کر ملا لیں۔

**طریق استعمال:** اس پانی میں سے تین دفعہ دن میں حسب معمول پچکاری کریں۔ جب پچکاری سے فارغ ہوں تو اس کے بعد پانی مذکور کو عضو کے اندر نصف منٹ رکھ کر نکال دیا کریں۔ اس کے ساتھ سفوف سوزاک جاری رکھیں۔

## (237) پچکاری سوزاک ②

**منافع:** یہ نسخہ ایک سنیاسی نے ایک مایوس العلاج مریض کو ازراہ مہربانی عنایت فرمایا جس کے استعمال سے وہ شفایاب ہو گیا۔ پھر تمام عمر اس کو مرض نے عود نہ کیا۔ ورنہ سینکڑوں علاج کر چکا تھا۔ میں نے چار یا پانچ ایسے مریضوں کا علاج اس سے کیا ہے۔ جو کہ ڈاکٹروں اور حکیموں سے علاج کرا چکے تھے۔ ویسے علاج بالکل سستا اور آسان ہے۔ پچکاری کے ساتھ سفوف خوردنی بھی استعمال کرایا جاتا ہے جو بالکل آسان ہے۔

**اجزاء:** طباشیر' الائچی خورد' نیلورچ' نیلہ تھوتھا' جوکھار ہر ایک 6 ماشہ' دہی کا پانی ایک پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں بار کھرل کر کے سب اشیاء کو ایک مٹی کی کوری ہانڈی میں 24 گھنٹہ تک دن کو دھوپ میں اور رات کو شبنم میں رکھیں۔ بعدہ احتیاط سے پانی اتار کر کسی بوتل میں بھر لیں۔

**طریق استعمال:** حسب معمول دن میں دو یا تین دفعہ پچکاری کریں۔ پچکاری کرنے کے بعد دوائی کو عضو کے اندر نصف منٹ تک رکھ کر نکال دیا کریں۔ اور پچکاری کرنے سے پہلے اگر ممکن ہو سکے تو مریض کو پیشاب کرا لیا کریں۔ تاکہ پیپ وغیرہ نکل جائے۔ پھر پچکاری کرائیں۔

## (238) سفوف سوزاک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چھلکا ریٹھہ 2 عدد باریک کوٹ کر اس کی آٹھ پڑیاں بنا لیں۔

**طریق استعمال:** ایک پڑی صبح ہمراہ روغن زرد استعمال کرائیں۔ بعد میں نخود سیاہ بریاں ایک چھٹانک کھلائیں۔ تمام گرم ترش اور بادی اشیا سے پرہیز کرائیں۔

## (239) اکسیر درد گردہ

ایک قلبی دوست کا عطیہ ہے۔ درد گردہ خواہ جتنا زیادہ ہو۔ اس کی ایک دو خوراک سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ ایک خاص اور ارزاں چیز ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** شورہ قلمی 10 تولہ' نمک سانبھر 5 تولہ' دونوں اشیاء کو الگ الگ باریک پیس کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گرم ہو جائے تو بھلاوے 5 تولہ ایک ایک ڈال کر

ہلاتے رہیں۔ جب سب بھلاوے ختم ہو کر جل جائیں تو اتار کر باریک پیس کر رکھ لیں۔

**طریق استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ لسی خام یا پختہ استعمال کرائیں۔

## (240) شربت مخرج سنگ گردہ ومثانہ

**منافع:** سنگ گردہ و مثانہ کے توڑ کر نکالنے میں بے مثل چیز ہے۔ اور بے ضرر ہے۔ تمام اخلاط کی اصلاح کرتا ہے۔

**اجزاء:** ملٹھی، بادیان، سناء مکی، اجوائن، زیرہ سفید، بھنگرہ، بنفشہ، گاؤزبان، نیلوفر، افتیمون ہر ایک ایک تولہ، تخم حلبہ، سنائخ، الائچی خورد، گل سرخ، خطمی، خبازی ہر ایک 3 ماشہ، تخم کنبہ، تخم خیارین، تخم خربوزہ، ہلیلہ سیاہ، تردی (تربد) کرفس ہر ایک 6 ماشہ، عناب 30 دانہ، لسوڑیاں 30 دانہ، تخم کوٹ، تخم کاسنی ہر ایک 9 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو 24 گھنٹہ تک اڑھائی سیر پانی میں تر کر کے جوش دیں۔ جب ایک سیر کے قریب رہ جائے تو ایک سیر مصری ملا کر شربت تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** ڈھائی تولہ صبح ڈھائی تولہ شام پانی دو حصہ ملا کر استعمال کرائیں۔

## (241) اکسیر سوزاک و قرحہ

**منافع:** سوزاک کا ایک مختصر آسان اور سستا نسخہ ہے جو سات دن تک کہنہ سے کہنہ سوزاک کو فائدہ کر دیتا ہے۔

**اجزاء:** پھٹکری بریاں تین تولہ، کشتہ فولاد، لوبان ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** پھٹکڑی اور لوبان کو الگ الگ باریک کر کے سب اشیاء کو ملا کر خوب کھرل کریں۔

**طریق استعمال:** شیر بز ایک پاؤ، پانی ایک پاؤ روغن صندل تین قطرے ملا کر اس کے ساتھ 4 رتی دوائی صبح اور اسی قدر شام کو استعمال کرائیں۔

## (242) روغن سوزاک

**منافع:** سوزاک کے ہر درجہ میں مفید ہے۔ ایک سنیاسی دوست نے یہ اپنا تجربہ شدہ نسخہ عنایت کیا۔ جو کہ نہایت آسان مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔ جس کے تیار کرنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ جس وقت چاہیں مہیا ہو سکتا ہے۔ نسخہ بے ضرر اور فوائد میں بھی نہایت بے نظیر ہے۔

**اجزاء:** روغن سرد چینی، روغن صندل اصلی، روغن بیروزہ ولایتی ہر ایک تین ماشہ، سب کو ایک شیشی میں ملا کر رکھیں۔

**طریق استعمال:** چار چار قطرہ صبح و شام بتاشہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (243) کشتہ سنگ یہود برائے پتھری

**منافع:** یہ کشتہ پتھری ریگ گردہ، سوزاک وغیرہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔ اس قسم کا ایک نسخہ مجربات

سلطانی حصہ اول میں درج ہو چکا ہے۔ جس کی تصدیق بھی ہو چکی ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنگ یہود پانچ تولہ مولی کے ایک سیر پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں سرد ہو جانے پر باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** دو دو رتی صبح و شام ہمراہ کچی لسی یعنی شیر بز و پانی مساوی الوزن ملا کر استعمال کرائیں۔ یا ہمراہ پانی یا دیگر بدرقہ مناسبہ کے استعمال کرائیں۔

## (244) کشتہ سنکھ برائے سلسل بول

**اجزاء:** سنکھ کی سالم ڈلی ایک تولہ، مکھن 5 تولہ کوزہ گلی ایک عدد، اوپلہ جنگلی 12 سیر۔

**ترکیب ساخت:** کوزہ گلی میں نصف مکھن رکھ کر اس پر سنکھ کی ڈلی رکھ کر باقی مکھن اوپر رکھ کر کوزہ کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کر کے خشک ہونے پر گڑھے میں محفوظ جگہ پر آنچ دیں۔

**طریق استعمال:** دو دو رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (245) کشتہ سنکھ جامع الفوائد

**منافع:** اسہال کہنہ، سلسل بول، مار گزیدہ، تپ کہنہ، مبارکی، درد ہر قسم کے واسطے مجرب ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنکھ پانچ تولہ خوب گرم کر کے باتھو بوٹی کے پانی میں چالیس دفعہ بجھائیں۔ پھر شراب برانڈی میں چالیس دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر باتھو بوٹی پاؤ بھر کوٹ کر نغدہ بنا کر اس کے درمیان سنکھ مذکور رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔

**طریق استعمال:** دو دو رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (246) کشتہ سنکھ برائے سوزاک

**منافع:** سوزاک، ملیریا، پیشاب کھولنے کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ ذات الجنب کو بھی مفید ہے۔ درد دل دور کرتا اور تپ کو فائدہ بخشتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنکھ پانچ تولہ، شورہ قلمی پندرہ تولہ کے درمیان رکھ کر ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں پھر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** چار چار رتی صبح و شام مکھن میں رکھ کر اور سوزاک کے لئے ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ عرق کیوڑہ 6 تولہ استعمال کرائیں۔

## (247) سوزاک کا نہایت آسان نسخہ

**منافع:** سوزاک کا ہر جگہ تیار ہو جانے والا آسان اور بلا لاگت عجیب و غریب نسخہ ہے جو فوری فائدہ کرتا اور پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے۔

**اجزاء:** سنگ جراحت، کشتہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** دونوں اشیا کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ کچی لسی استعمال کرائیں۔

## (248)دیگر برائے سوزاک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گیرو پھٹکری مساوی الوزن لے کر سفوف بنائیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ عرق کیوڑہ 6 تولہ استعمال کرائیں۔

## (249)دوائے سوزاک

**منافع:** یہ ایک کہنہ قلمی بیاض کا نرالہ نسخہ ہے۔ جو بالکل آسان اور مجرب ہے۔ آپ بھی اس کا تجربہ کریں۔

**اجزاء:** پارہ، قلعی، سرمہ سفید ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** قلعی کو کڑچھی میں گلا کر آگ سے نیچے اتار کر احتیاط سے پارہ ڈال دیں۔ جب دونوں یکذات ہو جائیں تو کھرل میں ڈال کر سرمہ سفید بھی ڈال دیں۔ اور کھرل کریں پھر اچھی طرح کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی صبح مسکہ گاؤ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اور گرم ترش اشیا سے پرہیز کرائیں۔

## (250)دوائے ریاح گردہ و مثانہ

**منافع:** ریاح گردہ و مثانہ و معدہ و امعاء کا مجرب نسخہ ہے جس کے چند روزہ استعمال سے انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزاء:** سونف رومی، تخم خرفہ ہر ایک تین ماشہ، زیرہ سفید 2 ماشہ، سونف دیسی ساڑھے سات ماشہ مصری 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں تین چھٹانک پانی میں گھوٹ کر کپڑے میں چھان کر استعمال کرائیں۔

**طریق استعمال:** ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام استعمال کرائیں۔

# مجربات امراض مخصوصہ مرداں

## (250)ضعف باہ و نامردی

یوں تو انسانی تعیش نے کارگاہ حیات کے تمام شعبوں میں محشر بپا کر رکھا ہے اور امراض و عوارض البنس اطباء کی توجہ کے لئے بہت کچھ سامان کشش اپنے اندر پیدا کر رہی ہیں۔ مگر ایسے تمام امراض

سرچشمہ ضعف باہ ہے اور راقم کو تمام عمر قوت باہ کے نسخے تلاش کرنے اور ان کی تاثیر آزمانے کا ازبسکہ شغف رہا۔ حتیٰ کہ (من جد فوجد) .بفضلہ تعالیٰ اپنے شوق کو کامیابی کے ہمکنار پاتا ہوں اور بلا تامل کہہ سکتا ہوں کہ جن جن صبر آزما مراحل کو طے کر کے یہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ان کے عشر عشیر کو بھی آپ تصور میں نہیں لا سکتے۔ عوام الناس کا یہ شکوہ کہ ضعف باہ کا علاج محال ہے یا ضعف باہ کی دوا کوئی نہیں۔ اب انشاء اللہ تعالیٰ اطمینان سے مبدل ہو جائے گا۔ کیونکہ جس خندہ پیشانی سے حصول نسخہ جات میں سعی بلیغ کی گئی ہے۔ ایسی ہی فراخ دلی اور وسعت قلبی سے اپنے کل تجارب ذاتی کو من وعن سپرد قلم کر رہا ہوں۔

ناظرین کرام سے بخل اطباء مخفی نہ ہو گا۔ اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ میرے جگر کاویوں کا حاصل اس قدر کوڑیوں کے مول لٹتے ہوئے پا کر میرے حق میں ضرور دعائے خیر فرمائیں گے۔

سرمہ مفت نذر ہوں میری قیمت یہ ہے
کہ رہے چشم خریدار پہ احسان مرا

رفاہ عام اور افادہ انام کی ایسی مثالیں اور بھی غالباً آپ پیش کر دیں گے مگر میں بلا مبالغہ کہہ سکتا ہوں کہ ایسی وسیع الشربی ہر کہ و مہ کا کام نہیں۔ **ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء**

اب میں اپنے تمام حاصل کردہ و آزمودہ نسخہ جات متعلقہ باہ جو ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر اور کافی تعداد میں ہیں درج کرتا ہوں۔ آپ باور کریں کہ کوئی نسخہ خاص سمجھ کر چھپایا نہیں گیا اور کوئی معمولی یا فضول نسخہ درج نہیں کیا گیا۔

## (251) طلائے بے آبلہ

**منافع:** یہ طلاء بالکل آسان بہت سستا اور بہت مفید ہے۔ پہلے دن اثر دکھلاتا ہے اور بڑے بڑے مشکل اور وقت طلب نسخہ جات سے افضل ہے۔ میرے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ جس شخص کو دیا گیا کسی نے آج تک شکایت نہیں کی۔ ہمارے ہاں اس کی بہت شہرت ہے۔ اکثر لوگ اس کی تعریف میں رطب اللسان پائے جاتے ہیں۔ خصوصاً گرم مزاجوں کے لئے آب حیات ہے۔ اس سے دوران خون تیز ہو کر عضو میں ازحد طاقت آ جاتی ہے۔ کجی، کوتاہی، لاغری وغیرہ کا نقص رفع ہو جاتا ہے۔

**اجزاء:** روغن گل، روغن لونگ، روغن دارچینی، روغن الائچی اصلی، روغن جائفل، روغن بیضہ مرغ، موم سفید ہر ایک پانچ تولہ، چربی شیر، بیر بہوٹی عمدہ ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** روغن گل کڑچھی میں ڈال کر بیر بہوٹی کو اس میں جلا لیں۔ پھر چھان کر روغنیات اور چربی شیر اور موم خوب گرم کر کے ملائیں اور کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ہر روز رات کے وقت یا دن کو بھی عضو مخصوص پر آہستہ آہستہ مالش کریں اور برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح گرم پانی سے دھو دیں۔

## (252) اکسیر نامردی

یہ اکسیر تازہ تیار کیا گیا ہے۔ جس کا چار مریضوں پر تجربہ کیا جا چکا ہے اور کامیاب ثابت ہوا ہے۔ ضعف باہ، نامردی، ضعف اعضاء رئیسہ، سرعت انزال کے لئے ایک چوٹی کا نسخہ ہے۔ جو ہمارا ... درج کیا جاتا ہے اور ضعف باہ کا ایک اصولی ہمہ صفت موصوف اور بے ضرر علاج ہے۔ میرا آج کل ... معمول ہے۔ اس کے ساتھ خارجی استعمال کے لئے طلائے بے آبلہ اور طلا نایاب نمبر 258 وغیرہ استعمال کرائے جاتے ہیں۔ ضرورت مند اصحاب تیار کر کے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ اور ہماری فراخ دلی اور سچائی کی داد دیں۔

**ترکیب ساخت:** شنگرف رومی 5 تولہ کی سالم ڈلی لے کر ایک پیاز سفید میں سوراخ کر کے اس میں رکھ کر اوپر آرد گندم کا لیپ کر کے گرم بھوبھل یا تنور میں دفن کریں۔ جب اس کا رنگ سیاہ ہو جائے نکال کر سرد کر کے دوسرے پیاز میں رکھ کر اسی طرح عمل کریں۔ اسی طرح سات عدد پیاز میں پکائیں۔ افیون، سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں گوندھ کر سات ٹکیاں بنائیں ایک ٹکیہ میں شنگرف کی ڈلی لپیٹ کر گائے کے گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح سات دفعہ عمل کریں۔
پھر شنگرف کو کھرل میں ڈال کر اس میں چورہ ورق نقرہ، کشتہ یشب، کشتہ بسد، کشتہ عقیق، کشتہ ... ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ ملا کر ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔ شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

**طریق استعمال:** کشتہ ہذا دو چاول، جوہر سین دو چاول صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ پہلے کو... کردوائی کھانی چاہئے اور اس کے ساتھ گھی دودھ زیادہ استعمال ہونا چاہئے۔

**جوہر سین کی ترکیب:** حب قوت باہ و امساک نمبر 257 کے ضمن میں تحریر ہے۔

## (253) حب اکسیر باہ و امساک

**منافع:** یہ حبوب نہایت آسانی سے تیار ہو جاتی ہیں اور فوائد کے لحاظ سے کئی محنت طلب اکاسیر... نہایت اعلیٰ ہیں۔ البتہ انہیں احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا نہایت ضروری ہے۔ کیونکہ ان کے اجزاء... ہیں۔ بلکہ حق تو یہ ہے کہ جو چیز بھی مقدار سے زیادہ استعمال کی جائے وہی نقصان پہنچاتی ہے۔ اس... سب ادویات خصوصاً کشتہ جات اور زہریلی ادویات کو بڑی احتیاط کے ساتھ جس قدر طبیعت برداشت سکے یا پرہیز مقدار خوراک کے مطابق استعمال کیا جائے۔ اور ساتھ دودھ گھی کا استعمال کیا جائے۔ ... ہذا ضعف باہ، سرعت انزال، ذکاوت حس، نامردی ہر قسم کی دردوں اور ضعف اعصاب کے لئے ... سریع الاثر ہیں۔ پہلے حد دوسرے تیسرے دن تک اثر دکھلاتی ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سم الفار سفید ایک تولہ کو شورہ قلمی میں قائم کریں جو شورہ ... دانت میں قائم کیا گیا ہو۔ پارہ بقدر ضرورت کھرل میں ڈال کر اینٹ پختہ باریک پیس کر اس کے ساتھ ...

دو گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ پھر پانی ڈال کر پارہ کو خوب دھو کر صاف کر لیں۔

کشتہ سم الفار، پارہ مصفیٰ، افیون، ورق نقرہ، ست سلاجیت، پنیر مایہ شتر اعرابی ہر ایک ایک ماشہ، مغز بادام چار ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب اشیاء کو ایک جگہ کھرل کر کے قدرے شہد ملا کر 270 گولیاں تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** عصر کو (چار بجے شام) چوری یا حلوہ کھلا کر آخری لقمہ میں ایک گولی رکھ کر نگلوا دیں۔ رات کو دودھ پلائیں۔

## (254) کشتہ سم الفار

**منافع:** مقوی باہ، دافع درد مفاصل (جھولہ) درد ریاحی پرسوت و تمام بلغمی امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** شورہ قلمی 10 تولہ کو بورہ ہاتھی دانت آدھ سیر کے درمیان توے پر رکھ کر نیچے نرم آگ جلاتے رہیں۔ اور جس جگہ سے دھواں نکلنے لگ جائے وہاں تھوڑا سا بورہ ہاتھی دانت ڈال دیا کریں۔ جب پھول جائے تو آگ بند کر دیں۔ سرد ہو جانے کے بعد شورہ کو سنبھال لیں۔ جب سم الفار تیار کرنا ہو تین تولہ شورہ قائم لے کر نصف توے پر ڈال کر سم الفار 1 تولہ رکھ کر باقی شورہ اوپر ڈال کر نیچے نرم نرم آنچ جلاتے رہیں۔ اور جس جگہ سے دھواں نکلنے لگے قدرے شورہ قائم ڈال دیا کریں۔ جب سم الفار پھول جائے تو آگ بند کر دیں اور سرد کر کے شورہ علیحدہ کر کے سم الفار کو باریک کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اوپر سے دودھ پلائیں۔ اس کے ساتھ گھی، دودھ زیادہ استعمال کریں۔ اور نہار نہ کھائیں۔

## (255) کشتہ پیسہ مقوی باہ

**منافع:** یہ کشتہ تقویت باہ اور نامردی کے لئے ایک خاص چیز ہے۔ یہ نسخہ ایک محسن قلبی نے مطب کے لئے عطا فرمایا تھا جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہڑتال ورقیہ، نمک سانبھر ہر ایک 6 ماشہ باریک پیس کر شیر مدار میں کھرل کر کے ادھنی شیر مار کر پر لیپ کریں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔

**طریق استعمال:** ایک چاول مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا مرغن کھلائیں، دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

## (256) کشتہ مس مقوی باہ

**منافع:** جو قوت باہ و امساک کا ایک خاص الخاص تجربہ شدہ نہایت اکسیری نسخہ ہے۔ اس کی چند خوراکوں سے مایوس الباہ نامرد قابل رشک مرد بن جاتا ہے۔ بہت عمدہ چیز ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ مغیلاں (کیکر) کوٹ کر اس سے ایک بوتل بھر پانی نکال کر رکھیں۔ بورہ مس (تانبہ) ایک تولہ کھرل میں ڈال کر اس میں پانی مذکور اس قدر ڈالیں کہ تین گھنٹہ تک کھرل ہو کر ٹکی بن جائے۔ پھر اسے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک کر کے دو سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح اٹھائیس آنچیں دیں۔

**طریق استعمال:** ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا مرغن، دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

اس نسخہ کی تصدیق نہایت زبردست الفاظ میں آچکی ہے۔ تصدیقات میں ملاحظہ کریں۔

## (257) حب برائے قوت باہ و امساک

**اسناد:** میرے شاگرد رشید حکیم محمد زماں صاحب ساکن چکوال ضلع جہلم کا مایہ ناز نسخہ ہے۔

**منافع:** قوت باہ اور امساک کے لئے اعلیٰ چیز ہے۔ نیز سرعت کے شاکیوں اور آج کل کے نوجوانوں کے لئے خاص طور پر کار آمد ہے۔ غرض ضعف باہ کی ایک مفید ترین دوا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** شنگرف، ہڑتال ورقیہ ہر ایک دو تولہ، افیون 9 ماشہ، مروارید ناسفتہ 9 ماشہ، شیر برگد، آب پیاز ہر ایک ایک سیر۔

پھر علیحدہ سنکھیا سفید افیون ہر ایک 2 تولہ لے کر الگ الگ خوب کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں گوندھ کر اس کے دس حصے بنالیں۔ ایک حصہ ان میں سے لے کر شنگرف کی ڈلی پر لیپ کریں اور ایک حصہ ہڑتال کی ڈلی پر پھر ان کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ مگر آگ نرم رہے۔ جب رنگ سیاہ ہو جائے نکال کر تھوڑا سرد کر کے جلے ہوئے لیپ کو اتار کر پھر دو گولیاں لے کر شنگرف اور ہڑتال پر لیپ کر کے بدستور گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح دس گولیاں پوری کریں۔ پانچ گولیاں شنگرف پر خرچ ہوئیں اور پانچ ہڑتال پر بس دونوں اشیاء بر ہو گئیں۔

اب شنگرف و ہڑتال مذکور کو بمعہ افیون و مروارید کے کھرل پختہ میں ڈال کر شیر برگد اور آب پیاز تھوڑا تھوڑا ڈال کر تمام دن کھرل کرتے رہیں۔ ایک ہی دفعہ شیر برگد اور آب پیاز ملا کر صبح کو ڈال کریں۔ اور تمام دن تک کھرل کرتے رہیں۔ دوسرے دن پھر اسی طرح شیر برگد اور آب پیاز ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب شیر برگد اور آب پیاز ختم ہو جائیں تو اس میں جوہر سین 9 ماشہ ملا کر ایک دو گھنٹہ کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح مکھن میں رکھ کر نگلوا کر اوپر سے دودھ جس قدر پیا جا سکے پلائیں۔ غذا مرغن ہونی چاہئے۔

**جوہر سین بنانے کا طریقہ:** سم الفار سفید 2 تولہ کو شراب برانڈی دس تولہ میں کھرل کر کے ایک کورے پیالہ میں پھیلا کر رکھیں اس پر دوسرے پیالہ کو اوندھا رکھ کر ان کے لب خوب ملے ہوئے ہوں کہ بخارات اندر سے نہ نکلیں پھر ان کے لب آرد ماش سے اچھی طرح بند کر کے خشک ہونے کے بعد

چولھے پر چڑھائیں۔ نیچے دو پہر تک بیری کی لکڑی کی نرم آنچ جلا دیں۔ پھر سرد کر کے کھول کر دیکھیں۔ جوہر اعلیٰ درجہ اوپر والے اور نیچے پیالہ میں موجود ہوں گے یہ سب جوہر سین ہے۔ پیس کر محفوظ رکھیں۔

## (258) طلائے نایاب

**منافع:** یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح نے عنایت کیا ہے۔ حکیم صاحب کو ان ہر دو نسخہ جات پر بڑا فخر ہے اور انہوں نے یہ نسخہ جات بتا کر مجھ پر احسان کیا ہے۔ نامردی، سستی، رگوں میں پانی بھر جانا اور کمزور ہو جانا۔ جلق کے نقائص، کجی، لاغری، کوتاہی وغیرہ کے لئے بہت اچھی چیز ہے۔

**اجزاء:** پارہ، سنکھیا سفید، ہڑتال ورقی، مرداسنگ ہر ایک تین ماشہ، دردبول خر ایک تولہ، آب کٹائی خورد ساڑھے تین تولہ، روغن زرد گائے ساڑھے سات تولہ۔

**ترکیب ساخت:** پارہ اور سنکھیا کو متواتر آٹھ گھنٹہ تک کھرل کریں اور مرداسنگ و ہڑتال کو آٹھ گھنٹہ تک ایک جگہ کھرل کریں۔ پھر ان میں دردبول خر ملا کر چار گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ پھر آب کٹائی خورد (کنڈیاری) تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں جب آب کٹائی تمام ختم ہو جائے تو روغن زرد ملا کر 15 منٹ تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** روزانہ رات کو بقدر 2 رتی، آلہ تناسل پر (حشفہ اور سیون بچا کر) خوب مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح گرم پانی سے دھوئیں۔ روزانہ اسی طرح عمل کریں۔ جب دانے نکل آئیں تو روغن چنبیلی یا گھی لگاتے رہیں اور طلا نہ لگائیں۔ جب زخم وغیرہ ٹھیک ہو جائیں پھر طلاء لگانا شروع کر دیں حتیٰ کہ تمام نقائص رفع ہو جائیں۔

**دردبول خر بنانے کا طریقہ:** نر گدھے کا بول جس قدر مل سکے کسی برتن میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ جب سب بول خشک ہو جائے تو برتن کے نیچے ایک قسم کی مٹی سی موجود ہو گی۔ یہی دردبول خر ہے۔

## (259) کشتہ تانبہ

**منافع:** ضعف باہ، نامردی، سستی، ریاحی امراض، سردی، پرسوت زنان کے لئے اکسیر ہے۔

**اجزاء:** پیسہ ڈھوا ایک عدد، ہڑتال ورقی اصلی مطابق وزن پیسہ، افتیمون سبز (اکاس بیل) ڈیڑھ پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** ہڑتال کے پتلے پتلے ورق بنا لیں۔ افتیمون کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں نصف رکھ کر اس پر ہڑتال کے پترے رکھ کر اس پر پیسہ رکھیں۔ اس کے اوپر اور ارد گرد باقی ہڑتال دے کر اوپر باقی نصف افتیمون رکھ کر کوزہ کا منہ چینی سے بند کر کے اس پر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا جگہ پچیس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیسہ نکال لیں اور کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ریح اور پرسوت کے لئے ایک چاول مویز منقیٰ میں رکھ کر عرق سونف 12 تولہ پلائیں، کمزوری، ضعف باہ وغیرہ کے لئے مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔

## (260) کشتہ ہڑتال

**منافع:** ضعف اعصاب، ضعف باہ، امراض ریاحی، نامردی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس کی تین خوراک کے استعمال سے ہی فائدہ ہو جاتا ہے جو ناظرین مجربات سلطانی کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ایک عدد کنجشک نر کو ذبح کر کے اسے آلائش سے صاف کریں۔ پھر اس کے پیٹ میں ہڑتال ورقی ایک تولہ کی ڈلی رکھ کر پیٹ کو ریشم سے سی کر گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح سے 101 کنجشک میں بریاں کر کے پیس کر نگاہ رکھیں۔

**نوٹ:** جب کنجشک کا رنگ خوب سیاہی مائل ہو جائے تو نکال کر دوسرے میں ڈالا کریں۔

**طریق استعمال:** نامردی کے لئے نصف چاول تک مکھن میں رکھ کر اور امراض ریاحی و پرسوت وغیرہ کے لئے منقہ میں رکھ کر اوپر سے عرق گاؤزبان، عرق سونف ہر ایک 6 تولہ پلائیں۔

## (261) کشتہ شنگرف

**منافع:** یہ نسخہ مدت سے ہمارا معمول مطب چلا آتا ہے۔ گو دیکھنے میں معمولی معلوم ہوتا ہے۔ مگر فوائد کے لحاظ سے نہایت اعلیٰ و ارفع ہے۔ جس پر مجھے بڑا ناز ہے۔ اور اس کے متعلق میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ کشتہ ضعف باہ کے دیگر سب مشکل نسخہ جات سے زیادہ مفید ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کر دیا گیا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** شنگرف 4 تولہ کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر پانچ سیر دودھ میں لٹکا کر نیچے آگ جلائیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو شنگرف کو نکال لیں۔ پھر شنگرف مدبر مذکور کو ایک کڑچھی میں ہلدی باریک شدہ 10 تولہ کے درمیان رکھ کر اس پر بھلاوے 20 تولہ ڈال کر اوپر ایک پاؤ گھی ڈال دیں اور کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ حتیٰ کہ تمام بھلاوے جل کر سیاہ ہو جائیں اور دھواں نکلنا بند ہو جائے۔ دھوئیں سے اپنے آپ کو بچائیں اور فاصلہ پر بیٹھے رہیں جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو آگ سے اتار لیں۔ سرد ہونے پر شنگرف کی سرخ رنگ ڈلی آہستہ سے نکال لیں۔ اعلیٰ درجہ قائم النار بے دود کشتہ تیار ہو جائے گا۔ روح کیوڑہ 4 تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**نوٹ:** کوئلے دو سیر انگیٹھی میں سلگا کر کڑچھی رکھ دیں۔

**طریق استعمال:** نصف رتی سے 2 رتی تک سردیوں میں صبح و شام اور گرمیوں میں صرف رات کے وقت نصف رتی ملائی یا پیڑے یا مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔

## (262) گولیاں قوت باہ

**منافع:** یہ گولیاں اعلیٰ درجہ کی خون پیدا کرنے والی مقوی معدہ، مقوی جگر، مقوی دماغ، مقوی قلب اور مقوی ارواح و قویٰ ہیں۔ بدن کا رنگ سرخ کرتی اور باہ کو اعلیٰ درجہ طاقت پہنچاتی ہیں۔ نہایت ہی عجیب

عجیب فوائد کی حامل ہیں جن کے استعمال کے بعد آپ خود مان جائیں گے۔

**اجزاء و ترکیب:** کشتہ فولاد انگریزی سرخ 20 تولہ' سم الفار سفید کھرل شدہ دو تولہ۔

سم الفار تین ماشہ لے کر فولاد میں ملا کر زردی بیضہ مرغ چار عدد میں کھرل کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے اور گل حکمت کر کے جب خشک ہو جائے محفوظ جگہ پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ پھر سرد کر کے نکال کر دوبارہ سم الفار تین ماشہ ملا کر زردی بیضہ مرغ چار عدد میں کھرل کر کے پانچ سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح چار آنچیں دیں۔ پھر چار آنچیں اسی طریق پر شراب برانڈی میں دیں۔ ہر دفعہ سم الفار تین ماشہ اور شراب برانڈی 10 تولہ ملاتے جائیں۔ بس کشتہ فولاد تیار ہے۔ اب اس کشتہ میں سے دو تولہ لے کر اس میں جوہر سین چار ماشہ' کچلہ مدبر 4 ماشہ برھم ڈنڈی دو تولہ' مربہ سیب یا مربہ آملہ یا مربہ پیٹھا 10 تولہ گھوٹ کر ملائیں۔ جب سب اشیا خوب مل جائیں تو اس کی سات سو بیس گولیاں بنالیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر 21 دن تک استعمال کرائیں۔ دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ اور تا استعمال دوا جماع سے پرہیز کرائیں۔

**جوہر سین بنانے کی ترکیب:** سم الفار 2 تولہ کو شراب برانڈی 10 تولہ میں کھرل کر کے دو پیالوں میں ڈال کر حسب دستور جوہر اڑائیں۔ جس کا طریقہ نسخہ نمبر 257 میں تحریر ہے۔

**نوٹ:** اگر شراب برانڈی میسر نہ ہو سکے تو اس کے عوض آب برہم ڈنڈی سبز 10 تولہ میں کھرل کر کے جوہر اڑالیں۔

## (263) معجون مقوی باہ و ممسک

اس سے ضعف اعضا رئیسہ' ضعف باہ' ضعف قلب' سرعت انزال کا عارضہ دور ہو کر حد درجہ قوت باہ نیز امساک پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کی ترکیب ایسی نرالی ہے۔ کہ ہر قسم کے ضعف کو دور کرنے کے علاوہ اعلیٰ درجہ کی ممسک و مفرح ہے۔ ایک جامع الاوصاف نسخہ ہے جس کی ہر ایک شخص کو تلاش ہے۔ اس سے ضعف باہ کے ایک ایسے مریض کو فائدہ ہوا جو کثرت جماع کی وجہ سے خراب ہو کر تمام علاجوں سے ہاتھ دھو بیٹھا تھا اور اس کے اعضا مضمحل ہو چکے تھے۔ سرعت انزال اور ضعف اعضاء رئیسہ کی حد درجہ شکایت تھی۔

**اجزاء:** یاقوت رمانی' مروارید ناسفتہ' کہربائے شمعی' عنبر اشہب' جدوار خطائی ہر ایک آٹھ ماشہ' ورق طلاء' مشک خالص ہر ایک چار ماشہ' گل گاؤزبان' صندل سفید' تخم خرفہ' چرس ہر ایک 2 تولہ' ابریشم مقرض ڈیڑھ تولہ' جوزبوا 5 عدد' زعفران 6 ماشہ' مغز نارجیل 4 تولہ' مغز خیارین 8 تولہ' افیون خالص 3 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دواؤں کو کھرل کر کے بدستور مشہور معجون بنائیں۔ جوزبوا کو سوراخ کر کے افیون اس میں داخل کر کے آرد گندم گوندھ کر اس پر لپیٹ لیں اور روغن زرد میں بریاں کریں۔ جب آٹا خوب سیاہ ہو جائے تو اسے دور کر کے افیون اور جوزبوا کو باقی دواؤں میں شامل کریں۔

**طریق استعمال:** تین ماشہ سے 6 ماشہ تک صبح و شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کرائیں۔

## (264) گولیاں اکسیر باہ و امساک

**منافع:** یہ گولیاں سرعت انزال، ضعف باہ، ضعف اعصاب، ضعف بدن، ضعف اعضاء رئیسہ وغیرہ کے لئے ایک خاص الخاص چیز ہیں۔ جن لوگوں کو دی گئیں۔ آج تک کسی نے ناکامی کی شکایت نہیں کی۔ بلکہ دوبارہ خواہش ظاہر کی۔ یہ قیمتی نسخہ ایک سول سرجن صاحب بہادر کا عطیہ ہے جو ناظرین کی خدمت میں پیش کر دیا جاتا ہے جو احباب تجربہ کریں گے وہ ضرور داد دیں گے۔

یاد رہے کہ ادویہ کسی معتبر دواخانہ سے حاصل کر کے احتیاط کے ساتھ تیار کی جائیں۔ بہتر ہے کہ ماہر تجربہ کار انگریزی دواساز سے تیار کرائی جائیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہوہمبین ہائیڈرو کلور 1/12 گرین، فرائی آرسناس 1/6 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1/4 گرین، زنک فاسفیٹ 1/16 گرین، فیری گلائسرو فاسفیٹ 1/2 گرین، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ 2 گرین، ایکسٹریکٹ کوکو 2 گرین، کونین سلف 1/2 گرین، لسی تھین 1/2 گرین، پل فاسفورس 1/5 گرین، گولڈ کلورائیڈ 1/10 گرین، ایکسٹریکٹ کا سکیرا سگریڈا 1/2 گرین۔ یہ ایک گولی کا وزن ہے۔ جس قدر گولیاں ضرورت ہوں تیار کرالیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر و روغن زرد ملا کر استعمال کرائیں۔ شوقیہ استعمال کی حالت میں مہینہ میں صرف 5 دن استعمال کرائیں۔ زیادہ کمزوری کی حالت میں 15 یوم متواتر استعمال کرنا چاہئے۔

**نوٹ:** امساک کے لئے ایکسٹریکٹ کینبس انڈیکا 1/4 گرین فی گولی کے حساب سے ملالیں۔

## (265) گولیاں برائے طاقت مردمی

**منافع:** یہ نسخہ ایک ڈاکٹر صاحب کا عام معمول ہے جو قوت مردمی کے لئے نہایت مفید ہے۔ طاقت مردمی کے لئے مجرب ہے۔ مردمی کمزوری کے لئے ایک ماہ تک متواتر استعمال کرنا چاہئے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گولڈ کلورائیڈ 15 گرین، فرائی فاس خاص 1 گرین، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ دو ڈرام ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 15 گرین، فرائی آرسی ناس 8 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن حسب ضرورت تقریباً ایک ڈرام، حسب دستور سب دواؤں کو ملا کر ان کی 60 گولیاں تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔ ان کے دوران استعمال میں دودھ اور گھی زیادہ استعمال کریں۔

## (266) گولیاں اکسیر باہ و امساک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زنسائی ویلرین، فرائی سلفاس، کونین سلفاس ہر ایک ایک گرین، مارفیا ایکی ٹاس 1/4 گرین، اسٹرکینا 1/30 گرین یہ ایک گولی کا وزن ہے۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (267) گولیاں اکسیر باہ

**منافع:** یہ گولیاں میرے ایک دوست کا ذریعہ معاش ہیں جو ضعف باہ، ضعف اعصاب، ضعف بدن اور جلوق کے تمام عوارض کے لئے نہایت مجرب ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فرائی ایٹ کونین سائٹراس، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ہر ایک 2 گرین، پل فاسفورس 1 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1/4 گرین، گولڈ کلورائیڈ 1/6 گرین، یوہمین ہائیڈرو کلور 1/4 گرین، ایکسٹریکٹ کوکو 1/30 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن حسب ضرورت۔ یہ ایک گولی کا وزن ہے۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں۔ ان کے ساتھ دودھ اور گھی زیادہ استعمال کریں۔

## (268) کشتہ اکسیر باہ مرکب

**منافع:** ضعف باہ و نامردی و سرعت انزال، طاقت بدن و سستی و ناطاقتی کے لئے عجیب شے ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ نہایت ارزاں اور آسانی سے تیار ہو جانے والا نسخہ ہے۔ ہر شخص اسے تیار کر سکتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنکھیا سفید، شنگرف رومی، ہڑتال ورقی ہر ایک تولہ تولہ لے کر پہلے خشک کھرل کریں۔ پھر دودھ بڑھ، دودھ آک، آب پیاز، آب لہسن، آب ادرک شراب برانڈی ہر ایک 5 تولہ میں ترتیب وار کھرل کریں۔ پھر افیون خام 6 ماشہ کو زردی بیضہ مرغ 7 عدد میں حل کر کے اس سے کھرل کریں۔ پھر سب دوائی کا گولا بنا کر خشک کر کے آٹا میں لپیٹ کر روغن زرد میں بریاں کریں۔ نیچے بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں۔ جب گولا کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے تو نیچے اتار کر سرد کر کے آٹا دور کر کے دوائی پیس کر نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** 2 چاول سے نصف رتی تک مکھن یا ملائی میں رکھ کر بعد غذا استعمال کرائیں۔ غذائے مرغن مثل گوشت وغیرہ دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

## (269) گولیاں اکسیر جریان و احتلام

**اسناد:** جناب حکیم نصیر احمد صاحب نقشبندی خوشابی کا عطیہ ہے۔

**منافع:** جریان و کثرت احتلام جیسے نامراد مرض کے لئے نہایت مفید اور منٹوں میں نہایت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء:** مغز تخم تمرہندی کلاں تین عدد، تخم ریحان، تالمکھانہ، تخم لاجونتی، بیجبند سیاہ ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**طریق استعمال:** دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ دودھ تازہ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اور بادی چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

## (270) ترکیب مقوی باہ

**منافع:** جریان بوجہ کثرت جماع، ضعف باہ، ضعف دماغ، رقت منی، تقویت بدن کے لئے مجرب ہے۔

**اجزاء:** مغز بادام 15 عدد، موصلی سفید، بہمن سفید ہر ایک تین ماشہ، شیر گاؤ تین پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** بہمن و موصلی کو باریک پیس لیں۔ بادام کو پانی میں جوش دے کر چھلکا اتار کر باریک کر لیں۔ پھر دودھ، قلعی شدہ دیگچہ میں ڈال کر دوائیں ملا کر آگ پر چڑھائیں۔ جب نصف رہ جائے مصری حسب ضرورت ملا کر گرم گرم پئیں۔ دو وقت استعمال کرنا بہتر ہے۔

## (271) لڈو مقوی باہ و دافع جریان وغیرہ

**منافع:** یہ ہمہ صفت موصوف لڈو زبردست مقوی ہیں۔ جن کے استعمال سے دوسرے تیسرے ہی دن فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ اعلیٰ درجہ مولد و مغلظ منی ہیں۔ لطف یہ کہ گرم مزاجوں اور مجلوقوں کے لئے جن کو دل دھڑکا، ضعف باہ، ضعف اعضاء رئیسہ اور گرمی وغیرہ عوارض لاحق ہوں۔ جن کو گرم دوائیں فائدہ نہ کرتی ہوں اور جریان و احتلام اور ضعف باہ ضعف جگر سے نالاں رہتے ہیں۔ ان کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان کی خوبی کا اندازہ ان کے اجزاء سے ہی ہو سکتا ہے۔

**اجزاء:** پیٹھہ ورڑی، شیر گاؤ ہر ایک 6 سیر، موصلی سیاہ، موصلی سفید ہر ایک ڈھائی تولہ، بہمن سفید، بہمن سرخ، شقاقل مصری، مغز کونج سفید، بیج بند، تالمکھانہ، گوند کیکر ہر ایک 5 تولہ، کشتہ فولاد، کشتہ مرجان ہر ایک ایک تولہ، ورق نقرہ ایک دفتری، آرد ماش 40 تولہ، کھنڈ دانہ ڈیڑھ سیر، روغن زرد نصف سیر۔

**ترکیب ساخت:** پیٹھہ کو کدوکش کر کے اس کا پانی نکال لیں۔ پانی علیحدہ رکھیں اور ثفل کو دودھ گاؤ میں نرم آگ پر پکائیں۔ جب خوب کھویا بن جائے تو اتار کر رکھیں۔ آرد ماش کو نصف گھی میں بریاں کر لیں۔ اور باقی نصف گھی کھویا مذکور میں ڈال کر نرم آنچ پر بریاں کر لیں۔ اس حد تک کہ کھویا کا پانی خشک ہو کر خوب بریاں ہو جائے۔ پھر پیٹھہ کے پانی میں کھانڈ ڈال کر قوام تیار کریں۔ پھر اس قوام میں آرد ماش بریاں شدہ اور کھویا اور دیگر ادویہ جو باریک کر کے پاس رکھی ہوں۔ ملا کر چمچہ سے خوب ہلائیں۔ اگر یکجان ہو جائے پھر پانچ پانچ تولہ کے لڈو بنا لیں۔

**طریق استعمال:** روزانہ ایک لڈو رات کو سوتے وقت یا صبح و شام حسب برداشت طبع کھلائیں۔ گرم ترش اور تیل دار اشیاء اور جماع سے تا استعمال دواء پرہیز کرائیں۔

## (272) معجون مقوی باہ و ممسک

**منافع:** اعلیٰ درجہ مقوی باہ و ممسک و مقوی اعضاء رئیسہ، غذا کو جزو بدن بناتی خون صالح پیدا کرتی۔ اور باہ میں تحریک پیدا کرتی ہے۔ سرعت وغیرہ تمام شکایات مردانہ کے لئے مخصوص ہے۔

**اجزاء:** افیون، کشتہ صدف ہر ایک تین ماشہ، جند بید ستر 4 ماشہ، مشک خالص ڈیڑھ ماشہ، زعفران، ہنگرف، رنگ سفید، کشتہ فولاد، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک 6 ماشہ، ورق نقرہ 20 عدد، ورق طلاء

عدد، زردی بیضہ مرغ 20 عدد، عقر قرحا ایک تولہ، شہد خالص، مصری ہر ایک ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت: سوائے زردی و شہد و مصری کے باقی دوائیں باریک کھرل کریں۔ مصری کا آدھ پاؤ پانی میں قوام کر کے زردی بیضہ مرغ ملائیں۔ پانچ منٹ کے بعد شہد ملا کر نیچے اتار کر باقی ادویہ ملالیں۔

طریق استعمال: چار ماشہ صبح ہمراہ دودھ تازہ استعمال کرائیں۔

## (274) گولیاں مقوی باہ و ممسک ①

منافع: جہاں امساک اور سرعت انزال کو مفید ہیں۔ ہیجان باہ کے لئے بھی اپنی نظیر آپ ہیں۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتی اور غذا کو جزو بدن بناتی ہیں۔ نہایت کم خرچ، سہل الحصول نسخہ ہے۔

اجزاء: افیون ایک تولہ، مویز منقیٰ ایک پاؤ، سم الفار سفید 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: پہلے سم الفار خوب کھرل کریں۔ پھر افیون ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ دونوں یک ذات ہو جائیں۔ بعدہ مویز منقیٰ کے دانے نکال کر سب اشیا کو خوب ملا کر آہرن پر رکھ کر دوان کی دو سو ضرب لگائیں۔ پھر گولیاں موٹھ کے دانہ سے قدرے کم بنائیں۔

طریق استعمال: ایک گولی بوقت عصر ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر (جس میں دو تولہ گھی بھی ملا لیا جائے تو بہتر ہے) استعمال کرائیں۔ رات کو کھانا کم کھلائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ سرعت انزال اور قوت باہ کے لئے صرف ایک وقت اسی طرح کچھ عرصہ تک استعمال کرائیں۔ دودھ، گھی جس قدر ہضم ہو سکے استعمال کرائیں۔ غذا چوزہ و گوشت مرغن اگر تیزی دکھلائے تو نصف گولی کھانی چاہیے۔ پہلے کوئی چیز کھا کر استعمال کریں۔

## (274) گولیاں مقوی باہ و ممسک ②

منافع: یہ گولیاں ہماری تجربہ شدہ مدت کی معمول ہیں۔ لطف یہ کہ ضرورت کے وقت آسانی سے تیار کرائی جاسکتی ہیں اور سستی ہیں۔

اجزاء: جائفل 6 ماشہ، عقر قرحا 6 ماشہ، افیون 6 ماشہ، شنگرف 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ پیس کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

طریق استعمال: وقت ضرورت ایک گولی تین گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کرائیں۔ سرعت انزال کے عارضہ کے لئے ایک گولی صبح و شام عرصہ تک استعمال کرائیں۔

## (275) گولیاں مقوی باہ و ممسک ③

منافع: زوجام عشق کا مشہور نسخہ جدید اضافہ سے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے اجزاء و ترکیب تیاری نہایت اعلیٰ ہے۔ اگر مزاج وغیرہ کی تشخیص کرنے کے بعد ان گولیوں کو باقاعدہ استعمال کرایا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ فائدہ ہو یہ گولیاں مقوی باہ ممسک ہیں۔ نیز سرعت کے عارضہ کو دفع کرتی ہیں۔ دودھ گھی کافی ہضم کرتی اور کافی محرک باہ ہیں۔

**اجزاء:** زعفران کشمیری، دارچینی، جائفل، افیون، مشک خالص، عقر قرحا، کشتہ شنگرف، قرنفل ہر ایک ماشہ الگ الگ پیس کر وزن کر کے ملالیں۔ پھر ایک کنجشک نر ذبح کر کے آلائش سے صاف کر لیں اور ادویہ اس کے پیٹ میں بھر کر پیٹ کو خوب سی کر روغن دھتورہ میں بریاں کر لیں۔ بعدہ بمعہ کنجشک کے خوب کوٹ کر دودھ بڑ میں کھرل کریں۔ اور حب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر پرہیز ترشی اور بادی اشیاء سے اور وقتی ضرورت کے لئے 2 گولی تین گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ غذا اس روز سوائے دودھ کے اور کچھ نہ دیں۔ جب پیاس محسوس ہو تو دودھ ہی پینا چاہئے۔

## (276) گولیاں مقوی باہ و ممسک

**منافع:** یہ گولیاں تقویت باہ اور امساک کے لئے یقیناً اپنی نظیر آپ ہیں جو خاص اہتمام سے تیار کرائی جاتی ہیں۔

**اجزاء:** مشک ایک ماشہ، اسٹرکنیا 2 رتی، زعفران کشمیری، عقر قرحا، جاوتری، انیسون ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** ایک چھوہارا سے گٹھلی نکال کر اس میں افیون بھر دیں اور ایک پیاز کلاں میں سوراخ کر کے اس میں چھوہارہ رکھ کر آٹا لگا دیں اور گرم راکھ میں دفن کریں تین چار گھنٹہ کے بعد نکال کر دوسری ادویہ کے ہمراہ کوٹ کر یکجان کر کے شہد سے دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

وقتی ضرورت کے لئے ایک گولی تین گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ غذا نہ کھلائیں۔ دودھ ہی پلائیں۔

## (277) عرق مقوی باہ

**منافع:** اعلیٰ درجہ مقوی و محرک باہ و مغلظ منی ہے۔ نیز امساک پیدا کرتا ہے۔ سریع الاثر اس قدر کہ چند دنوں میں ہی اثر دکھلاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اندر جو، تخم پیاز، تخم گاجر، تخم ترب، تخم شلغم، تخم کونچ، عقر قرحا، خولنجاں، گوکھرو، ستاور، سنگھاڑا، تخم ببول ہر ایک 10 تولہ اس کا 6 بوتل عرق کشید کریں۔

**طریق استعمال:** سات تولہ صبح و شام شربت انگور یا شربت سیب یا مصری ملا کر استعمال کرائیں۔

## (278) مقوی باہ و ممسک و ملذذ

**منافع:** قوت باہ اور امساک پیدا کرتی ہے۔ نیز ملذذ ہے۔ اس کے علاوہ اسہال ہر قسم و کھانسی ہر قسم اسہال مبارکی کے لئے معمول ہے۔ ایک جامع الاوصاف و مفید مطلب نسخہ ہے۔ ہر ایک طبیب کے پاس اس کا تیار رہنا نہایت ضروری ہے۔

**اجزاء:** افیون، شنگرف، لوبان کوڑیہ، کافور، جاوتری ہر ایک ایک تولہ، لونگ 2 تولہ، جائفل دارچینی ہر

ایک 2 ماشہ، زعفران خالص تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک کرلیں۔ پھر ہاون دستہ میں اکٹھی ایک گھنٹہ تک خوب کوٹیں۔ بس تیار ہے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ڈیڑھ ڈیڑھ رتی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ امساک کے لئے ڈیڑھ رتی سوتے وقت کھائیں۔ لذت کے لئے قدرے لعاب دہن میں گھس کر بوقت جماع آلہ تناسل پر لگالیں۔

## (279) روغن برقی

**منافع:** یہ روغن قوت باہ اور ریح بواسیر، ضعف معدہ، قبض، ضعف اعصاب، ضعف بدن ریاحی امراض کے لئے مجرب و معمول مطب ہے۔ یہ ایک قابل اخفا نسخہ ہے۔ جسے ظاہر کرنے کے واسطے کئی احباب نے مجھے مجبور کیا ہے۔

**اجزاء:** سم الفار سفید، شنگرف رومی، کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ، دودھ بھینس 14 سیر۔

**ترکیب ساخت:** سم الفار کو ایک دن کامل خشک کھرل کریں۔ پھر شنگرف و کچلہ ڈال کر خوب کھرل کر کے دودھ بھینس میں ملا کر رات کو ضامن لگا کر صبح اس کا مکھن نکال لیں۔ پھر اس کا گھی تیار کریں اور بوتل میں احتیاط سے رکھیں۔

**طریق استعمال:** دو قطرہ صبح نہار مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (280) کشتہ سنکھیا

**منافع:** ضعف باہ، نامردی، وجع مفاصل، پرسوت، امراض ریاحی کے واسطے معمول ہے اور آسانی سے تیار ہو جاتا ہے۔ اس عجیب و غریب کشتہ سے وجع مفاصل کا ایک ایسا مریض شفایاب ہوا جو سب علاجوں سے مایوس ہو چکا تھا۔ اور اس کے جوڑوں پر ورم پیدا ہو گیا تھا۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** قلمی شورہ آدھ پاؤ کڑاہی میں ڈال کر اوپر بھنگ سبز آدھ سیر رکھ کر آنچ دیں۔ جب بھنگ جل جائے تو شورہ قلمی کڑاہی سے نکال کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔ قائم النار ہو گا۔

اس میں سے دو تولہ لے کر ایک توے پر ایک تولہ سم الفار کی ڈلی کے نیچے اوپر رکھ کر نرم نرم آگ جلائیں۔ جب ارد گرد تیل نکل آئے اور سم الفار کی ڈلی تمام پھول جائے تو اتار لیں۔ سرد ہونے پر شورہ الگ کرلیں اور سنکھیا کو احتیاط سے الگ کر کے پیس کر نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** قوت باہ اور نامردی کے لئے ایک چاول صبح 5 تولہ مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں اور پرسوت و وجع مفاصل و امراض ریاحی کے لئے بتاشہ یا منقیٰ میں رکھ کر ہمراہ عرق سونف 12 تولہ استعمال کرائیں۔ ساتھ دودھ، گھی ہر مرض میں زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔

## (281) کشتہ سہ دھاتہ

(صندوقچہ)

**اسناد:** یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے جو ایک دوست کی وساطت سے مجھ تک پہنچا۔ یہ اکسیر ہر قسم کے جریان، کثرت احتلام، رقت منی گرمی مثانہ وغیرہ کے لئے عجیب شے ہے۔ میرے چیدہ اور مخفی نسخہ جات میں سے ہے۔ جسے آج میں مخلوق خدا کے افادہ کے لئے ظاہر کرتا ہوں۔ جو احباب تیار کریں گے وہ ضرور اس کی قدر کریں گے۔

**منافع:** جریان، احتلام، رقت منی اور ضعف باہ کے لئے اکسیر ہے۔

**اجزاء:** پارہ، جست، قلعی، سکہ ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** جست، قلعی، سکہ کو کٹھالی وغیرہ میں گلا کر احتیاط سے پارہ ملائیں۔ سرد ہونے پر ڈیڑھ پاؤ آب افتیمون دیسی میں کھرل کر کے قرص بنالیں۔ خشک کر کے کوزہ گلی میں بند کریں اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ زردی مائل کشتہ تیار ہو گا۔ اگر ایک آنچ سے ٹھیک زرد نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ آنچیں دیں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (282) کشتہ سہ دھاتہ ②

**منافع:** گرمی، جریان، رقت منی وغیرہ کے واسطے عجیب النفع ہے۔ طاقت مردمی بڑھاتا اور گردہ و مثانہ کو طاقت دیتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چاندی، قلعی، سکہ جست ہر ایک تین ماشہ کٹھالی میں گلا کر باریک چورا بنا کر برگ انار کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے کپڑوٹی کر لیں۔ جب خشک ہو جائے تو ایک بھٹہ میں رکھائیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ایک رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (283) دوائے قلعی

**منافع:** گرمی، جریان خصوصاً نکسیر کے واسطے لاجواب ہے۔ اس سے نکسیر کو سات دن میں آرام ہو جاتا ہے۔ اور جریان کے گرم مزاج مریض کے لئے نہایت مفید ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** قلعی 4 تولہ باریک چورا بنا کر کتر لیں۔ پھر کھرل میں ڈال کر آب ترنج ایک پاؤ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ پھر نارجیل تازہ کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں۔ پھر شیر بڑ ایک چھٹانک میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

## (284) کشتہ قلعی (خاندانی نسخہ)

**منافع:** سلسل بول، جریان، سوزاک، گرمی مثانہ، رقت منی وغیرہ کے لئے ایک بھروسہ کی چیز ہے۔ یہ نسخہ کشتہ قلعی کے سب نسخہ جات سے زود اثر ہے۔ جو بخل کو بالائے طاق رکھ کر درج کیا جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب:** قلعی اینٹ کی بقدر ضرورت لے کر پترا بنا کر باریک باریک کتر لیں۔ پھر بنولے (پھوے) بقدر ضرورت کوٹ کر ایک ٹاٹ پر پھیلا کر اس پر قلعی کے پترے تہ بہ تہ دے کر ٹاٹ کو لپیٹ کر خوب باندھ لیں۔ پھر آہنی توے پر دو اوپلہ کلاں کے درمیان بحفاظت رکھیں اور آگ لگا دیں۔ سرد ہو جانے کے بعد قلعی کشتہ شدہ چن لیں۔ اور باریک پیس کر رکھیں۔ نہایت عمدہ ہو گا۔

**طریق استعمال:** نصف رتی سے ایک رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (285) کشتہ مرگانگ

**منافع:** یہ نسخہ مرگانگ کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے۔ جو ضعف باہ خصوصاً جریان کے لئے اکسیر ہے۔ کئی دفعہ اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ سات دن میں جریان کو نیست و نابود کر کے قوت باہ میں کافی اضافہ کر دیتا ہے۔ نہایت آسان، ارزاں اور بڑے فائدہ کی چیز ہے۔ ایسے نسخوں کو ہی لوگ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ جو فائدہ میں بے خطا نیز آسان بھی ہوں۔ ایک خاص الخاص اور خاندانی نسخہ ہے جسے شائع کر کے ثواب کا مستحق ہوتا ہوں۔ جو احباب تجربہ کریں گے وہ یقیناً میری فراخ دلی کی داد دیئے بغیر نہ رہیں گے۔

**اجزاء:** قلعی، سیماب، آملہ سار، نوشادر ہر ایک ایک تولہ، اول قلعی و سیماب کو کھرل کرنا شروع کریں۔ جب خوب مل جائیں تو آملہ سار ملا کر اچھی طرح کھرل کریں۔ اس کے بعد نوشادر ملا کر کھرل کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈال کر (جو گل حکمت کر کے خشک کر لی گئی ہو) کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ اور کسی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ جب سلاخ کا رنگ زرد معلوم ہونے لگے اتار لیں۔ اور سرد کر کے شیشی کو توڑ کر جو جو ہر گردن کے ساتھ لگا ہوا ہو وہ الگ رکھیں۔ آنکھ کی امراض مثلاً موتیا بند، ناخونہ، پھولا وغیرہ کو مفید ہے اور جو نیچے ہو وہ جریان اور باہ کو مفید ہو گا۔

**طریق استعمال:** ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (286) طلائے نامردی

**منافع:** نامرد و مجلوق کے لئے معمول ہے۔ اس نسخہ کے اجزاء اور ترکیب سے ہی اس کی شان معلوم ہو سکتی ہے کہ یہ کیا چیز ہے۔ ایک طلاء کے ذریعہ ایک شخص کافی روپیہ کماتا ہے اور اس کا ذریعہ معاش یہی نسخہ ہے۔

**اجزاء:** سم الفار سفید، سم الفار سیاہ، سم الفار زرد، سم الفار سرخ ہر ایک 1 تولہ، سانڈہ جنگلی 4 عدد۔

**ترکیب ساخت:** چاروں سم الفار کو الگ الگ باریک پیس کر چاروں سانڈہ کے پیٹ چاک کر کے الگ الگ ایک ایک کے پیٹ میں ڈال کر خوب سی کر ایک مستعمل ہانڈی میں اس شکل پر ایک دوسرے کے

اوپر رکھ کر ہانڈی کا منہ بند کر کے گڑھا میں بطور معروف تپال جنتر سے روغن کشید کریں۔ ہانڈی کے پینڈے میں 12 سوراخ بنالیں اور ان سوراخوں میں بال دے لیں تاکہ تیل آسانی سے نکل سکے۔

**تپال جنتر کا طریقہ:** طلائے سستی نمبر② صفحہ 111 میں تحریر ہے۔

**طریق استعمال:** دو رتی کے قریب رات کو حشفہ اور سیون بچا کر مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ اگر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئیں تو روغن چنبیلی یا روغن زرد جلا کر لگاتے رہیں۔ جب دانے وغیرہ درست ہو جائیں پھر لگانا شروع کر دیں۔ غسل اور جماع سے تاصحت پرہیز کرائیں۔ نیز گھوڑے کی سواری اور زیادہ پیدل چلنے سے پرہیز چاہیے۔ اگر غسل ضروری ہو تو گرم پانی سے کرنا چاہیے۔

## (287) طلائے خاص

**منافع:** یہ طلاء آسانی سے تیار ہو جانے والا اور نہایت سستا ہے۔ اس کے چند روز استعمال سے عضو مخصوص کے تمام نقائص مثلاً ٹیڑھا پن، سستی، کوتاہی، باریکی، ضعف اعصاب وغیرہ زائل ہو کر عضو میں طاقت و فربہی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس میں مقامی طور پر رگوں اور پٹھوں کو غذا پہنچانے والے نیز محرک، مقوی ہر قسم کے اجزاء موجود ہیں۔

**اجزاء:** روغن سم الفار، جائفل، لونگ، جلوتری، مال کنگنی ہر ایک 6 ماشہ، روغن بیضہ مرغ، روغن جونک، چربی شیر، بیر بہوٹی ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر روغنیات اور چربی شیر میں ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** حسب دستور بقدر دو یا چار رتی مالش کریں۔ اوپر برگ پان باندھیں ایک دن مالش کریں اور ایک دن ناغہ کریں۔ جب دانے نکل آئیں۔ طلاء کا استعمال موقوف کر کے روغن زرد جلا کر لگاتے رہیں۔ جب دانے وغیرہ درست ہو جائیں تو پھر طلاء شروع کریں۔ حتیٰ کہ نقائص رفع ہو جائیں۔

ڈلی سم الفار کو روغن سرسوں میں کھرل کر کے بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کریں۔ یہ روغن سم الفار ہے۔ روغن جونک، جونک کو روغن کنجد میں جلا لیں۔ تیار ہے۔ روغن بیضہ کا طریقہ عام ہے۔ زردیوں کو جلا کر روغن نکال لیں۔

## (288) طلائے مقوی باہ نمبر①

**اسناد:** جناب محترم دوست حکیم نصیر احمد صاحب خوشابی کا عطیہ ہے۔

**منافع:** یہ طلاء کجی، لاغری، کوتاہی، سستی کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ اس سے چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل کر مادہ فاسد خارج ہو جاتا ہے۔ اور چند دن کے باقاعدہ استعمال سے شکایات متذکرۃ الصدر رفع ہو جاتی ہیں۔ ایک سہل الحصول اور زود اثر نسخہ ہے جو صرف دو منٹ میں تیار ہو سکتا ہے۔ اور فوائد کے لحاظ سے اعلیٰ

چیز ہے۔

**اجزاء:** روغن دار چینی ولایتی 6 ماشہ، روغن لونگ ولایتی 6 ماشہ، روغن جمال گوٹہ ولایتی (کروٹن آئیل) ٹنکچر کنتھریڈس ہر ایک 2 ماشہ، ویزلین دس تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب اشیاء کو اچھی طرح ملا کر چینی کی ڈبیہ یا کھلے منہ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** رات کو سوتے وقت حشفہ اور سیون بچا کر آلہ تناسل پر مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ جب پھنسیاں نکل آئیں۔ طلاء کا استعمال موقوف کر دیں اور روغن چنبیلی یا روغن زرد جلا کر دن میں دو تین دفعہ لگا دیا کریں۔ جب دانے وغیرہ اچھی طرح معدوم ہو جائیں تو پھر طلاء لگانا شروع کر دیں۔ یہی سلسلہ جاری رکھیں حتیٰ کہ مکمل صحت ہو جائے۔

## (289) طلائے مقوی باہ نمبر②

یہ بھی مذکورہ بالا طلاء کی طرح فائدہ میں نہایت زود اثر اور تیار کرنے میں نہایت آسان ہے۔ جس کو جاننے والے ہی جان سکتے ہیں۔ کمزور مجلوق کے تمام نقائص کو دور کر کے طاقتور مرد بنا دیتا ہے۔ جو طبیب اور غیر طبیب کے لئے تحفہ ہے۔

جو احباب محنت طلب نسخوں سے گھبراتے ہیں۔ ان کے لئے یہ دونوں نسخہ جات نہایت اعلیٰ ہیں۔ اس نسخہ کی تصدیق ہو چکی ہے۔

**اجزاء:** روغن دار چینی ولایتی، روغن لونگ ولایتی، روغن جمال گوٹہ ولایتی ہر ایک تولہ تولہ، روغن جائفل ولایتی تولہ، روغن گری یعنی روغن نارجیل 6 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو اچھی طرح گرم کر کے ملا لیں۔

**طریق استعمال:** تین رتی کے قریب آلہ تناسل پر حشفہ اور سیون بچا کر خوب مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیا کریں۔ اگر غسل کی ضرورت ہو تو گرم پانی سے غسل کریں۔ جماع سے پرہیز کریں۔

## (290) طلائے سستی نمبر①

**منافع:** اس میں کئی وصف ہیں 1 جس وقت ضرورت ہو تیار کیا جا سکتا ہے 2 تیار کرنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی 3 پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے 4 نہایت زود اثر ہے 5 اس سے کسی قسم کا ضرر یا تکلیف نہیں ہوتی۔ یعنی دانے یا آبلہ یا سوزش نہیں ہوتی۔

ہر قسم کی سستی کمزوری کے لئے پرلے درجہ کا مفید ہے۔ پہلے دن اثر دکھلاتا ہے اور اس کے باقاعدہ استعمال سے پھر کسی اور دوا کی ضرورت نہیں رہتی۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گھونگچی سفید، خراطین، بیر بہوٹی ہر ایک تین ماشہ، جند بیدستر 6 رتی، زعفران 2 رتی، عاقر قرحا، رال سفید ہر ایک دو ماشہ الگ الگ باریک پیس کر روغن چنبیلی تین ماشہ، روغن

دارچینی 2 ماشہ' چربی سانڈہ جنگلی چار ماشہ' شراب برانڈی ایک تولہ چربی شیر 6 ماشہ' روغن لونگ 2 ماشہ میں خوب کھرل کریں۔ اور کسی چینی کی ڈبیہ یا کھلے منہ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** چار رتی رات کو سوتے وقت عضو مخصوص پر خوب مالش کرکے برگ ارنڈ یا ہر ... باندھ دیں۔ حشفہ اور سیون کو بچائے رکھیں۔ روزانہ مالش کرکے باندھ دیا کریں۔ مجامعت اور دھوپ سے پرہیز رکھیں۔

## (291) طلائے سستی نمبر②

**منافع:** تمام فوائد کا حامل ہے۔ عضو مخصوص کی تمام شکایات کو دور کرکے فربہی اور درازی پیدا کرتا ہے۔ اس میں ایسے اجزا ہیں جو مقامی رگوں اور پٹھوں کو غذا پہنچاتے اور دوران خون کو تیز کرتے ہیں اور عضو میں طاقت پیدا کردیتے ہیں۔ اس سے کسی قسم کے ثبور یا آبلہ وغیرہ نہیں پیدا ہوتے۔

**اجزاء:** جلوتری' بیر بہوٹی' خراطین' رال سفید' ما لکنگنی' جونک خشک' لونگ جائفل' عاقر قرحا ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک پیس کر ایک سانڈہ کے پیٹ میں بھر کر ہانڈی مستعمل میں ڈال کر اس کا منہ چینی سے خوب بند کرکے تمام ہانڈی کو گل حکمت کرکے خشک کرلیں مگر پہلے ہانڈی کے نیچے کی چیز سے چار سوراخ بنوالیں۔ پھر زمین میں گڑھا کھود کر اس کے درمیان میں ایک چھوٹا سا گڑھا اور بنائیں جس میں چینی کا پیالہ پورا آجائے۔ اب چھوٹے گڑھے میں چینی کا پیالہ رکھ کر اس کے منہ پر ہانڈی رکھیں ......... نیز پیالہ کے لب اور ہانڈی کی جائے وصل کو مٹی سے خوب بند کردیں تاکہ پیالہ سے ہوا باہر نہ نکلے۔ بعدہ ہانڈی کے اردگرد اور اوپر چھ سیر مینگنی بکری کی ڈال کر آگ لگادیں۔ دو روز کے بعد جب آگ اچھی طرح سرد ہوجائے تو تیل کو حفاظت سے نکال لیں۔

**طریق استعمال:** رات کو بقدر چار رتی حشفہ اور سیون بچا کر آلہ تناسل پر خوب مالش کرکے برگ ارنڈ وغیرہ باندھ دیں صبح کھول دیں۔ روزانہ رات کو اسی طرح مالش کرکے باندھ دیا کریں۔ پانی اور جماع تا استعمال دوا پرہیز کریں۔ اگر نہانے کی ضرورت ہو تو گرم پانی سے نہائیں۔

## (292) طلائے سستی نمبر③

**منافع:** یہ طلاء صرف دو منٹ میں تیار کیا جاسکتا ہے۔ فوائد میں نہایت اعلیٰ ہے۔ اس سے آبلہ یعنی ... نہیں ہوتا۔ اور پھر سہل الحصول ہے۔ مجلوق اور نامرد کے لئے ہمیشہ کا معمول ہے۔ نیز جوڑوں کے دردوں اور ذات الجنب کے درد کے لئے بھی معمول ہے۔ نہایت ہی عجیب و غریب صدری نسخہ ہے۔

**اجزاء:** بچھناک سیاہ' کھونکچی سفید' جند بید ستر' زعفران ہر ایک 2 ماشہ' افیون ایک ... زردی بیضہ مرغ 1 عدد۔

**ترکیب ساخت:** خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے زردی بیضہ مرغ میں ملا کر خوب کھرل کریں۔
**طریق استعمال:** پہلے عضو مخصوص کو کھردرے کپڑے سے مل کر سرخ کرلیں (نازک مزاج مریض کے واسطے چنداں ضرورت نہیں) پھر حشفہ اور سیون بچا کر چار رتی کا قدر مل دیں۔ ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ جوڑوں کے درد۔ ذات الجنب کے لئے درد کی جگہ پر مل دیں یا روغن کنجد میں حل کر کے گرم کر کے مالش کریں۔

## (293) طلائے سستی نمبر④

**منافع:** یہ ہمہ صفت موصوف طلا ہے جہاں مرض زیادہ ہو اس طلاء کا استعمال زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ اس سے اوپاڑ ہو کر تمام فاسد و خراب مادہ خارج ہو جاتا ہے۔ عضو مخصوص کی تمام سستی، کمزوری وغیرہ دور ہو کر عضو میں طاقت و توانائی آجاتی ہے۔ جس سے مرد مرد کہلانے کے لائق ہو جاتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔
**اجزاء و ترکیب ساخت:** خراطین، جوائن ہر ایک تین ماشہ کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ سم الفار، جند بیدستر ہر ایک تین ماشہ کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ پھر سب کو روغن سانڈہ جنگلی 6 ماشہ میں خوب کھرل کر کے موم سفید 2 تولہ گرم کر کے ملا لیں۔ بس تیار ہے۔
**طریق استعمال:** روزانہ رات کو سوتے وقت بقدر دو رتی لے کر حشفہ اور سیون کو بچا کر خوب مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ جب چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آئیں تو طلا کا استعمال موقوف کر کے روغن بیضہ لگاتے رہیں۔ تمام ہدایات جو طلا نمبر 286 میں تحریر ہیں اس پر عمل کریں۔
**نوٹ:** طلائے سستی نمبر 1، 2، 3، 4 ہمارے خاندانی نسخے ہیں جو نہایت ہمہ صفت موصوف ہیں۔ جن کی قدر وہی اصحاب جان سکیں گے جو اس فن کے ماہر ہوں گے۔

## (294) سفوف جریان

**منافع:** اس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا۔ خصوصاً جن کے مزاج میں گرمی زیادہ ہو اور اعضاء رئیسہ کمزور ہوں۔ ان کے لئے ازحد مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا، معدہ و قلب کو نہایت طاقت دیتا ہے۔ آسان چیز ہے۔
**اجزاء:** تالمکھانہ 4 تولہ، طباشیر نقرہ 2 تولہ، کشتہ قلعی 3 ماشہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ۔
**ترکیب ساخت:** سب کو پیس کر سفوف بنالیں۔
**طریق استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

## (295) سفوف مغلظ منی

**منافع:** ہر قسم کے جریان، کثرت احتلام اور رقت منی کے لئے معمول ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دوائی نہیں ہو سکتی۔ نہایت خوش ذائقہ اور لذیذ ہے اور چند دن میں فائدہ کر دیتا

ہے۔ ایک مستند نسخہ ہے۔
ہے۔ آپ اس کا تجربہ کرنے کے بعد پھر کسی اور دوائی کو پسند نہیں فرمائیں گے۔
اجزاء: ثعلب مصری، ثعلب دانہ، موصلی سفید، بہمن سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، ست
اسپغول ساڑھے تین تولہ، مصری 10 تولہ۔
ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر ملالیں۔ پھر اس میں تخم ریحان مسلّم 2 تولہ بغیر کوٹنے کے ملا
لیں۔ بس تیار ہے۔
طریق استعمال: 2 تولہ سفوف میں ایک پاؤ دودھ ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب غلیظ القوام ہو کر کھیر
بن جائے تو کشتہ سہ دھاتہ نمبر 281 یا کشتہ مرگانگ نمبر 285 یا کشتہ قلعی نمبر 284 ایک رتی ملا کر کھلائیں۔
روزانہ صبح کے وقت تازہ تیار کر کے استعمال کرایا کریں۔

## (296) کشتہ شنگرف

منافع: ایک سنیاسی کا نسخہ ہے جو نامرد اور ضعیف الباہ و امراض بلغمیہ و امراض ریاحی و امراض اعصابی
کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس سے ایک نامرد مرد ہو گیا۔ نہایت کم قیمت ہے اور ایک دن میں تیار ہو سکتا
ہے۔
اجزاء: شنگرف رومی ایک تولہ، شہد 30 تولہ، آب پیاز 35 تولہ، زردی بیضہ مرغ 35 تولہ، شراب
برانڈی 35 تولہ، میدہ گندم 2 سیر، گائے کا گھی دو سیر۔
ترکیب ساخت: نمبر 2، 3، 4، 5 کو نمبر 6 میں گوندھ لیں۔ پھر اسے سو حصوں میں منقسم کریں۔ شنگرف
کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر ادویہ مذکورہ کے ایک حصہ میں لپیٹ کر گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح سو
دفعہ بریاں کریں۔ البتہ جب کپڑا جل جائے تو شنگرف کو دوبارہ نئے کپڑے میں باندھ لیا کریں۔ تیسری
چوتھی دفعہ کپڑا جل جاتا ہے۔ اور صبح سے شام تک دوا تیار ہو جاتی ہے۔ پھر پیس کر نگاہ رکھیں۔
طریق استعمال: روزانہ ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

## (297) کشتہ شنگرف

منافع: مقوی باہ و ممسک مقوی بدن ہے نہایت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے اور نہایت زود اثر ہے۔ کمزور
کو طاقت پہنچانے اور خون پیدا کرنے کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ غذا کو جزو بدن بنا کر خون وافر
پیدا کرتا ہے۔ جس سے بدن کو طاقت پہنچتی ہے۔
اجزاء: شنگرف رومی ایک تولہ، افیون 6 ماشہ، بھلاوے 20 تولہ، مال کنگنی 10 تولہ۔
ترکیب ساخت: افیون کو زردی بیضہ مرغ میں حل کر کے شنگرف کی ڈلی پر لیپ کر دیں۔ پھر بھلاوہ اور
مال کنگنی کو الگ الگ دردرا (نیم کوب) کر کے ملا کر ایک کڑچھی میں شنگرف کے نیچے اوپر رکھ کر کوئلوں کی
آگ پر رکھیں۔ جب بھلاوہ کا تیل نکل کر جل جائے تو اتار کر رکھ دیں۔ سرد ہونے پر شنگرف کی ڈلی آہستگی
سے نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں۔ صحیح کشتہ تیار ہو گا۔

**طریق استعمال:** دو دو چاول صبح و شام مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (298) حب ممبی وممسک

**منافع:** ضعف باہ، سرعت انزال اور امساک کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ ایک خاص موثر چیز ہدیہ ناظرین ہے۔ سرعت انزال کے لئے دو مہینہ تک استعمال کرائی جائیں۔ تو سرعت کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ نیز وقتی ضرورت کے لئے معمول ہیں۔

**اجزاء و ترکیب:** تخم بھنگ، دانہ الائچی خورد، شنگرف رومی، افیون، کھیل نخود بریاں ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** باریک پیس کر ایک روز کامل آب مروق جوز ماثل (دھتورہ) میں اور ایک روز شیر بز میں کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک حب بوقت عصر ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر جس میں مصری تین تولہ روغن زرد 2 تولہ ملا لیا گیا ہو) استعمال کریں۔ رات کو روٹی کم کھائیں اور دودھ زیادہ پئیں۔ اگر شیر گاؤ نہ مل سکے تو ہمراہ شیر بھینس یا شیر مادہ شتر یا شیر بز استعمال کرائیں۔ ترشی و بادی و دوغ ترش و تیل والی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

## (299) گولیاں برائے امساک

**منافع:** یہ گولیاں امساک کے لئے معمول ہیں۔ اور ہمارے مطب میں تیار رہتی ہیں۔ جن کی باہ مکمل ہو ان کا امساک ان گولیوں سے بڑھ جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوست ریٹھہ تین عدد خوب کوٹ کر شیر بز (بوہڑ) میں خوب تر کر دیں۔ جب خشک ہو جائے۔ ہاون دستہ میں اچھی طرح کوٹ کر تال مکھانہ ڈھائی ماشہ، تخم دھتورہ 30 دانہ، افیون خالص چار رتی ملا کر خوب کوٹ کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** دو گول کھانا کھانے سے دو گھنٹہ بعد ہمراہ ایک سیر دودھ استعمال کرائیں۔ غذا اس روز کم کھلائیں۔

## (300) معجون مقوی وممسک نمبر①

**منافع:** اعلیٰ درجہ مقوی باہ و ممسک و مفرح قلب ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ دماغ و معدہ اور بدن کو طاقت بخشتی ہے اور اعصاب کو طاقت دیتی ہے اور تفریح پیدا کرتی ہے۔ شائقینوں کی جان ہے۔

**اجزاء:** صندل سفید، صندل سرخ، طباشیر، الائچی خورد، ست گلو، گل نیلوفر، کشنیز خشک، تخم کاسنی، جفت بلوط مقشر، تخم ریحان، مروارید ہر ایک تین ماشہ، گاؤزبان 5 ماشہ، مغز کدو، مغز تربوز ہر ایک 6 ماشہ، مغز تخم خیارین، مغز بادام مقشر ہر ایک تولہ تولہ کشتہ سنگ یشب، کشتہ عقیق ہر ایک دو ماشہ، عنبر اشہب ایک ماشہ، کافور 4 رتی، ابریشم خام 4 ماشہ، شربت انار، شربت گاؤزبان ہر ایک 9 تولہ، روغن تنب 4 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** مروارید کو چھ ماشہ روح کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ پھر اس میں ورق نقرہ،

کشتہ یشب، کشتہ عقیق ملا کر کھرل کریں۔ تاکہ یکذات ہو جائیں۔ باقی خشک دواؤں کو بھی الگ الگ باریک پیس کر ان میں ملا کر خوب یکجان کر لیں۔

ابریشم کو آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر شربت انار شربت گاؤزبان ملا کر قوام تیار کریں پھر نیچے اتار کر باقی سب ادویہ بھی بمعہ روغن تنب کے ملائیں۔

**طریق استعمال:** پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

**روغن تنب بنانے کا طریقہ:** بھنگ 5 تولہ کو دو سیر دودھ میں خوب جوش دے کر رات کو ضامن لگا کر صبح اس کا مکھن نکالیں۔ پھر صاف کر کے اس کا گھی تیار کر لیں۔ اس میں سے 4 تولہ وزن کر کے ملائیں۔

## (301) معجون مقوی و ممسک نمبر②

**منافع:** حد درجہ مقوی باہ و ممسک ہے۔ نیز سرعت کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک طبیب اس کی ایک خوراک کے پانچ روپے لیتا ہے۔ اس کے کچھ عرصہ تک استعمال کرنے سے سرعت کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ اور قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ وقتی ضرورت کے لئے نہایت اعلیٰ چیز ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** افیون، مرچ سیاہ، جائفل، زعفران، مشک خالص، زنجبیل سونٹھ) تج، سب ادویہ برابر وزن لے کر الگ الگ باریک پیس لیں۔ اور جس قدر دواؤں کا وزن ہو اسی قدر شہد ملا کر رکھ لیں۔

**طریق استعمال:** شام کو پونے دو ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ اور بعد عشاء مشغول ہوں۔ غذا نہ کھائیں۔ صرف دودھ ہی پئیں۔ جو غذا قبل از عصر کھائی گئی ہو وہی کافی ہے۔ اگر کھانا چاہیں تو فراغت کے بعد کھا سکتے ہیں۔ ورنہ صرف دودھ جس قدر طلب ہو پئیں۔ سرعت انزال کے لئے ایک ماشہ روزانہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (302) گولیاں کایا پلٹ (صندوقچہ)

**منافع:** آج کل کے نوجوانوں کی جملہ شکایات مثلاً رقت منی، جریان کثرت، احتلام، سرعت انزال، ضعف اعضاء رئیسہ، ضعف باہ، کمی خون وغیرہ کے لئے جنہیں گرم خشک دوائیں نقصان پہنچاتی ہیں۔ نہایت اعلیٰ ہیں۔

نیز سلسل بول، ضعف بدن، گرمی مثانہ، ضعف ہاضمہ، دل دھڑکنے کے لئے مفید ہیں۔ بدن میں خون وافر پیدا کرتیں۔ ناکارہ اعضاء کو طاقتور کر دیتی ہیں۔ غرض باہ کے شاکیوں کے لئے خصوصاً جو گرم مزاج ہوں۔ نہایت بھروسہ کی چیز ہے۔ ایک صاحب ان گولیوں کا اشتہار شائع کر کے کافی فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** موصلی سفید سوا تولہ، موصلی سیمبل 5 تولہ، کشتہ فولاد تین ماشہ، شہد حسب

ضرورت، موصلی سفید اور موصلی سیبنل کو الگ الگ باریک پیس کر کشتہ فولاد ملا کر شہد میں گوندھ لیں۔ اور چھ ماشہ کی گولیاں تیار کر کے اوپر چاندی کے ورق چڑھا لیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھایا کریں۔ گولی توڑ کر کھانی چاہئے۔

## (303) گولیاں برائے جریان (صندوقچہ)

**منافع:** جریان منی، ضعف قلب، گرمی مثانہ، ضعف معدہ، ضعف جگر، ضعف بدن کے لئے نہایت نافع ہیں۔ غذا کو جزو بدن بنا کر طاقت پہنچاتی ہیں۔ آج کل کے نوجوانوں اور گرم مزاج مریضوں کے لئے جو جریان و ضعف اعضاء رئیسہ و گرمی مثانہ وغیرہ میں مبتلا ہوں نہایت اطمینانی نسخہ ہے۔ جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

**اجزاء:** دانہ الائچی خورد، طباشیر نقرہ ہر ایک ایک تولہ، کشتہ چاندی 6 رتی، مغز بادام 6 ماشہ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی، کشتہ سہ دھاتہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** دانہ الائچی، طباشیر، مغز بادام الگ الگ باریک پیس کر پھر سب اشیاء کو خوب ملا کر شہد کی مدد سے مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ آدھ سیر دودھ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ بہتر ہے کہ شام کو سفوف مغلظ منی استعمال کرایا جائے تاکہ تمام نقائص رفع ہو جائیں۔

## (304) کشتہ چاندی و فولاد

**منافع:** یہ نسخہ ایک سیاح سے بصد مشکل حاصل ہوا۔ جو قوت باہ، تولید خون، تقویت اعضاء رئیسہ، تقویت بدن، گرمی مثانہ و جگر کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ ارواح و قوی کو نہایت طاقت بخشتا ہے۔

ضعف باہ کے ایسے مریضوں کے لئے جن کا مزاج گرم اور خون میں کمی ہو۔ نیز ان لوگوں کے لئے جن کو ضعف باہ کے ساتھ ضعف معدہ و جگر ہو یا جریان ہو بہت مفید ہے۔ گرمی کو دور کرتا، معدہ اور جگر کو طاقت بخشتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برادہ نقرہ، برادہ فولاد یا اسپات ہر ایک ایک تولہ پارہ تین ماشہ، تین عدد لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر چھوٹے سے پتلے کجہ میں بند کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر ٹکیہ نکال کر پھر تین ماشہ پارہ ملا کر حسب دستور تین عدد لیموں کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں پوری کریں پھر تین آنچیں آب ترپھلہ میں اور تین آنچیں آب گھیکوار میں ایک آنچ شراب برانڈی یا دیسی میں کھرل کر کے دیں۔ ہر دفعہ پارہ تین ماشہ ملا لیا کریں۔ اور آب ترپھلہ، آب گھیکوار شراب پانچ پانچ تولہ روزانہ کھرل کے ذریعہ جذب کر دینا چاہئے۔

ترپھلہ تین چھٹانک کوٹ کر 24 گھنٹہ تک ایک پاؤ پانی میں تر کریں۔ پھر مل چھان کر بوتل میں محفوظ

رکھیں۔ اس سے ایک ایک چھٹانک لے کر روزانہ کھل کیا کریں۔

**طریق استعمال:** نصف رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (305) حلوہ دافع جریان و احتلام

**منافع:** اسے کچھ عرصہ تک پوری پرہیز کے ساتھ استعمال کرلینے سے جریان و کثرت احتلام و رقت منی کی شکایت دور ہو جاتی ہے اور قوت باہ پیدا ہوتی ہے۔ کئی مریضوں پر اس کا استعمال ہو چکا ہے۔ لطف یہ کہ نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہے۔ روزانہ تازہ تیار کر کے بلا ناغہ استعمال کیا کریں۔ اور پھر فائدہ کا مشاہدہ کریں۔

**اجزاء:** سبوس اسپغول 7 ماشہ، مغز بنولہ، ثعلب مصری، دال ماش، سنگھاڑا ہر ایک 5 ماشہ، مغز بادام 7 ماشہ (مصری کوزہ) دو تولہ، دودھ گائے آدھ سیر۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** نمبر1 سے نمبر5 تک سب اشیاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ نمبر6 رات کے وقت پانی میں بھگو دیں۔ صبح مقشر کرلیں۔ اور دودھ تازہ آدھ سیر میں ادویہ کا سفوف ملا کر نرم نرم آنچ پر پکائیں۔ جب غلیظ ہونے کے قریب ہو بادام گھوٹ کر اور مصری ملائیں۔ جب حلوہ کا قوام تیار ہو جائے تو آگ سے اتار لیں۔ سرد ہونے پر کشتہ قلعی یا کشتہ سہ دھاتہ ایک رتی ملا کر استعمال کرائیں۔ یہ وزن ایک دن کے لئے ہے۔

## (306) سفوف مقوی باہ دافع جریان

**منافع:** تمام مردانہ شکایات مثلاً جریان، کثرت احتلام، سرعت انزال، ضعف باہ عام کمزوری بدن وغیرہ کے لئے یکساں مفید ہے۔ اس میں یہ خاصہ ہے کہ جریان وغیرہ کی شکایت کو رفع کر کے قوت مردانہ پیدا کرتا ہے۔ ضعف باہ کے متعلق جو شکایات ہوں۔

بلا خوف اس کا استعمال کرائیں۔ بفضلہ نہایت مفید ثابت ہو گا۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنڈھ، جائفل، مرچ سیاہ، فلفل دراز، الائچی سبز، پترج، اسگندھ، زعفران، لونگ ہر ایک 4 ماشہ، باریک سفوف تیار کر کے اس میں کشتہ قلعی تین تولہ ملائیں۔

**طریق استعمال:** ڈیڑھ ماشہ صبح نہار اور ڈیڑھ ماشہ شام کو ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

# مجربات امراض زنان

## (307) تریاق پرسوت

**منافع:** پرسوت (سوتک) پرانا خواہ نیا ہو۔ اس جوشاندہ کی پہلی خوراک سے مریض کو فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اور عموماً تین خوراک سے مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

یہ نسخہ ان نسخہ جات میں سے ہے جنہیں لوگ دوسروں پر ظاہر کرنا گناہ سمجھتے ہیں۔

فی الحقیقت اکسیر یا تریاق کا مصداق وہی نسخہ ہو سکتا ہے۔ جو ہر حالت میں مفید اور بے خطا ہو۔ اور اس کے تیر بہدف ہونے کا طبیب کو پورا پورا اعتماد ہو۔ ایسی ہی چیزوں کو لوگ اپنے تک محدود رکھتے ہیں۔

میں اسے پرسوت کے کل نسخہ جات کا شاہکار کہہ سکتا ہوں۔ جس کی قدر وہی اصحاب جانیں گے جو اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ تجربہ کرنے والے احباب کو چاہئے کہ مجھے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ اور جو نسخہ جات آزمائیں ان کی اطلاع مجھے ضرور کریں۔

**اجزاء:** جدوار خطائی، سونف، درونج عقربی، الائچی کلاں، منقیٰ جلوتری، دار چینی ہر ایک 5 ماشہ، قند سیاہ کہنہ یا شہد 5 تولہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** سوائے قند سیاہ کے باقی سب دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک تہائی رہ جائے تو خوب مل چھان کر قند سیاہ کہنہ (یا شہد جو چیز ملانی ہو) ملا کر پلائیں۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو صبح و شام استعمال کرائیں۔ ورنہ صرف ایک ہی وقت کافی ہے۔ موسم کی کوئی قید نہیں۔

پرسوت یعنی سوتک کے لئے جو ولادت کے بعد یہ عارضہ پیدا ہو جاتا ہے۔ تپ خفیف اور تمام بدن میں دردیں ہو جاتی ہیں۔ جس کا زیادہ تر سبب خون کا اچھی طرح جاری نہ ہونا یا سردی لگ جانا یا سرد اشیاء کا استعمال کر لینا ہوتا ہے۔ مفید ہے۔

## (308) اکسیر پرسوت

**منافع:** یہ نسخہ بھی مندرجہ بالا نسخہ کی طرح ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ جس کی ایک ہی خوراک سے بفضلہ تعالیٰ تپ اور درد اعضاء وغیرہ کل شکایات کو آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت اعلیٰ چیز ہے۔ جن مریضوں کا مزاج زیادہ گرم ہو یا نازک مزاج ہوں۔ ان کے لئے یہ نسخہ زیادہ موزوں ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ کم قیمت ہے۔

**اجزاء:** سوڈا سلی سلاس ڈھائی ماشہ، عرق گاؤزبان ڈھائی تولہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** سوڈا سلی سلاس کو عرق میں حل کر کے پلائیں۔ دن میں ایسی دو خوراک (صبح و شام) استعمال کرائیں۔

## (309) دوائے پرسوت

**منافع:** یہ پرسوت کا تیسرا نسخہ حاضر خدمت ہے۔ جو سابقہ دونوں نسخہ جات سے نئی طرز کا ہے۔ اور کم استطاعت طبقہ کے لئے نہایت موزوں ہے۔ طبیب موقعہ و محل دیکھ کر جو نسخہ مناسب سمجھے تجویز کر سکتا ہے۔ اسی لئے نئی نئی ترکیبوں اور مختلف قسموں کے نسخے اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں کیونکہ

اپنا اپنا مذاق اپنی اپنی پسند

یہاں ایک حکیم اس نسخہ سے عورتوں کا علاج کامیابی سے کرتا ہے۔ یہ نسخہ اس سے حاصل ہوا۔ جو

تجربہ کرنے پر نہایت مفید پایا گیا۔ پرسوت یعنی سوتک اور کثرت بلغم اور ریح کے دردوں اور ریح کی
مرضوں کے لئے نہایت اچھا ہے۔ وضع حمل کے بعد جو عورتیں سردی لگ جانے کے باعث درد میں مبتلا
ہو جائیں یا انہیں پرانا سوتک ہو یا زچگی کی تکالیف ہوں۔ یہ نسخہ ان سب عوارض کے لئے مفید ہے۔
البتہ مزاج شناسی لازم ہے۔ گرم مزاج کو نسخہ نمبر 308 ہی ہر حال میں مفید رہے گا۔

**اجزاء:** برگ ارنڈ سبز (ہرنولی) برگ حرمل سبز، برگ مدار (آک) ہر ایک 2 سیر، زنجبیل (سنڈھ) ایک پاؤ
پختہ۔

**ترکیب ساخت:** زنجبیل کی ململ کے باریک کپڑے میں پوٹلی باندھ لیں۔ دوسری چیزیں باریک کوٹ کر
ملا لیں اور ایک مٹکے میں پوٹلی مذکور کے نیچے اوپر رکھ کر اس کا منہ چپنی سے بند کر کے مٹی خوب لگا کر آگ
پر چڑھا کر نیچے چار پہر تک درمیانہ آگ جلائیں۔ پھر بند کر دیں۔ جب خوب سرد ہو جائے تو زنجبیل نکال
کر گائے کے گھی میں بریاں کر لیں اور پھر باریک پیس کر رکھیں۔

**طریق استعمال:** تین ماشہ سے 6 ماشہ تک مطابق طبیعت شہد میں ملا کر رات کو چٹائیں۔ مریضہ کو ہوا
ہوا اور سرد پانی سے اجتناب کرائیں۔

نیز زعفران 2 رتی، مشک خالص نصف رتی باریک پیس کر قدرے صابن ملا کر خوب کھرل کر کے شافہ
یعنی بتی بنا کر رات کو رحم میں رکھائیں۔ چند دن تک روزانہ یہ عمل کریں۔

## (310) معجون اختناق الرحم

**منافع:** اختناق الرحم یعنی ہسٹریا کی تمام دواؤں سے ممتاز ہے جس کے مقابلہ کی اور کوئی دوائی نہیں پائی
گئی۔

ایک مریضہ بڑے بڑے نامی گرامی حکماء کے علاجوں سے مایوس ہو چکی تھی جسے تھوڑی تھوڑی دیر
بعد غشی کے دورے ہو جاتے تھے۔ ہر وقت ضعف قلب رہتا تھا۔ ہاضمہ خراب اور معدہ کمزور تھا۔ پیٹ
میں ریح کا گولا پھرتا رہتا تھا۔ کوئی چیز ہضم نہیں ہوتی تھی۔ اس معجون کے چند روزہ استعمال شفا ہوئی۔ اور
بھی کئی مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ ہر جگہ کامیابی ہوئی ہے۔ ہسٹریا کے لئے ایک بے خطا نسخہ ہے جو ہر
جگہ مفید پڑتا ہے۔ نیز مرگی، ضعف قلب، خفقان کو بھی مفید ہے۔

**اجزاء:** مروارید ناسفتہ، مرجان، کہربا، درونج عقربی، ابریشم مقرض، زرنچور، بہمن سفید، بہمن سرخ، طباشیر،
زعفران کشمیری، مصطگی رومی، صندل سفید، صندل سرخ، کشنیز خشک ہر ایک 7 ماشہ، عنبر اشہب، لونگ ہر
ایک تین ماشہ، ہلیلہ، سنبل الطیب، دانہ الائچی خورد، تمال پتر، دارچینی، جند بید ستر ہر ایک ڈھائی ماشہ،
مشک خالص 2 ماشہ، مصری 16 تولہ، شہد 20 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر لیں۔ باقی دواؤں کو الگ الگ باریک پیس لیں،
پھر سب کو خوب ملا کر رکھیں۔
مصری اور شہد کا قوام تیار کر کے ادویہ مذکورہ ملا کر معجون بنا لیں۔

**طریق استعمال:** چار ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان' عرق گلاب ہر ایک چھ تولہ استعمال کرائیں۔

## (311) معجون حافظ الجنین

**اسناد:** ارسطوئے زماں لقمان دوراں استاذ الاطباء حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کا خاص الخاص صندوقچہ کا نسخہ ہے جو نہایت قابل قدر ہے۔

**منافع:** جس عورت کا حمل دوسرے یا تیسرے مہینہ میں گر جاتا ہو یا بچے ضائع ہو جاتے ہوں۔ اس کے لئے اور اولاد نرینہ پیدا کرنے کے لئے یہی ایک ایسی چیز ہے جس کو باقاعدہ استعمال کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مراد بر آتی ہے۔ مقوی قلب بھی ہے۔

**اجزاء:** زرنباد' دارچینی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' کہربا' عود خام بسد' ابریشم مقرض' دانہ الائچی کلاں' زعفران' زنجبیل' مصطگی ہر ایک 9 ماشہ' لونگ' چڑک' تخم خرفہ' بہمن سرخ' بہمن سفید' دار فلفل ہر ایک 6 ماشہ' جندبیدستر' سنبل الطیب' عقرقرحا ہر ایک 5 ماشہ' مروارید ایک ماشہ' شکر سفید 21 تولہ' شہد 10 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں کھرل کر کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف بنالیں۔ مصری میں آدھ پاؤ پانی ملا کر آگ پر چڑھا کر قوام تیار کریں۔ پھر شہد ملا کر نیچے اتار کر ادویہ کا سفوف ملالیں۔ اور چمچہ سے اچھی طرح آمیز کریں۔

**طریق استعمال:** جب حمل قرار پا جائے چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے یا عرق گاؤزبان' عرق کیوڑہ ہر ایک 6 تولہ استعمال کرائیں۔

## (312) گولیاں مدر حیض (صندوقچہ)

**منافع:** حیض کھل کر نہ آتا ہو یا بند ہو یا بے قاعدگی سے یا درد کے ساتھ آتا ہو وغیرہ وغیرہ۔ تمام عوارض کے لئے ہماری مجرب اور معمول ہیں۔ جو کہ ہمارے مطب میں ہمیشہ فروخت ہوتی ہیں۔ ان کے ساتھ شربت مدر حیض بھی استعمال کرایا جاتا ہے جو کہ ان کا بدرقہ ہے۔

**اجزاء:** صبر' مرکی' زنجبیل یعنی سونٹھ ہر ایک ایک تولہ' کشتہ فولاد دیسی یا ولایتی' زعفران کشمیری ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سوائے کشتہ فولاد کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سب کو ملا کر شہد اس قدر ملائیں کہ گولیاں بننے کے لائق ہو جائے۔ گولیاں چنے کے برابر تیار کرلیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت مدر حیض ڈھائی تولہ پانی یا عرق کاسنی سات تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔ چالیس دن متواتر استعمال کرانا ضروری ہے۔

گرم ترش' تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔ شربت مدر حیض کا نسخہ ذیل میں درج ہے۔

## (313) شربت مدر حیض

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم کاسنی' منقی ہر ایک 5 تولہ' سونف' تخم خربوزہ تخم کدو' تخم کسنبہ ہر ایک

تین تولہ، گل غافث 14 ماشہ، خطمی سنبل الطیب، سوئے گل بنفشہ، گاؤزبان ہر ایک ڈیڑھ تولہ، ملٹھی 14 ماشہ، مصری تین پاؤ، حسب دستور شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام عرق کاسنی 7 تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔

## (314) سفوف مدر حیض

**منافع:** ادرار حیض کا نہایت منتخب مجرب المجرب نسخہ ہے۔ جو گرم مزاجوں کے لئے خصوصاً مفید ہے اور پھر لطف یہ ہے کہ نہایت آسان اور بلا لاگت ہے۔ غرض حیض کی شکایات کے لئے ہمہ صفت موصوف ہے۔ حیض کی بندش اور بے قاعدگی اور درد کے عارضہ کے لئے معمول ہے۔

**اجزاء:** ریوند خطائی 14 ماشہ، جوکھار ایک تولہ، زیرہ سفید 7 ماشہ، مصری کوزہ تین تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر ملالیں۔

**طریق استعمال:** اگر حیض بالکل بند ہو تو ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ جوشاندہ گل کیسو استعمال کرائیں۔ یعنی گل کیسو 6 ماشہ کو ایک پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب ڈیڑھ چھٹانک کے قریب رہ جائے تو مل چھان کر مصری 2 تولہ ملا کر اس کے ساتھ استعمال کرائیں۔

گر حیض جاری ہو کر بندش سے آرہا ہو تو سات ماشہ کا قدر ہمراہ جوشاندہ گل کیسو صبح و شام استعمال کرائیں۔ یعنی وزن زیادہ کریں۔

## (315) گولیاں مدر حیض

**منافع:** یہ نسخہ بھی احتباس بے قاعدگی اور درد حیض وغیرہ تمام شکایات کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہر مزاج کے موافق نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کے چند دن استعمال کرانے سے جملہ شکایات متعلقہ بندش حیض کلی طور پر رفع ہو جاتی ہیں۔ کوئی تکلیف گرمی، گھبراہٹ، پیچش وغیرہ کی بھی مطلق نہیں ہوتی۔

**اجزاء:** گوکھرو، ریوند خطائی، تخم کرفس، جوکھار، زیرہ سفید ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کر کے شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (316) پوٹلی سیلان الرحم

**منافع:** سیلان الرحم یعنی رحم سے رطوبت جاری رہنے کی نایاب پوٹلی ہے جس کے تین چار روز استعمال کرانے سے آرام ہو جاتا ہے۔ بہت زود اثر تجربہ شدہ ایک چوٹی کا نسخہ ہے اس سے کوئی تکلیف وغیرہ بھی کسی قسم کی نہیں ہوتی نہایت مجرب ہے۔

**اجزاء:** مازو، موچرس، اقاقیہ، مائیں خورد، گل دھاوا، بھنگرہ، گل انار خام، جفت بلوط، خستہ جامن، زرنباد، گوند ڈھاک ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کوٹ کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک ململ کے کپڑے میں باندھ کر اندرون رکھائیں اور روزانہ تبدیل کر دیا کریں۔

## (317) اکسیر استحاضہ

منافع: استحاضہ یعنی کثرت حیض جو میعاد مقررہ سے بڑھ جائے۔ خواہ جس قدر پرانا مرض ہو یا جس قدر خون جاری ہو اس اکسیر کے استعمال سے کلی آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت عجیب و غریب نسخہ ہے اور لطف یہ ہے کہ اس پر ایک کوڑی بھی خرچ نہیں آتی اور بالکل آسان ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کیکر ولایتی جو ایک مشہور درخت چھوٹے قد کا ہوتا ہے۔ باغوں اور کوٹھیوں میں عام ملتا ہے۔ اس پر لمبی لمبی پھلیاں بکثرت ہوتی ہیں۔ اس کی پھلیاں حسب ضرورت لا کر سایہ میں خشک کریں۔ پھر باریک کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (318) اکسیر کثرت حیض

منافع: سہل الحصول زود اثر اور کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔ جس سے کثرت حیض کو ایک روز میں فائدہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاء: کشتہ سنگ جراحت ایک تولہ، گٹھلی چھوہارا 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: چھوہارا کی گٹھلی کو ہاون دستہ میں خوب باریک کوٹ کر کشتہ مذکور ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: بکائن یعنی دھریک کے پتے دو یا تین تولہ لے کر پانی کا چھینٹا دے کر خوب گھوٹ کر اس سے 5 تولہ پانی نکال لیں۔ اس کے ساتھ سفوف مذکور تین ماشہ پھانک لیں اسی طرح صبح پھر شام تین روز تک استعمال کرائیں۔

## (319) سفوف کثرت حیض

منافع: کثرت حیض کے لئے ایک نایاب چیز ہے۔ جس کی پہلی خوراک سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

اجزاء: مازو 7 عدد، چاول 5 تولہ، کشتہ سنگ جراحت تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: چاولوں کو تین گھنٹہ تک پانی میں تر کریں۔ پھر کوٹ کر مازو کو بھی باریک کر کے کشتہ سنگ جراحت ملا کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ باسی پانی استعمال کرائیں۔

## (320) کشتہ سنگ جراحت

منافع: کثرت حیض، نکسیر، نفث الدم، قے الدم وغیرہ ہر قسم کے سیلان خون، سیلان الرحم اور تپ کے

لئے مفید ہے۔
**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنگ جراحت 5 تولہ کو نغدہ برگ دھریک یا خرفہ ایک پاؤ میں رکھ کر [اوپر] پرانا کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کر کے خشک کر لیں۔ پھر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جانے کے بعد [سنگ] جراحت باریک پیس لیں۔
**طریق استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام مکھن یا ملائی میں یا ہمراہ شربت انجبار تین تولہ استعمال کرائیں۔

## (321) شربت کثرت حیض

**اجزاء:** بورہ صندل سفید تین تولہ، تخم موڑیوں، انجبار، برگ بانسہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، نیلوفر [ز]رشک، الائچی خورد، گلنار رمائیں، گاؤزبان ہر ایک ایک تولہ، مصری تین پاؤ۔
**ترکیب ساخت:** تخم موڑیوں، انجیر، الائچی خورد، گلنار اور مائیں کو کوٹ لیں۔ پھر سب دواؤں کو [...] تک ایک سیر پانی میں تر کر کے جوش دیں جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت [تیار] کریں۔
**طریق استعمال:** چار چار تولہ صبح اور شام دو چند پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

## (322) بحالت حمل خون آنا

**منافع:** اگر حمل کی حالت میں خون جاری ہو جائے تو یہ نسخہ نہایت مفید پڑتا ہے۔ جس کی دو خوراک کے استعمال سے انشاءاللہ آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت عجیب شے ہے۔
**اجزاء:** تخم خرفہ، اقاقیا، بورہ صندل سفید، گیرو، بھوج پتر سوختہ، سنکھا ہولی، کھانڈ سفید ہر ایک تین ماشہ۔
**ترکیب ساخت:** سب دوائیں باریک کوٹ کر سفوف بنا لیں۔
**طریق استعمال:** ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار تین تولہ، عرق گاؤزبان 9 تولہ استعمال کرائیں۔

## (323) کثرت حیض و خون حاملہ

**منافع:** اگر حیض ایام مقررہ سے بڑھ جائے یا حاملہ کو خون جاری ہو جائے تو اس کے استعمال سے [بفضلہ] فائدہ ہوتا ہے۔
**اجزاء و ترکیب ساخت:** ٹنکچر اوپیم، ایکسٹریکٹ ارگٹ لکویڈ، اسپرٹ کلورفارم ہر ایک دس بوند، [روغن] سونف ڈھائی تولہ سب کو ملا لیں۔
**طریق استعمال:** مندرجہ بالا ایک خوراک کا وزن ہے دن میں دو خوراک استعمال کرائیں۔

## (324) عجیب الاثر گولی

**منافع:** اس گولی کو دو یا تین دن تک رحم میں رکھانے سے حیض جاری ہو جاتا ہے۔ اور کسی قسم [...]

تکلیف وغیرہ بھی نہیں ہوتی۔ بالکل آسان اور کم خرچ مجرب المجرب ہے۔

**اجزاء:** بورہ ہاتھی دانت 6 ماشہ، مویز منقیٰ ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب ساخت:** منقیٰ کے دانے نکال کر بورہ ہاتھی دانت کے ساتھ ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ جب اچھی طرح یک ذات ہو جائیں تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** وقت ضرورت ایک گولی رحم میں رکھائیں۔ 24 گھنٹہ کے بعد دوسری گولی رکھائیں۔

## (325) اکسیر عسر ولادت و اخراج جنین

**منافع:** عسر ولادت یعنی بچہ جننے کی تکلیف اور اخراج جنین یعنی بچہ مردہ خارج کرنے اور قے لانے کے لئے نہایت مجرب ہے۔ حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے عطیات سے ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اپیکاک جو ایک مشہور انگریزی دوا ہے۔ بقدر ضرورت لے کر رکھیں۔

**طریق استعمال:** بچہ مردہ خارج کرنے کے لئے ایک رتی اور عسر ولادت کے لئے 4 رتی قے لانے کے لئے ایک ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (326) دوائے بندش حیض نمبر②

**منافع:** حیض کو جاری کرتی ہے۔ اختناق الرحم، کمی حیض، ورم رحم، درد و بے قاعدگی حیض کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاء و طریق استعمال:** الٹرس کارڈیل ریو امریکہ کی ایک پیٹنٹ دوائی ہے جس میں ایک پاؤ کے قریب دوائی ہوتی ہے۔ اس میں سے 6 ماشہ روزانہ گرم پانی یا گرم دودھ دو تولہ میں ملا کر غذا سے ایک گھنٹہ بعد صبح و شام استعمال کرائیں۔ پندرہ یوم تک استعمال کرنا چاہیے۔

# مجربات حمیات (تپ)

## (327) تریاق بخار

**منافع:** جو حضرات بخار کی کسی ایسی دوائی کے متلاشی ہوں۔ جو کونین سے بڑھ کر مفید ثابت ہو اور بے ضرر بھی ہو۔ نیز ہر مزاج کے موافق اور آسان بھی ہو ان کی خاطر آج میں اپنا یہ معمول مطب بیش بہا نسخہ ظاہر کرتا ہوں۔ جس کا ثانی اور کوئی نہیں۔

تریاق بخار تپ موسمی اور تپ لرزہ نیز دیگر تمام اقسام تپ کے لئے یقیناً اسم بامسمیٰ ہے اور زود اثر اس قدر کہ اس کے حلق سے اترتے ہی مریض کو فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ اور دوسرے یا تیسرے دن تک تپ کا نام و نشان تک نہیں رہتا۔ گرمی، گھبراہٹ وغیرہ مطلقاً "نہیں ہوتی۔

**اجزاء و ترکیب:** نوشادر ٹھیکری، قلمی شورہ ہر ایک پانچ تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کرکے آپس میں ملالیں۔ پھر ایک مٹی کے پیالہ میں پھیلا کر دوسرا پیالہ جس کا منہ ٹھیک مل جائے رکھ کر ان کے منہ پر ماش کا آٹا لگائیں۔ جب خشک ہو جائے رکھ کر نیچے آدھ گھنٹہ تک پہلے نرم آگ جلائیں۔ پھر تیز کردیں تین گھنٹہ کے بعد بند کردیں۔ جب جائے تو جو کچھ پیالہ میں ہو پیس کر نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** چار چار رتی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اگر کھانسی ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ تولہ۔ اگر صفراوی ہو تو ہمراہ سکنجبین 3 تولہ اگر بلغمی ہو تو ہمراہ شربت بزوری یا شربت نمبر(329) استعمال کرائیں۔ فی خوراک ایک رتی کونین سلفاس ملا کر کیپسول میں بند کرکے استعمال کرایا جائے تو بہتر ہے۔

اس نسخہ کی تصدیق یوں ہوئی ہے کہ نسخہ نمبر 330 کے ساتھ بخار کو تین دن میں اتار دیتا ہے۔

## (328) اکسیر ملیریا وغیرہ

یہ نسخہ بھی مندرجہ بالا تریاق بخار کی طرح نہایت عجیب و غریب ہے۔ جس سے عموماً پہلے دن تپ فائدہ ہوتا ہے۔ اور دوسرے تیسرے دن تک پوری طرح آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزاء و طریق استعمال:** کونین سلفاس 2 رتی، سالٹ یا میگنیشیا ایک تولہ، لیموں ایک عدد۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** لیموں کو نچوڑ کر اس کا پانی نکال کر تینوں اشیاء ملا کر خوب ہلائیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائیں تو پلادیں۔ ایسی تین خوراک دن میں استعمال کریں۔

## (329) شربت تپ بلغمی وغیرہ

یہ شربت تپ بلغمی اور تپ کہنہ ہر قسم کے لئے معمول ہے۔ نیز کھانسی ہر قسم اور قبض کے لئے مفید ہے اور بلغمی مواد کا منضج و معدل ہے۔ ایک کہنہ بیاض سے حاصل ہوا جو تجربہ کرنے پر مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزاء:** بنفشہ 6 تولہ، نیلوفر، گل سرخ، ترنجبین ہر ایک تین تولہ، برگ بانسہ، زوفا، تخم خیارین، تخم خطمی، سونف، پوست ہلیلہ زرد، شاہترہ، سناء مکی ہر ایک ایک تولہ، گلو خشک، تخم کاسنی، مویز منقی ہر ایک 2 تولہ، پرسیاؤشاں، ملٹھی ہر ایک 5 ماشہ، گاؤزبان 9 ماشہ، عناب 7 دانہ، لسوڑیاں 20 دانہ، مصری پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** تین تین تولہ، صبح و شام پانی یا عرق گاؤزبان 12 تولہ ملا کر استعمال کریں۔

## (330) شربت تپ صفراوی و مرکب

**منافع:** تپ صفراوی یعنی گرمی کے تپ اور تپ مرکب کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز منضج صفرا ہے۔

صفراوی امراض کا قلیل المقدار آسان منضج ہے۔ تپ صفراوی اور صفراوی مرضوں میں خلط کا نضج ہو جانے کے بعد یعنی (پانچ چھ دن کے بعد) مسہل دے دینا چاہیے۔ یہ ایک کہنہ بیاض کا نہایت اطمینانی ہمہ صفت موصوف نسخہ ہے۔ جس کا تجربہ کر لیا گیا ہے۔

**اجزاء:** تخم کاسنی، بنفشہ ہر ایک 2 تولہ، نیلوفر، ملٹھی، تخم خیارین، خطمی ہر ایک ایک تولہ، گل سرخ، گاؤزبان، بیخ کاسنی، گلو خشک، تخم کشوث، شاہترہ، آلو بخارا ہر ایک پانچ تولہ، بیہدانہ 9 ماشہ، لسوڑیاں، عناب ہر ایک 20 دانہ، مصری تین پاؤ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**طریق استعمال:** تین تین تولہ صبح و شام عرق کاسنی 7 تولہ یا پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

تپ صفراوی اور تپ بلغمی کے دو بے نظیر نسخے جو استاذ الاطباء علامہ زمان حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے تمام عمر کے معمول مطب رہے ہیں۔ بمعہ مواقع استعمال وغیرہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہو چکے ہیں۔

## (331) غب دائرہ ولازم

**اجزاء:** زیرہ سفید چھ ماشہ، مغز کرنجوہ، فلفل دراز، برگ مغیلاں ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کر کے پانی میں کھرل کریں۔ اور گولیاں بقدر ایک ماشہ تیار کریں۔

**طریق استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ، عرق کاسنی 7 تولہ استعمال کرائیں۔

## (332) سفوف تپ کہنہ

**اسناد:** یہ نسخہ علامہ حکیم مولوی مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول ہے۔

**منافع:** یہ سفوف تپ کہنہ کے لئے خواہ مادہ گرم سے ہو خواہ مادہ سرد سے "نہایت مفید ہے"۔

**اجزاء:** زنجبیل یعنی سونٹھ، لونگ، اجوائن، مرچ سیاہ، فلفل دراز، ہلیلہ سیاہ، چترہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کر کے ملا کر سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ آب گرم استعمال کرائیں۔

## (333) فساد خون وتپ

**اسناد:** حضرت استاذ الاطباء علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔

**منافع:** جہاں فساد خون کے ساتھ تپ بھی ہو۔ یہ نسخہ نہایت کار آمد ثابت ہوا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گندھک مصفی 1 تولہ، ملٹھی، سونف، سناء مکی ہر ایک دو تولہ، الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**طریق استعمال:** چھ ماشہ صبح ہمراہ شربت عناب تین تولہ، عرق شاہترہ 6 تولہ استعمال کریں۔

## (334) سفوف شفا

**منافع:** تپ معمولی، تپ کہنہ نیز ان بخاروں کے لئے جو معدہ اور جگر کی مشارکت سے ہوں نہایت مفید ہے۔ اس سے دق اور لازمی بخار کو بھی چار پانچ دن تک فائدہ ہوتا ہے۔ تپ دق کے کئی مریضوں کو آرام ہوا حالانکہ وہ لائق حکیموں کے علاج کر چکے تھے۔ البتہ ان کو تپ دق پہلے درجہ پر تھا۔ ایسے تپ جو دق سے مشابہت رکھتے ہوں۔ نیز عام معمولی تپ اس کے استعمال سے جلد اتر جاتے ہیں۔ نیز معدہ کی دیگر شکایات اور مبارکی کے لئے بھی مفید ہے۔

**اجزاء:** جوز ماثل سیاہ ڈیڑھ ماشہ، نوشادر 3 ماشہ، فلفل دراز 6 ماشہ، سونٹھ ایک تولہ، سوڈا بائی کارب ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** ہر ایک دوائی الگ الگ باریک کرکے وزن کرکے ملا کر رکھیں۔

**طریق استعمال:** سفوف مذکور دو ماشہ، کشتہ گاؤدنتی ایک ماشہ ملا لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ پہر پہر کے بعد ایک ایک خوراک ہمراہ پانی اگر کھانسی ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ استعمال کرائیں۔ صبح سے شروع کرکے شام تک تین یا چار خوراک استعمال کرائیں۔ رات کو دینے کی ضرورت نہیں۔ ذات الجنب میں ہر خوراک نصف رتی کشتہ بارہ سنگا ملا لینا چاہئے۔

شری (چھپاکی) کے لئے شہد میں ملا کر صبح و شام ایک ایک خوراک چٹائیں۔ مبارکی (موتی جھرہ) کے لئے کشتہ سنکھ نصف رتی فی خوراک ملا کر ہمراہ شربت بزوری، عرق مکو، عرق سونف ہر ایک دو تولہ، تخم لال 6 ماشہ، عرق گاؤزبان 4 تولہ استعمال کرائیں۔ دن میں صرف دو خوراک کافی ہیں۔

**نوٹ:** کشتہ گاؤدنتی خواہ جس ترکیب سے تیار کیا گیا ہو ٹھیک ہے۔ جلدی ضرورت ہو تو گاؤدنتی کی ڈلی کوئلوں کی تیز آگ میں ایک گھنٹہ تک رکھیں۔ سرد ہو جانے کے بعد باریک کھرل کر لیں۔

## (335) عرق اکسیر دق

**منافع:** یہ نسخہ دق جیسی نامراد مرض کے لئے ایک بہترین چیز ہے جو بڑی محنت اور جانفشانی سے حاصل کر کے درج کیا جاتا ہے۔ دق کے شروع میں استعمال کرایا جائے تو یقیناً شفا ہو جاتی ہے۔ کئی جگہ اس کے حیرت انگیز اثرات دیکھنے میں آئے ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل خیرا 10 تولہ، الائچی خورد 3 تولہ، طباشیر 2 تولہ، صندل سفید 5 تولہ، شیر گاؤ 4 سیر، حسب دستور اس کا چار سیر عرق کشید کریں۔

**طریق استعمال:** سات تولہ عرق میں شربت بزوری تین تولہ ملا کر صبح شام پلائیں۔ غذا دال مونگ، کدو، توری سبز پالک خرفہ وغیرہ۔

## (336) اکسیر دق خاص الخاص

**منافع:** یہ دق کا ایک عجیب و غریب نسخہ ہے جس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا۔ شروع مرض میں استعمال

کرایا جائے تو یقیناً فائدہ ہوتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ابرک سفید محلوب ایک پاؤ، شیر مادہ خر سواسیر۔ ابرک میں شیر مادہ خر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام دودھ ختم ہو جائے تو ابرک کو خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

② کافور پانچ تولہ، برگ حناء باریک شدہ ایک پاؤ۔ برگ حنا کو رات کے وقت پانی میں تر کریں۔ اور کافور کی ڈلی بھی اس میں ڈال دیں۔ صبح ڈلی مذکور نکال کر نیم کوب (دردرا) کر کے لوہے کے توے پر ڈال کر اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ دیں۔ اور پیالہ کی پشت پر کپڑا تر کر کے رکھیں۔ نیچے ایک گھنٹہ تک بیری کی لکڑی کی نرم آنچ جلا دیں۔ مگر پیالہ کے لب ماش کے آٹا سے خوب بند کر دیں۔ جب پیالہ گرم ہو جائے تو پانی سے تر کر دیا کریں۔ ایک گھنٹہ کے بعد آگ بند کر دیں۔ جب پیالہ وغیرہ خوب سرد ہو جائے تو احتیاط سے جوہر نکال کر کشتہ ابرک مذکور میں ملا لیں۔ اکسیر دق تیار ہے۔

**طریق استعمال:** چار رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (337) اکسیر مبارکی (موتی جھرہ)

**منافع:** مبارکی کے دو نسخے مجربات سلطانی جلد اول میں درج ہو چکے ہیں۔ ایک اسہال جاری ہونے کی حالت میں اور ایک عام حالت میں جو اپنے اپنے محل میں اکسیر ثابت ہوتے ہیں۔ حال میں یہ اکسیری نسخہ ہمیں دستیاب ہوا ہے۔ جو مبارکی کی ہر حالت میں نہایت مفید ہے۔ اس سے مبارکی آسانی سے نکلتی ہے۔ اور ساتھ ساتھ تپ کو بھی آرام ہوتا جاتا ہے۔ اگر اسہال جاری ہوں تو وہ بھی آہستہ آہستہ بند ہو جاتے ہیں۔ نفخ وغیرہ نہیں ہوتا۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنکھ، صدف، مروارید (سیپ اصلی) استخواں باخہ (کچھوے کی ہڈی) شاخ مرجان، ہم وزن لے کر کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر باریک کھرل کر لیں۔

**طریق استعمال:** نصف رتی سے ایک رتی تک صبح و شام بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر دن میں تین چار دفعہ استعمال کرائیں۔ اوپر سے عرق گاؤزبان دو تولہ سے سات تولہ تک پلائیں یا منقیٰ 6 دانہ، گاؤزبان 4 ماشہ، [illegible] کی 4 ماشہ، عناب 6 عانہ، آدھ سیر پانی میں جوش دے کر جب پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر رکھ لیں۔ اور مصری ملا کر ہمراہ کشتہ مذکور پلائیں۔

اگر مریض کو اسہال جاری ہوں تو ہمراہ عرق گاؤزبان سات تولہ شربت حب آلاس 6 تولہ پہر پہر کے بعد دیں۔ موسم سرما ہو تو شربت عرق کو گرم کر لیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی استعمال کرائیں۔ اگر اسہال نہ ہوں تو جوشاندہ مذکور کے ساتھ دن میں دو دفعہ استعمال کرائیں۔ روغن زرد میں مغز بادام جلا کر تمام بدن پر شب مالش کیا کریں۔ پانی میں پختہ اینٹ کے ٹکڑے گرم کر کے بجھا لیں۔ جب پیاس لگے تو اسی پانی سے گرم کر کے پلاتے رہیں۔

## (338) تریاق مبارکی (موتی جھرہ)

**منافع:** اسہال جاری ہونے کی حالت اور عام حالتوں میں یہ نسخہ واقعی تریاق ثابت ہوا ہے۔ آج کل ... تر بھی معمول مطب ہے۔ لطف یہ کہ تپ کو بھی مفید ہے۔ اور مبارکی کے دانے بھی نکالتا ہے۔ اور ... سے طبیعت کو آرام رہتا ہے۔ دل کو طاقت بخشتا ہے۔ استعمال کرانے میں کسی قسم کی تکلیف نہیں ... اور مریض بھی خوشی سے استعمال کرتا ہے۔ زیادہ گرم نہیں کہ اسہال کا خطرہ ہو وغیرہ وغیرہ۔ تمام ... حامل ہے۔ نہ گرم ہے نہ سرد۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** طباشیر نقرہ، دانہ الائچی خورد، ست گلو اصلی سفید رنگ ہر ایک 4 ماشہ، ... نقرہ 14 عدد مصری کوزہ 9 ماشہ، سب دوائیں باریک کر کے ورق نقرہ ملا کر خوب کھرل کر لیں۔ پھر اس ... خوب کلاں مصطگی چھ ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ اگر مریض غریب ہو تو عام طور پر یہی سفوف استعمال کرایا ... ہے اور اگر مقدور ہو تو مروارید ناسفتہ ایک ماشہ کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے ملا لیا جاتا ہے۔

**طریق استعمال:** چار رتی سے 4 ماشہ تک مطابق عمر مریض ہمراہ شربت و عرق مندرجہ ذیل صبح ... سہ پہر استعمال کرائیں۔ شربت لال 5 تولہ، عرق گاؤزبان، عرق پودینہ، عرق اذخر (کھوی) عرق کو ہر ایک ... تولہ "تکیہ پیپر منٹ کلاں 8 عدد (اگر خورد ہوں تو 32 عدد) پیپر منٹ کو نیم کوب کر لیں۔ پھر سب اشیاء ... ایک بوتل میں ملا لیں تین سال تک کے بچہ کو ایک ماشہ سفوف اور شربت عرق 3 تولہ اسی طرح مطابق ... عمر بڑھاتے جائیں۔ جوان آدمی کو چار ماشہ سفوف ہمراہ 10 تولہ شربت عرق کے استعمال کرائیں۔

اگر مریض کے مزاج میں سردی ہو یا موسم سرما ہو اور دانے نکلنے میں دیری ہو رہی ہو یا اسہال ... ہوں تو سفوف میں فی خوراک کے حساب سے کشتہ سنکھ 2 چاول سے ایک رتی تک ملا لیا جاتا ہے۔ ... مونگ کی کھچڑی استعمال کرائیں۔ بدن پر ہر حالت میں گھی کی مالش بکثرت کرائیں۔ پانی پکا کر استعمال کرائیں۔ جس کا طریقہ نسخہ نمبر 337 میں تحریر کیا گیا ہے۔ سردی سے بچائیں۔ کونین اور مسہل ادویہ کے استعمال سے اجتناب کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو مبارکی کے علاج میں شرطیہ کامیابی ہوگی۔

# مجربات امراض جلد و عام امراض

### متعلقہ ظاہر بدن

## (339) اکسیر مصفی خون

**منافع:** یہ مجرب شدہ آتشک، چنبل، خارش، پھوڑے پھنسیاں داد (دحدری) خرابی خون ہر قسم کے لئے ایک لاجواب چیز ہے۔ علاوہ ازیں عمل ہے جو خرابی خون اور غلبہ سودا کے لئے نہایت مفید ہے۔ پندرہ دن ... تک استعمال کرانے کی عموماً ضرورت نہیں رہتی۔ ایک جامع الاوصاف ہمہ صفت موصوف نسخہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چرائتہ، سرپھوکہ، برگ نیم ہر ایک تین ماشہ، گل منڈی، سناء مکی ہر ایک ... ماشہ، شاہترہ، عشبہ مغربی، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک 7 ماشہ، آلو بخارا 7 دانہ، عناب 9 دانہ

گاؤزبان 6 ماشہ، تخم کاسنی ایک تولہ، املی ڈھائی تولہ، سناء مکی 4 ماشہ، مصری حسب ضرورت یہ ایک پڑیہ کا وزن ہے۔

**طریق استعمال:** موسم گرما میں ڈیڑھ پاؤ پختہ پانی میں ایک پڑیہ رات کو تر کر دیں۔ صبح پانی نکال کر مصری ملا کر استعمال کرائیں۔ پھر اسی ثفل میں پاؤ کے قریب اور پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔

موسم سرما میں 9 چھٹانک پانی ڈال کر جوش دیں۔ جب تہائی کے قریب رہ جائے تو سرد کر کے مل چھان کر مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔ شام کو اسی ثفل میں پھر اسی قدر پانی ڈال کر حسب دستور جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔

**اضافہ:** صبح و شام دوائی پلاتے وقت اگر پوٹاشیم آیوڈائیڈ 2 رتی ملا لی جائے تو یہ نسخہ زیادہ موثر بن جاتا ہے۔ مگر دوائی سے ایک گھنٹہ بعد مرغن لقمہ حلوہ یا چوری کھلا دینی چاہئے۔ یا دودھ اور گھی ملا کر پلایا جائے تاکہ خشکی پیدا نہ ہو۔

## (340) صندل پوڈر

**اسناد:** حضرت استاذنا مخدومنا فاضل اجل عالم تبحر مولانا بالفضل اولینا جناب مولوی نور الدین صاحب مدارس عربیہ ریاست بہاولپور کا عطیہ ہے۔

**منافع:** خارش، پھوڑے، پھنسیاں، خرابی خون ہر قسم کے لئے ہزاروں مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ اور مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ کم خرچ بالانشین کی مثال اس پر صادق آتی ہے اور فوائد میں بھی اعلیٰ وارفع ہے۔ بہت مفید چیز ہے۔

**اجزاء:** بورہ صندل سفید، بورہ صندل سرخ، کچور، گیرو، مجیٹھ، برگ نیم، برگ حنا، ملٹھی ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت و استعمال:** سفوف تیار کریں۔ چرائتہ، عشبہ ہر ایک تین ماشہ باریک کر کے رات کو ڈیڑھ چھٹانک پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لے کر شہد سے میٹھا کر کے ڈیڑھ ماشہ صندل پوڈر کھلا کر اوپر سے زلال مذکور پلائیں۔ اس طرح شام کو استعمال کرائیں۔ غذا مرغن استعمال کریں۔

## (341) کشتہ آملہ سار

**اسناد:** پنجاب کے مشہور طبیب حکیم الہ دین صاحب بھیروی کا معمول مطب ہے۔ اور ان کے خاص الخاص نسخہ جات میں سے ہے۔ میں نے اس کا تجربہ کیا۔ فی الحقیقت خون صاف کرنے کے واسطے بہت عجیب شے ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ اور ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** آملہ سار قریباً پانچ تولہ لے کر باریک کر کے گھی سے چپڑ کر لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو گائے کے قریباً آدھ سیر دودھ میں ڈالیں۔ جب سرد ہو

جائے تو نکال کر باریک کر کے پھر گھی سے چیڑ کر لوہے کی کڑچھی میں پگھلا کر حسب دستور دودھ میں ڈالیں۔ اسی طرح گیارہ دفعہ عمل کریں۔ مگر دو تین بار کے بعد دودھ بدل دیا کریں۔ اور ہر دفعہ گھی سے چیڑا کریں۔
پھر گیارہ دفعہ اسی طرح پگھلا پگھلا کر روغن زرد میں ڈالیں۔ بعدہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ یہ بیس تولہ 11 دفعہ کے لئے کافی ہے۔

**طریق استعمال:** دو رتی سے چار رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (342) اکسیر خارش خصیہ

**اسناد:** مکرمی ڈاکٹر عطاء اللہ صاحب نے تیار کر کے کئی مریضوں پر تجربہ کیا ان کا بیان ہے کہ اس سے خارش خصیہ کے دو ایسے مریض شفایاب ہوئے۔ جو اور کسی دوائی سے شفایاب نہیں ہوئے تھے۔ نیز خارش بدن اور آتشک کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

**اجزاء:** سنکھیا سفید، شنگرف رومی، کیلومل، نیلہ تھوتھہ، رسکپور ہر ایک ایک تولہ، شیر مدار (آک) آب لیموں ہر ایک دس تولہ۔

**ترکیب ساخت:** پانچوں خشک اشیاء کو شیر مدار اور آب لیموں سے کھرل کریں۔ پھر دو پیالوں میں ڈال کر حسب دستور جوہر اڑا دیں۔

**طریق استعمال:** دو تولہ مصری پیس کر اس میں ایک رتی جوہر ملا کر اس کی 24 پڑیہ باندھ لیں۔ ایک پڑیہ صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا مرغن کھلائیں۔

## (343) مطبوخ مصفی خون

**منافع:** خارش، پھوڑے، پھنسیاں تمام وہ امراض جو خرابی خون کی وجہ سے پیدا ہوئی ہوں اور تصفیہ خون کے لئے معمولی ہے۔

**اجزاء:** چرائتہ، پاپڑہ (شاہترہ) بورہ صندل سرخ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچ تولہ۔

**ترکیب ساخت:** چرائتہ اور ہلیلہ سیاہ کو نیم کوب کر لیں پھر سب اشیا ملا کر اس کے دس حصے کر لیں۔

**طریق استعمال:** ایک حصہ رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر شہد دو تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔ اسی طرح دس دن تک استعمال کرائیں۔

## (344) روغن اکسیر داد (دہدری)

**منافع:** اس روغن کا خراب سے خراب حالت والے مریضوں پر تجربہ کیا گیا۔ جو مختلف علاجوں سے مایوس ہو چکے تھے۔ جن کے تمام بدن پر دھدری پھیل چکی تھی اور سفید چھلکے اترتے تھے۔ ان کے لئے یہ روغن اکسیر اور بے خطا ثابت ہوا۔ نیز چنبل کو مفید ہے۔

**اجزاء:** پوست نارجیل یعنی گری کھوپہ کا بالائی سخت چھلکا آدھ سیر، نیلہ تھوتھا، چونہ آب نارسیدہ، سہاگہ

ہر ایک 10 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دواؤں کو نیم کوب کر کے روغن کنجد ڈیڑھ چھٹانک سے چرب کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈال کر حسب دستور روغن کشید کریں۔

**طریق استعمال:** دن میں دو دفعہ مالش کریں۔ بہتر ہے اس کے ساتھ مطبوخ 343 یا اکسیر مصفی خون 339 بھی استعمال کرائیں۔

نوٹ: دھدری کا ایک آسان مجرب بے خطا نسخہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہے۔

## (345) روغن اکسیر خارش نمبر①

**منافع:** ایک شخص کو تمام بدن پر خارش اور چھوٹی چھوٹی پھنسیاں پیدا ہو گئیں۔ ہر چند فصد اور مسہل اور پینے کی دوائیں استعمال کیں۔ لیکن کسی علاج سے فائدہ نہ ہوا۔ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ تین سال تک اسی مرض میں مبتلا رہا۔ آخر اس روغن کی مالش سے ایک ہفتہ میں شفایاب ہوا۔

**اجزاء:** روغن کنجد 1 پاؤ، پارہ، گندھک، آملہ سار ہر ایک 8 ماشہ، نیلہ تھوتھا 18 ماشہ، چوک منڈھی 9 ماشہ، مردار سنگ ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سیماب، گندھک اور آملہ سار کو ملا کر ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ باقی ادویہ الگ الگ باریک کر کے سب اشیاء کو روغن کنجد میں ملا لیں۔

**طریق استعمال:** حسب دستور روزانہ مقام خارش پر مالش کرائیں۔

## (346) روغن اکسیر خارش نمبر②

**منافع:** یہ روغن بھی خارش کے دور کرنے میں بے مثل ہے۔ کئی مریضوں کو اس سے شفا ہوئی ایک خوبی کا نسخہ ہے۔

**اجزاء:** مردہ سنگ، سفیدہ قلعی، منجھل، نیلہ تھوتھا، خاکستر عناب، خاکستر چوب دھراکھ ہر ایک ایک تولہ، رسکپور 4 ماشہ، خاکستر نارجیل، آملہ سار ہر ایک 2 تولہ، جوکھار، سندھور ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ روغن کنجد پاؤ پختہ، سرکہ پاؤ پختہ دونوں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب سرکہ جل جائے تو ادویہ مذکورہ بالا ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** حسب دستور مالش کریں۔ غسل کی ضرورت ہو تو دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے غسل کریں۔

## (347) حب برائے خارش

**منافع:** تمام اقسام خارش کے لئے مفید، نیز مصفی خون ہیں۔

**اجزاء:** عشبہ 7 تولہ، چرائتہ، شاہترہ ہر ایک پانچ تولہ، چرائتہ، سناء مکی ہر ایک ڈھائی تولہ، چوب چینی ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے حبوب بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**طریق استعمال:** دو دو گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (348) جوہر اکسیر آتشک

**منافع:** اس اکسیر سے چار روز میں آتشک کی بیخ کنی ہو جاتی ہے۔ آتشک کے ہر درجہ میں خواہ زہریلا مادہ اور ہر مزاج میں بے خطا ثابت ہوئی ہے۔ یقیناً اس کی موجودگی میں آتشک کی کسی اور دوائی کی ضرورت نہیں رہتی۔

نیز تمام امراض سوداوی مثلاً خنازیر و جذام کو فائدہ دیتی ہے۔ نہایت بے ضرر اور بھروسہ کی چیز ہے۔ سینکڑوں دفعہ کی مجرب ہے۔ آتشک سے جو گنٹھیا پیدا ہو جاتا ہے اس کو بھی مفید ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** دارچکنا، رسکپور، سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ، شراب برانڈی یا کیلہ دس تولہ میں کھرل کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔

**طریق استعمال:** ایک چاول کیپسول یا منقہ میں بند کر کے یا مکھاں اور شہد کی گولی بنا کر اس میں رکھ کر نگلوائیں۔ یاد رہے کہ دوائی منہ میں نہ لگنے پائے نیز بہتر ہے کہ پہلے کوئی چیز کھلا کر استعمال کرائی جائے۔ صرف ایک وقت استعمال کرانا کافی ہے۔

جوہر اڑانے کا طریقہ نسخہ 257 میں درج ہے۔

## (349) گولیاں برائے آتشک

**منافع:** یہ گولیاں آتشک کے لئے نہایت مجرب اور آزمودہ نیز نہایت آسان ہیں۔

**اجزاء:** بھلاوہ بے کلاہ، جوائن خراسانی، پوست ہلیلہ کابلی، موصلی سفید، موصلی سیاہ، طباشیر، زراوند مدحرج، تخم حنظل ہر ایک 4 ماشہ، سیماب 4 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** اول سیماب اور بھلاوہ کو کھرل کریں جب یک ذات ہو جائیں تو دوسری ادویہ باریک کر کے ملا دیں اور کھرل کریں۔ پھر گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**طریق استعمال:** پانچ گولی ہمراہ شربت ذیل، املی، شاہترہ، بورہ صندل سفید، بورہ شیشم ہر ایک دو تولہ، مصری ایک پاؤ، حسب دستور شربت تیار کریں۔ غذا نان گندم بے نمک بمعہ روغن گاؤ یعنی چوری بنا کر استعمال کرائیں۔

## (350) گولیاں آتشک نمبر ②

**منافع:** اس سے نہ منہ آتا ہے اور نہ ہی اسہال آتے ہیں نہایت مفید اور کم خرچ بالا نشین ہیں۔ جو ایک کہنہ بیاض سے دستیاب ہوا۔

**اجزاء:** رسکپور سالم ڈلی ایک تولہ، فلفل سیاہ سات ماشہ، لونگ 100 عدد۔

**ترکیب ساخت:** اول رسکپور کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ بعدہ دیگر ادویہ کوٹ چھان کر سب کو ملا

کھرل کرکے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کرلیں۔
طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا نان گندم مرغن۔

## (351) علاج آتشک وجذام

فوائد: اس سے پانچ چھ دن میں سخت سے سخت مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ سینکڑوں مریض (جو اپنے آپ کو مایوس سمجھتے تھے) اس اکسیر کے استعمال سے شفایاب و بامراد ہوئے۔
اجزاء: دار چکنا چھ ماشہ، رسکپور 1 ماشہ، سندھور، نمک سانبھر ہر ایک 4 ماشہ۔
ترکیب ساخت: تمام ادویہ الگ الگ باریک کرکے آب گھیکوار یعنی کوار گندل میں کھرل کرکے دو گولیاں میں بطور معروف جوہر اڑائیں۔
طریق استعمال: ایک چاول بھر منقی میں رکھ کر نگلوائیں اوپر سے عرق سونف 12 تولہ پلائیں۔ اس نسخہ کی تصدیق ہو چکی ہے۔

## (352) مرہم برائے زخم آتشک نمبر①

فوائد: یہ مرہم آتشک کے زخموں کے لئے ازحد مفید ہے اور معمول مطب ہے۔
اجزاء: سپاری، کوڑی زرد سوختہ، مردار سنگ، رسکپور ہر ایک تین ماشہ، کتھ پاپڑیہ 6 ماشہ، مسکہ گاؤ تین تولہ۔
ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک کھرل کرکے مسکہ گاؤ میں ملا کر مرہم بنالیں۔
طریق استعمال: حسب دستور کپڑے پر لگا کر زخموں پر لگایا کریں۔

## (353) مرہم برائے زخم آتشک②

اجزاء: مردار سنگ، مازو، سہاگہ بریاں، آملہ خشک ہر ایک چھ ماشہ، سپاری سوختہ ڈھائی عدد، مسکہ گاؤ تین تولہ۔
ترکیب ساخت: خشک ادویہ باریک پیس کر مکھن میں ملالیں۔ بس تیار ہے۔
طریق استعمال: ململ کے کپڑے پر لگا کر زخموں پر لگائیں۔

## (354) اکسیر خارش تر (پاں)

فوائد: جس میں بدن پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ اور کھجلی شدت کی ہوتی ہے۔ پنجابی زبان میں پاں کہتے ہیں۔ اس کے لئے یہ نسخہ نہایت قیمت اور آسان ہونے کے علاوہ فائدہ میں بے مثال ہے مرض مذکور کو تین دن میں نیست و نابود کر دیتا ہے۔
اجزاء اور ترکیب ساخت: گندھک ڈھائی تولہ، چونہ ان بجھ حسب ضرورت گندھک کو باریک پیس کر اور چونہ کو ایک برتن میں ڈال کر اس پر احتیاط سے پانی ڈالتے جائیں۔ جب دھواں نکلنا موقوف ہو

جائے اور چونہ پھول جائے تو پانی ڈالنا بند کر دیں۔ اس میں سے ڈھائی تولہ لے کر دونوں اشیاء کو ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر اس میں ایک بوتل پانی ڈالیں اور آگ پر چڑھائیں جب ایک پاؤ باقی رہ جائے تو آتار کر ٹھنڈا کر کے پانی کو احتیاط سے نتھار کر بوتل میں بند کر کے رکھیں۔

**طریق استعمال:** جائے خارش کو گرم پانی سے دھو کر اور خشک کر کے اس عرق کو روئی وغیرہ سے تھوڑا تھوڑا لگائیں۔ روزانہ استعمال کریں۔

## (355) خارش و مواد آتشک

**منافع:** آتشک کی خارش اور زخموں کے واسطے مفید ہے۔

**اجزاء:** سکہ، سیماب، ہڑتال ورقی ہر ایک دس درہم۔

**ترکیب ساخت:** ہڑتال ورقی باریک کھرل کریں۔ سکہ کو کٹھالی میں گلا کر اس میں سیماب اور ہڑتال باریک شدہ ڈال دیں تاکہ ٹکی سی بن جائے۔ پھر کھرل میں ڈال کر خوب پیسیں۔

**طریق استعمال:** مکھن کو سو دفعہ پانی سے دھو کر بقدر ضرورت ملا کر خارش یا زخموں کی جگہ پر طلا کریں۔

## (356) دوائے خارش ہر قسم

**منافع:** جو کہ خارش کے دفعیہ کے لئے نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ جن مریضوں کو مسہل وغیرہ سے فائدہ نہ ہو۔ اس روغن کی مالش سے پہلے حد دوسرے تیسرے دن فائدہ ہو جاتا ہے۔ اور ایک ہفتہ کے اندر پورا آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ کنیر سفید خشک 2 تولہ، گندھک ایک تولہ کو باریک پیس کر روغن سرسوں پانچ تولہ میں ملا کر نرم آگ پر جوش دیں۔ جب سب اشیاء جل کر مرہم سی بن جائے تیار ہے۔

**طریق استعمال:** رات کے وقت خارش کی جگہ پر مالش کر کے صبح گرم پانی سے غسل کریں۔

## (357) غرغرہ برائے آتشک و جوش دہان

**اجزاء:** خطمی، خبازی، بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** دو پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل کر چھان لیں۔

**طریق استعمال:** حسب دستور غرغرے یعنی کلیاں کرائیں۔

## (358) دوائے چنبل ①

**منافع:** یہ دوا ہر قسم کے کہنہ سے کہنہ چنبل کے لئے نہایت مفید ہے۔

**اجزاء:** سلوف ریٹھہ، گندھک ہر ایک ایک تولہ، زنگار ایک ماشہ، صمغ عربی (گوند کیکر) 6 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو باریک کر کے کاغذی لیموں کے رس میں کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

**طریق استعمال:** جس قدر درکار ہو تھوڑے سے پانی میں حل کر کے طلاء کریں۔ روزانہ لگایا کریں۔

## (359) دوائے چنبل

**منافع:** یہ نسخہ ایک سیاح سے حاصل ہوا۔ جو چنبل کے لئے نہایت اچھی چیز ہے۔ اس سے تین چار دن تک کلی آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز تخم پلاس یعنی ججھرہ حسب ضرورت لے کر آب لیموں میں خوب گھوٹ کر کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** جس قدر ضرورت ہو اس میں سے لے کر دوبارہ آب لیموں میں کھرل کر کے لگایا کریں۔ روزانہ تازہ تیار کر کے استعمال کرائیں۔ ساتھ ہی یہ شربت بھی تیار کر کے صبح و شام 4 تولہ استعمال کرائیں۔

عناب 10 تولہ، چرائتہ 5 تولہ، عشبہ، شاہترہ، منڈی بوٹی ہر ایک ڈھائی تولہ، مصری تین پاؤ حسب دستور شربت تیار کریں۔

## (360) مرہم اکسیر خنازیر (ہنجیراں)

**منافع:** مرہم خنازیر جیسی بدترین مرض کے استیصال کے لئے لاجواب ثابت ہوئی ہے۔ جس کے صرف آٹھ دن استعمال کرانے سے ہی خنازیر کی گلٹیاں نکل کر پوری شفا ہو جاتی ہے۔ اور پھر مرض عود نہیں کرتا۔ شرطیہ مفید ہے۔ جو اپنے ایک محترم دوست سے حاصل کر کے درج کیا جاتا ہے۔ اس کا تجربہ کر کے مجھے بھی اطلاع دیں۔

**اجزاء:** سم الفار سفید، شنگرف، دار چکنا، رسکپور، نیلہ تھوتھا، زنگار، افیون، ہڑتال ورقی ہر ایک 2 ماشہ، بھنگڑی، بابچی، نوشادر، مردار سنگ، سوہن مکھی، آملہ سار، کتھہ ہر ایک 6 ماشہ استخواں مردہ 2 تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر خوب کھرل کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** جس قدر درکار ہو روغن زرد میں ملا کر کھدر کے کپڑے پر لگا کر زخموں پر چسپاں کریں۔ اسی طرح روزانہ لگایا کریں۔ آٹھ دن کے بعد مکھن کو سو دفعہ پانی میں دھو کر لگاتے رہیں۔ تاکہ زخم اچھے ہو جائیں ساتھ خوردنی نسخہ جات میں سے بھی کوئی نسخہ استعمال کرائیں تو بہتر ہے۔

**نوٹ:** یہ مرہم بعض اوقات نازک مزاجوں کو کسی قدر تکلیف دیتی ہے۔ مگر گلٹیاں نکل کر خنازیر کا نشان نہیں رہتا۔ مرہم خنازیر ایک نسخہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہو چکا ہے۔ جو کہ یقیناً فیاضی طبع کا آئینہ ہے۔ وہ ذرہ بھر بھی تکلیف نہیں دیتا۔ اور شرطیہ حکمیہ مفید ہے۔

## (361) دوائے خنازیر مجرب ①

**اسناد:** حضرت استاذیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کے بیاض خاص کا نسخہ ہے۔ نہایت مختصر آسان مجرب المجرب ہے۔

**منافع:** خنازیر کے مادہ کو خارج کرتی اور اسے جڑ سے نکالتی ہے۔

**اجزاء:** تردی، زنجبیل (سونٹھ) ہر ایک پانچ تولہ، کھانڈ سفید دس تولہ۔

**ترکیب ساخت:** الگ الگ باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

**طریق استعمال:** سات ماشہ صبح ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (362) دوائے خنازیر مجرب ②

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم سرس (شریں) حسب ضرورت لے کر باریک کوٹ کر دو چند شہد میں ملا لیں۔ پھر اس کے برابر معجون کچلہ ملا کر رکھ لیں۔

**طریق استعمال:** تین ماشہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

## (363) علاج خنازیر ③

**منافع:** یہ طریق علاج خنازیر کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہمارا معمول و مجرب ہے ایک جامع الاوصاف نسخہ ہے۔

**اجزاء:** جدوار، فلفل سیاہ ہر ایک پانچ تولہ۔

**ترکیب ساخت:** ان کو الگ الگ خوب باریک کر کے ملا لیں۔

**طریق استعمال:** چھ ماشہ سفوف کو رات کے وقت دس تولہ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح گھوٹ چھان کر مصری دو تولہ ملا کر پلائیں۔ ثفل میں پانی ملا کر خوب گھوٹ کر زخموں پر طلا کریں۔

## (364) کالی دوا دافع جملہ امراض باردہ

**منافع:** اوجاع مفاصل (جوڑوں کے درد) امراض باردہ مثلاً لقوہ فالج، استرخا، تشنج، کزاز تمدد، درد ریح، درد بدن کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک خاص نسخہ ہے جو افادہ عام کے لئے درج کیا جاتا ہے۔ لطف یہ کہ بالکل آسان ہے۔

**اجزاء:** قلعی، پارہ، ہڑتال ورقی، میٹھا تیلیہ ہر ایک چھ ماشہ، ترپھلہ، ترکٹہ ہر ایک دو تولہ۔

**ترکیب ساخت:** قلعی کو لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر پگھلائیں۔ جب خوب پگھل جائے تو آگ سے اتار کر احتیاط سے پارہ ملا دیں۔ باقی اشیاء کو الگ الگ باریک کریں۔ پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** ایک رتی سے دو رتی تک ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر مرض کا غلبہ ہو تو طبیب موقعہ و محل و ضرورت کو مد نظر رکھ کر دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کرا سکتا ہے۔ گڑ، تیل، مچھلی سرد اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (365) ٹکور ضربہ و سقطہ

**منافع:** ضربہ و سقطہ (چوٹ) اور ورم و درد جو ضربہ و سقطہ کی وجہ سے ہو اس ٹکور کے استعمال سے بہت

جلد دور ہو جاتا ہے۔ بہت سریع الاثر ترکیب ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نارجیل کہنہ، کھوپہ گری، تخم دھتورہ ہر ایک 2 تولہ، زرد چوب (ہلدی) 2 ماشہ الگ الگ باریک کر کے موم سفید ڈیڑھ تولہ ملا کر خوب کوٹیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔ پھر اس کے دو حصے کر کے الگ الگ کپڑے میں باندھ لیں۔ یعنی دو پوٹلیاں بنا لیں۔

**طریق استعمال:** روغن کنجد کو کڑچھی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں اور ایک پوٹلی کو اس میں ڈال دیں۔ جب گرم ہو جائے تو ٹکور کرنی شروع کریں اور دوسری پوٹلی کو کڑچھی میں رکھ دیں۔ جب ایک پوٹلی ٹھنڈی ہو جائے تو اس کو کڑچھی میں رکھ دیں اور دوسری سے ٹکور کریں۔ اسی طرح باری باری سے پندرہ بیس منٹ تک ٹکور کریں۔

## (366) دوائے ماشرا ①

**اجزاء و طریق استعمال:** خوب کلاں، اسبغول ہر ایک 10 ماشہ، ہمراہ شربت صندل تین تولہ، عرق گلاب چھ تولہ استعمال کرائیں۔

## (367) دوائے ماشرا ②

**اجزاء و طریق استعمال:** طباشیر، پودینہ ہر ایک سات ماشہ، گل سرخ 4 ماشہ، کافور 4 رتی، سفوف بنا کر دو خوراک بنا دیں۔ ایک ایک خوراک صبح و شام ہمراہ آب انار ترش تین تولہ استعمال کرائیں۔

## (368) تریاق مار گزیدہ

**اسناد:** محترم دوست حکیم صوفی عبدالمجید صاحب سیفی ساکن سدہ کمبوہ، ضلع شاہ پور کا عطیہ ہے۔

**منافع:** مار گزیدہ اور سگ گزیدہ اور ذات الجنب کے لئے حکیم صاحب کا مخفی نسخہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنکھ ایک پاؤ کا ٹکڑا لیں اور آدھ پاؤ افیون کو پانی میں گھول کر گاڑھا ضماد بنا کر سنکھ کے ٹکڑا پر ضماد کر کے کسی مٹی کی ڈولی یا لوٹہ میں رکھ کر اس پر ایک بوتل شراب برانڈی درجہ اول ڈال کر چپنی سے منہ بند کر کے تمام برتن پر خوب گل حکمت کر دیں اور خشک ہو جانے کے بعد ہوا سے بچا کر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب خوب سرد ہو جائے تو جو کچھ برتن میں ہو نکال کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** ذات الجنب میں بقدر نصف ماشہ دوائی کھلا کر شربت بنفشہ دو تولہ عرق سونف دو تولہ ملا کر پلا دیں۔ یا شہد میں ملا کر چٹائیں یا کسی جوشاندہ وغیرہ کے ساتھ استعمال فرمائیں۔ بلا فصد فائدہ ہو گا۔ ضرورت کے مطابق دن میں دو یا تین خوراک دیں۔

سگ گزیدہ کے لئے ایک ماشہ ہمراہ آرد گندم بریاں اور مار گزیدہ کے لئے ایک ماشہ ہمراہ گھی استعمال کرائیں۔ دن میں دو خوراک استعمال کرا سکتے ہیں۔

## (369) اکسیر الصبیان دافع چھارو

**منافع:** بچوں کے مرض چھارو کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ ان کے خرابی خون کے تمام امراض اور ضعف ہضم کو مفید ہے۔ اس سے بدن کے پھوڑے، فساد خون چھارو وغیرہ کے تمام عوارض کو یقیناً فائدہ ہوتا ہے۔ چھارو کا ایک مخفی نسخہ ہے۔

**اجزاء:** آملہ سار، الائچی خورد، گل سرخ ہر ایک ایک تولہ نیلہ تھوتھا ایک ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب اشیاء کو الگ الگ باریک پیس کر خوب کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

**طریق استعمال:** ایک چاول سے چار چاول تک مطابق عمر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (370) اکسیر آتشک

**منافع:** ہمارے ہاں ایک سائیں صاحب نے یہ نسخہ تیار کر کے بہت شہرت حاصل کی۔ دو چار مریض اچھے ہوئے۔ بڑی جدوجہد کے ساتھ ان سے یہ نسخہ حاصل کیا۔ فی الواقعہ نہایت اکسیر چیز ہے جو اپنے مہربانوں کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ اس سے کئی مریض صحت یاب ہوئے۔ نسخہ نہایت آسان اور مجرب ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پارہ، رسکپور، دار چکنا ہر ایک تولہ تولہ، باریک کر کے ایک چینی کے پیالہ میں ڈال کر اس پر تیزاب گندھک دس تولہ ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب تیزاب خشک ہو جائے اتار کر دو تین دفعہ پانی میں دھو کر صاف کریں۔

**طریق استعمال:** دو چاول، حلوہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ پہلے کوئی چیز کھلا لیں۔ غذا دال مونگ، دال ماش مرغن یا چوری مرغن وغیرہ دوا صرف ایک وقت کافی ہے۔ ترش اور تیل والی اور بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (371) ضماد چنبل

**منافع:** یہ ضماد چنبل کے دفعیہ کے لئے نہایت بے خطا ہے۔ اس کے تین دفعہ ضماد کرنے سے ہی چنبل کا نام و نشان تک نہیں رہتا۔ اور مرض دوبارہ عود نہیں کرتا۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** رسکپور، دار چکنا ہر ایک چار رتی کھرل میں ڈال کر ایک تولہ سرکہ سے کھرل کر کے ضماد تیار کر لیں۔

**طریق استعمال:** چنبل کے مقام پر ضماد کریں۔ امنٹ کے بعد اتار کر روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ ہفتہ کے بعد پھر تیار کر کے لگائیں اور روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ اسی طرح تین دفعہ استعمال کریں۔ ہر دفعہ درمیان میں ایک ہفتہ وقفہ کریں اور تیل چنبیلی لگاتے رہیں۔ تاکہ زخم وغیرہ درست ہو جائیں۔

# متفرقات

## (372) ٹنکچر آیوڈین

**منافع:** ہمارے مطب میں ہمیشہ استعمال ہوتا ہے۔ ضربہ سقطہ یعنی چوٹ کی تکلیف درد وورم کے لئے نہایت مفید ہے۔ یعنی چوٹ ہر قسم پر لگانے سے ورم کو زائل کر دیتا ہے اور دو تین دن تک درد کو آرام آ جاتا ہے۔

**اجزاء:** آیوڈم، پوٹاشیم آیوڈائیڈ ہر ایک پانچ ماشہ، سپرٹ میتھی لیٹڈ پانچ چھٹانک پانی ایک تولہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو ایک بوتل میں ملالیں۔ اور خوب ہلائیں۔ تاکہ آپس میں خوب مل جائیں۔

**طریق استعمال:** روئی کے ذریعہ درد اور ورم پر لگائیں۔

## (373) حابس الدم

**منافع:** نفث الدم، بول الدم، خون بواسیری، نکسیر، قے الدم ہر قسم کے جریان خون کے لئے بے حد مفید ہے۔ خواہ جس اندرونی عضو سے خون جاری ہو۔ اس اکسیر کی چند خوراکوں سے آرام آجاتا ہے۔

**اجزاء:** دم الاخوین، کہربائے شمعی، دانہ الائچی خورد ٹینک ایسڈ، گیلک ایسڈ ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** چھ رتی سفوف ایک تولہ شربت انجبار میں ملا کر صبح وشام استعمال کرائیں۔

## (374) حابس خون ہر قسم

**اجزاء و ترکیب استعمال:** کتھ سفید باریک پیس کر ایک ایک ماشہ صبح وشام پانی سے پھنکادیں۔

## (375) تریاق زہر سنکھیا

**اجزاء و ترکیب استعمال:** کتھ گلابی ایک ماشہ باریک پیس کر پانی میں گھول کر پلائیں۔ فی الفور آرام ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

## (376) دوائے مار گزیدہ

**اجزاء:** سنکھیا سفید تین ماشہ، ریوند خطائی 6 ماشہ ہلیلہ سیاہ 4 ماشہ۔

**ترکیب ساخت:** سب اشیاء کو الگ الگ باریک کر لیں۔ پھر ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب اچھی طرح یکذات ہو جائیں۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال:** پہلے کوئی چیز کھلا کر اس کی ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ بعد میں دودھ آدھ سیر گھی دو تولہ مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔

## (377) شفاء اطفال

**منافع:** بچوں کے ضعف ہضم، قے، دست، ضعف معدہ، تپ، اپھارہ، کثرت ریاح، باؤ گولہ کی نایاب دوا ہے۔ اس کے استعمال سے بچہ کی صحت قائم رہتی ہے۔ اور وہ ہمیشہ خوش و خرم رہتا ہے۔

**اجزاء:** عرق سونف عرق سویا ہر ایک دس تولہ، سوڈا بائی کارب 6 ماشہ، مصری ڈیڑھ پاؤ، رنگ سرخ شربتی بقدر ضرورت۔

**ترکیب ساخت:** سوڈا اور عرقیات اور مصری کو قلعی شدہ دیگچہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور چمچے سے ہلاتے رہیں۔ جب قوام شربت کا تیار ہو جائے تو رنگ سرخ کو قدرے پانی میں مل کر کے ملا دیں اور نیچے اتار کر سرد کر کے بوتل میں ڈالیں۔

**طریق استعمال:** تین ماہ کے بچہ کو نصف چمچہ خورد چھ ماہ کے لئے ایک چمچہ 9 ماہ کے لئے دو چمچہ۔ علی ہذا القیاس بڑھاتے جائیں۔ دن میں دو بار پلائیں۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو دن میں تین بار استعمال کرائیں۔

## (378) دوائے عقرب گزیدہ

**منافع:** بچھو کاٹے کا نہایت آسان دوا ہے۔ اکثر اس سے آناً فاناً آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزاء و ترکیب استعمال:** چونہ آب نارسیدہ نوشادر تولہ، دونوں دوا علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ کر پانی کے دس بارہ قطرے ڈال کر دونوں ہاتھوں سے خوب ملیں۔ اور فوراً عقرب گزیدہ شخص کو درد کی مخالف طرف ناک میں سونگھائیں۔ زور سے اوپر کو نسوار کی طرف کھینچے جب دوا کا اثر دماغ تک پہنچے گا تو درد کو آرام ہو جائے گا۔ اگر ایک دفعہ سونگھنے سے آرام نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ اسی دوائی کو ہاتھوں میں مذکورہ بالا طریقہ سے مل کر نسوار کی طرح سونگھیں۔ اسی طرح ایمونیا کارب والی شیشی کا کارک جدا کر کے سونگھانے سے آرام ہو جاتا ہے۔ فقط **وما توفیقی الا باللہ**

# تمت

# ضمیمہ

## الف

## سندات

مجربات سلطانی حصہ دوم کے متعلق جو تعریفی خطوط ہمیں موصول ہوئے ہیں ان سے چند ایک بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں۔ تمام تصدیقات یہاں درج کرنے کی گنجائش نہیں۔

جناب حکیم غلام محمد صاحب کامل طب و جراحت طبیب ڈسٹرکٹ بورڈ چک نمبر 328 گ ب براستہ

شور کوٹ ضلع لائل پور۔ مجربات سلطانی حصہ دوم چھ ماہ سے زیر مطالعہ رہتی ہے۔ آپ کے مجربات واقعی بے نظیر ہیں۔ خصوصاً دیہاتی پبلک کے لئے ایک نعمت ہیں۔ ایسے کم خرچ بالانشین نسخہ جات دیگر کتب میں بہت کم دستیاب ہوتے ہیں۔ آپ کا ہر ایک نسخہ آپ کی خلوص نیتی کا مظہر ہے۔ خدا آپ کو ایسے نیک کام کے صلہ میں اجر عظیم عطا کرے۔

جناب حاذق العصر حکیم محمد یحیٰ صاحب صدر دائرہ طبیہ راولپنڈی۔ مجربات سلطانی حصہ دوم کے مجربات سینہ کے مخفی راز ہیں میں آپ کی نیک نفسی کی داد دیتا ہوں اور ہر دو حصہ کی ترغیب دیتا ہوں کیونکہ مجربات سلطانی حصہ دوم **بمصداق** ع نقاش نقش ثانی بہتر کشد ز اول مجربات سلطانی حصہ اول سے کہیں بڑھ کر مفید و قابل تحسین ہے۔ اور دونوں کتابیں ایک مخصوص امتیاز کی مالک ہیں جو کبھی کبھی لکھی اور چھاپی جاتی ہیں۔

حکیم اللہ دتہ صاحب سیال چاہ بلوچ والا موضع دہولکہ ڈاکخانہ کوٹ عیسیٰ شاہ ضلع جھنگ محترم حکیم صاحب اپنے مجربات سلطانی حصہ اول و دوم لکھ کر ہم لوگوں پر بڑا احسان کیا اور بخیلوں کو شرمایا ہے جو ایسے مجربات سینہ میں لے جاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ آپ کو اجر بخشے۔

جناب حکیم گل حسین صاحب مقام چھوکر کلاں ضلع گجرات' مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے ساٹھ نسخے تجربہ کئے مفید پائے آپ نے طبقہ اطباء پر احسان عظم کیا ہے۔ جس نے کتاب دیکھی تعریف کی۔

جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب مقام فاضل والا ضلع جالندھر۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے نسخہ جات کو حروف بحرف درست پایا اپنے طبی دنیا پر احسان عظیم فرمایا ہے۔ حصہ سوم مرتب ہونے پر بھیج دیں۔

جناب حکیم محمد انور صاحب اعجاز چشتی مدہ کھوکھر براستہ اٹاری - امرت سر۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم واقعی ایک لاجواب کتاب اور تحفہ ہے۔ آپ نے بخل کو نزدیک نہیں آنے دیا جو نسخہ جات ازمائے کبھی خطا نہیں گئے۔

جناب حکیم محمد بخش حجرہ شاہ مقیم ضلع منٹگمری۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں جس طرح آپنے گوہر نایاب درج کئے ہیں اسے کوئی شخص دل کھول کر درج نہیں کرتا۔ آپ نے خلق خدا پر احسان عظیم کیا ہے۔

جناب حکیم عبدالرحیم صاحب ادیب الحکما دہلوی حال شام چوراسی ڈاکخانہ ماکو ضلع جالندھر۔ مجربات سلطانی ہر دو حصہ قابل قدر ہے میں نے تقریباً سو 100 نسخے انسے ازمائے صحیح ثابت ہوئے آپ نے اطباء پر بڑا احسان کیا ہے خداوند کریم آپکو اس کے عوض جزائے خیر عطا کرے حصہ سوم بھیجدیں۔

جناب حکیم حاذق مولوی جان محمد صاحب سمہ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے اکثر نسخے نہایت صحیح اور درست ثابت ہوئے جناب نے اپنے سینہ کے مخفی راز پبلک کے سامنے بلا بخل پیش کردیئے ہیں حصہ سوم بھیج دیں

جناب مینجر صاحب دفتر طلسمی دنیا شام کورٹ نیو تحصیل چونیاں ضلع لاہور۔ مجربات سلطانی ہر دو حصہ قابل ستائش ہے شکریہ۔ اللہ تعالے آپ جسے بخل شکن خادم خلق ہستیوں کو تادیر زندہ و سلامت رکھے۔

جناب حکیم رحمت اللہ صاحب بھوٹہ دامن ڈاکخانہ احمد پور لمہ ریاست بہاولپور۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں آپ نے جو جو نسخہ جات درج فرمائے ہیں بالکل بے بخل اور صحیح ہیں۔

جناب حکیم ڈاکٹر خدا بخش صاحب ایم. ایس. بی مستند دہلی چک نمبر 72 ضلع منٹگمری مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے نسخے آزمائے تیر بہدف ثابت ہوئے حصہ سوم بھیج دیں۔

جناب حکیم ڈاکٹر کریم بخش صاحب آڑہ اکبر شاہ ضلع مظفر گڑھ۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم بیشک مستغنی عن الوصف اور نہایت بیش قیمت اور جلیل القدر مجربات کا مجموعہ ہے جن کو قابل مصنف نے کامل جانفشانی اور کاوش کے بعد نہایت فراخدلی اور ایثار سے کام لیتے ہوئے پبلک کے پیش کیا ہے۔ ایسے قیمتی جواہرات اور بے نظیر نسخہ جات چشم زمانہ نے بہت کم دیکھے ہیں۔ فاضل مصنف نے یہ گنج شائگاں کوڑیوں کے مول لٹا کر بخل اور اخفا کا قفل توڑ دیا ہے جتلاشیان مجربات کے واسطے یہ ایک قدرتی عطیہ اور آسمانی تحفہ ہے۔

# ضمیمہ

## ب

## تجربات

مجربات سلطانی حصہ دوم اشاعت اول کے صفحہ 2 پر ضروری گذارش کے عنوان سے ناظرین کی خدمت میں استدعا کی گئی تھی۔ کہ آپ اس کتاب کے جن نسخہ جات کا تجربہ فرمائیں ان کی تصدیق و تکذیب کے متعلق اپنی آراء سے ہمیں آگاہ کرتے رہیں۔ تاکہ انہیں ضمیمہ کی صورت میں آئندہ اشاعت شائع کر دیا جائے اور مجربات سلطانی ہر سہ 3 حصہ کی صداقت اور خوبیوں ہر کہ و مہ کو صحیح طور پر علم ہو جائے اور یہ کتاب مسلمہ طبی فارماکوپیا تسلیم ہو جائے مگر نہایت افسوس۔ کہ سوائے چند حضرات کے کسی صاحب نے اس ضروری اور فنی فرض کی طرف توجہ نہیں فرمائی۔

اب ناظرین کرام کی خدمت میں مودبانہ التجا ہے کہ آئندہ وہ ہماری اس ضروری گذارش کو ہرگز ہرگز پس پشت ڈالیں۔ جن احباب نے تصدیقات بھیجی ہیں۔ ان کی تفصیل آگے ملاحظہ ہو۔ ایسے احباب کی فہرست بمعہ نام و پتہ وغیرہ حصہ اول میں درج ہے۔

# ضمیمہ (ج) تصدیقات

## امراض سر

نسوار درد شقیقہ نمبر23 (حکیم منظور حسن سندھ) پُریہ صحت نمبر18 (حکیم گل حسین شاہ) حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث) گرم دوا نمبر 67 حکیم گل حسین شاہ (حکیم محمد غوث) خمیرہ گاؤ زبان عنبری نمبر15 (حکیم سندر داس) دوائے درد سر نمبر16 (حکیم سندر داس) برائے عصابہ نمبر 19 حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث) شربت گاؤ زبان نمبر58 حکیم رحمت اللہ بھٹی داہن اکسیر تپ نمبر59 شروع مرض سے چار روز بعد حلوہ کا استعمال کرانے پر مفید ثابت ہوا۔

حکیم محمد غوث

کشتہ سم الفار نمبر64 رعشہ اور قوت باہ کے لئے بہت مفید ہے۔ (حکیم ملک محمد غوث) اکسیر مرگی نمبر66 مخفی نسخہ ہے (حکیم عبدالرشید)

حکیم محمد اسحاق)

اکسیر فالج ولقوہ نمبر68 فالج، لقوہ اور قوت باہ کے لئے مفید دوا ہے اور آسان ہے (حکیم ملک محمد غوث) چک نمبر56 (حکیم عبدالرشید)

## امراض چشم

اکسیر قروح قرنیہ نمبر70 (حکیم مقبول الرحمن جالندھری) سرمہ صوفیانہ نمبر78 (حکیم منظور احمد جالندھری) (حکیم محمد اسحاق)

## امراض بینی

اکسیر نکسیر نمبر84 (حکیم سندر داس) نسوار نکسیر نمبر85 (حکیم سندر داس) دوائے نکسیر نمبر89 (حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث)

## امراض دندان و حلق

اکسیر درد ڈاڑھ نمبر91 (حکیم وسوندھا سنگھ) حکیم گل حسین شاہ) حکیم امیر چند ناٹک چند) منجن مانخورہ نمبر94 (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد اسحاق)

اکسیر درد ڈاڑھ نمبر98 (حکیم عبدالرشید) حکیم منظور احمد) اکسیر خناق نمبر103 (حکیم مولوی علی لالہ موسیٰ (حکیم گل حسین شاہ) (حکیم سندر داس)

## امراض سینہ و پھپڑے

لعوق دمہ و کھانسی نمبر18 موسمہ کے تین مریضوں پر ازمایا مفید پایا (حکیم راجہ جہانداد خان)

حکیم محمد غوث

معجون کھانسی و زکام نمبر122 حکیم منظور حسین سندھ) حکیم سندر داس ذات الجنب دمہ سرفہ میں مفید ہے لال شربت نمبر115 اپنے فوائد میں محبوب روزگار ہے (حکیم رحمت اللہ بھٹے داہن) سو فیصدی مفید ہے (حکیم برہان الدین حکیم علی احمد (حکیم مولوی محمد لطیف) سفوف اکسیر اوجاع حکیم گل حسین شاہ حکیم محمد غوث حکیم محمد اسحاق حکیم منظور احمد حکیم عبدالرشید اکسیر ڈبہ نمبر 148 (حکیم سندر داس) تریاق نزلہ و زکام نمبر 119 (حکیم رحمت اللہ) پلستر ذالت الجنب نمبر 14 حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد) نسخہ عجیب نمبر 145 حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد) جوہر اکسیر دمہ نمبر129 (حکیم مولوی محمد لطیف (حکیم برہان الدین)

## امراض معدہ و امعاء مقعد

عرق ہاضم نمبر159 حکیم عبدالرشید حکیم محمد اسحق (حکیم محمد غوث) آب شفاء نمبر162 حکیم راجہ شاہ (ساٹھ مریضوں پر مفید ہو (حکیم گل حسین شاہ)

عرق سل نمبر164 (حکیم راجہ شاہ) گولیاں قبض کشاء نمبر169 حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد موسم گرما کا مسہل حکیم محمد انور حکیم عبدالرشید اکسیر اسہال سبز اطفال مبر181 حکیم ہوئی سنگھ گھٹی اطفال نمبر187 (حکیم رام دہن حکیم محمد غوث اکسیر اسہال نسخہ نمبر182 حکیم سوندھا سنگھ حکیم منظور حسن سندھ) مرہم بواسیر نمبر188 حکیم (حکیم سندر داس) حکیم عبدالرشید اکسیر حابس خون نمبر 195 (حکیم سندر داس) حکیم عبدالرشید)

علاج ہیضہ نمبر200 بیس مریضوں پر مفید ثابت ہوا (حکیم گل حسین شاہ) علاج ہیضہ نمبر 200 بیس مریضوں پر مفید ثابت ہوا حکیم گل حسین شاہ سو فیصدی مفید ہے (حافظ نور الٰہی ہیڈ کلرک) سینکڑوں مریضوں پر کامیاب سو فیصدی حکیم مانک خان ہمہ صفت موصوف ہے حکیم محمد غوث

## امراض قلب

اکسیر المسک نمبر201 میں فی خوراک ورق نقرہ کلان ایک عدد ملا کر کیپچٹ میں ڈال کر دیتا ہوں سو فیصدی مفید اور بزدلوں کی جان ہے۔ آگ پر پانی ڈالنے والا ہے۔ حکیم امیر چند نانک چند کھنڈہ (حکیم محمد غوث)

تریاق القلب نمبر204 حکیم منظور حسن سندھ دوا المسک نمبر204 آسان اور نہایت مفید (حکیم محمد غوث) (حکیم نانک چند) حکیم منظور

## امراض جگر و طحال

تریاق جگر و طحال نمبر209 (حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد)

شربت فولاد نمبر210 حکیم محمد انور) حکیم محمد غوث) (حکیم عبدالرشید)

اکسیر طحال نمبر225 مفید ثابت ہوا حکیم امیر نانک چند

شربت مبرد جگر نمبر213 حکیم رحمت اللہ سندر داس

شربت فولاد نمبر214 اعلیٰ چیز ہے۔ حکیم رحمت اللہ (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد اسحاق)

مقوی جگر و معدہ نمبر224 (حکیم محمد غوث) حکیم منظور احمد)

## امراض گردہ و مثانہ

سفوف اکسیر ذیابیطس نمبر230 دو مریض شفایاب ہوئے (حکیم مولوی محمد لطیف) (حکیم محمد غوث)

گولیاں برائے ذیابیطس نمبر231 مفید ثابت ہوا حکیم مولوی محمد لطیف (حکیم منظور احمد)

اکسیر درد گردہ نمبر227 حکیم محمد غوث

سفوف سنگ گردہ و مثانہ نمبر228 حکیم محمد غوث (حکیم منظور احمد)

## امراض مخصوصہ مردمان

کشتہ شنگرف نمبر261 پانچ مرتبہ بنایا تیر بہدف ثابت ہوا (حکیم ڈاکٹر خدا بخش صاحب) حکیم محمد غوث (حکیم محمد اسحٰق)

گولیاں مقوی باہ و ممسک نمبر273 (حکیم ڈاکٹر
... بخش) حکیم منظور حسن سندھ
... مقوی باہ و ممسک و ملذذ نمبر278 اسہال میں
... مفید ہے (حکیم منظور حسن سندھ)
... کمانی میں جادو اثر ہے۔ حکیم ڈاکٹر خدا
... حکیم فیض احمد، حکیم محمد غوث
گولیاں اکسیر باہ و امساک نمبر266 (حکیم ڈاکٹر
... بخش) (حکیم محمد غوث)
... شنگرف نمبر290 حکیم ڈاکٹر خدا بخش
... مس نمبر256 قوت باہ اور امساک کے لئے
... کامیاب ہے (حکیم برنجن سنگھ) (حکیم محمد
...)
... مقوی باہ نمبر289 تحریر سے دگنا سفید (حکیم
...) حکیم ڈاکٹر خدا بخش)
... گولیاں نمبر302 (حکیم ڈاکٹر خدا بخش)
... مغلظ نمبر295 (حکیم محمد اسحٰق) (حکیم محمد
...)
گولیاں برائے جریان نمبر303 مجرب ہیں (حکیم
... غوث) (حکیم مقبول الرحمٰن)
... چاندی و فولاد نمبر304 مجرب ہے۔ (حکیم
... غوث، حکیم محمد اسحٰق)

## امراض زناں

... پرسوت نمبر308 حکیم مولوی محمد لطیف
(حکیم محمد غوث)
... سنگ جراح نمبر302 حکیم گل حسین شاہ)
(حکیم رحمت اللہ)
... پرسوت نمبر307 عجیب تحفہ ہے (حکیم محمد
اسحٰق)
... کثرت حیض نمبر319 (حکیم ڈاکٹر خدا
بخش)
شربت مدر حیض ممبر313 بہت مجرب حکیم رحمت اللہ
معجون اختناق الرحم نمبر310 (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد اسحٰق)
سیلان الرحم حکیم منظور احمد، حکیم محمد اسحٰق، حکیم محمد غوث

## حمیات

تریاق بخار نمبر327 حکیم و سوندھا سنگھ 3 روز میں بخار کافور ہوتا ہے۔ میں ہمراہ نسخہ نمبر330 استعمال کرتا ہوں (حکیم سندر داس)
سفوف تپ کہنہ نمبر332 گیارہ دفعہ آزمایا کامیابی حاصل ہوئی (حکیم ڈاکٹر خدا بخش) (حکیم گل حسین شاہ)
شربت تپ صفراوی مرکب نمبر335 (حکیم سندر داس)
شربت تپ بلغمی نمبر329 دفعہ آزمایا تیر بہدف ثابت ہوا (حکیم ڈاکٹر خدا بخش)
تریاق مبارکی نمبر338 جامع الاوصاف عجیب نسخہ ہے۔ (حکیم محمد غوث) حکیم مانک خان

## امراض جلد و عام بدن

جوہر اکسیر آتشک نمبر348 (حکیم سوندا سنگھ، حکیم محمد غوث، سو فیصدی مفید ہے، حکیم محمد اسحٰق)
اکسیر مصفی خون نمبر239 (حکیم سوندھا سنگھ، حکیم محمد زمان)
علاج آتشک و جذام نمبر351 (حکیم راجہ شاہ، حکیم مولوی محمد لطیف)

... نمبر204 حکیم منظور حسن ...
... نمبر204 آسان اور نہایت ...
... غوث) (حکیم تانک چند) حکیم ...

## امراض جگر و طحال

... و طحال نمبر209 (حکیم ...
... غوث حکیم منظور احمد)
... ولاد نمبر210 حکیم محمد انور) ...
... حکیم عبدالرشید)
... نمبر225 مفید ثابت ہوا حکیم ...
... جگر نمبر213 حکیم رحمت اللہ ...
... س
... فولاد نمبر214 اعلیٰ چیز ہے۔ حکیم ...
... یم محمد غوث) (حکیم محمد اسحاق)
... جگر و معدہ نمبر224 (حکیم محمد غوث ...
... احمد)

## امراض گردہ و مثانہ

... اکسیر ذیابیطس نمبر230 دو مریض ...
... (حکیم مولوی محمد لطیف) (حکیم ...
... یاں برائے ذیابیطس نمبر231 مفید ...
... مولوی محمد لطیف (حکیم منظور احمد)
... یر درد گردہ نمبر227 حکیم محمد غوث
... ف سنگ گردہ و مثانہ نمبر228، حکیم ...
... یم منظور احمد)

## امراض مخصوصہ مرداں

... شتہ شنگرف نمبر261 پانچ مرتبہ ...
... بت ہوا (حکیم ڈاکٹر خدا بخش صاحب ...
... (حکیم محمد اسحٰق)

کالی دوا نمبر364 تیس مریضوں پر تجربہ ہوا مفید ہے (حکیم گل حسین شاہ، حکیم محمد غوث، حکیم عبدالرشید)

روغن اکسیر خارش نمبر345 سو فیصدی سفید ہے (حکیم برہان الدین)

صندل پوڈر نمبر340 سو فیصدی سفید ہے (حافظ نور الٰہی بہاولپور، حکیم رحمت اللہ، خارش و شبور اطفال کے لئے مجرب ہے (حکیم محمد غوث)

اکسیر سیلان دافع چھارو نمبر369 نہایت اکسیر ہے (حکیم محمد غوث)

اکسیر آتشک نمبر370 دو مریض شفایاب ہوئے (حکیم مولوی محمد لطیف) حکیم محمد غوث

روغن اکسیر داد نمبر344 مجرب و آزمودہ (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد زمان)

اکسیر خارش تر نمبر354 مجرب ہے۔ حکیم محمد اسحٰق، حکیم مانک خان

تریاق مارگزیدہ نمبر368 حکیم محمد غوث، حکیم منظور احمد

## متفرقات

ٹنکچر آیوڈین نمبر372 حکیم گل حسین شاہ، حکیم سندر داو

شفاء اطفال نمبر377 حد سے زیادہ فائدہ مند ہے (حکیم رحمت اللہ، حکیم سندر داس)

حابس الدم نمبر374 حکیم محمد غوث

حابس خون ہر قسم نمبر374 (حکیم مانک خان)

تریاق زہر سنکھیا نمبر375 (حکیم محمد غوث)

LIKE US ON facebook

Tibbi Books for Atiba Karam